ف: اس حدیث سے شعبان کے روزوں کی فضیلت معلوم ہوتی ہے کہ اس کے ایک یا دو روزے بعد دو روزے رکھنے کا حکم دیا۔ سرر ماہ کی جمع ہے جس کے معنی وسط ہیں۔ بعض شارحین نے کہا ہے کہ یہ سوال ہوگا کہ شعبان کے آخر میں روزے کی فضیلت کیسے ہوگی جبکہ رمضان سے ایک یا دو دن پہلے آپ نے روزے رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اس شخص کے لیے ہے جو شعبان کے آخر میں روزہ رکھنا ہو کیونکہ اس کے بعد رمضان سے ایک یا دو روز پہلے روزہ رکھنا منع ہے۔

بَابُ فَضْلِ صَوْمِ الْمُحَرَّمِ

۲۶۵ وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ حُمَيْدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ وَأَفْضَلُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْفَرِيضَةِ صَلَاةُ اللَّيْلِ۔

محرم کے روزوں کی فضیلت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان کے بعد سب سے افضل روزے اللہ کے مہینے محرم کے ہیں اور فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز تہجد کی نماز ہے۔

۲۶۵۲ - وَحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يَرْفَعُهُ قَالَ سُئِلَ أَيُّ الصَّلَاةِ أَفْضَلُ بَعْدَ الْمَكْتُوبَةِ وَأَيُّ الصِّيَامِ أَفْضَلُ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ قَالَ أَفْضَلُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَةِ الصَّلَاةُ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ وَأَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ صِيَامُ شَهْرِ اللّٰهِ الْمُحَرَّمِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ فرض نماز کے بعد کون سی نماز سب سے افضل ہے؟ اور ماہ رمضان کے بعد کس ماہ کے روزے سب سے افضل ہیں؟ آپ نے فرمایا فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز تہجد ہے اور ماہ رمضان کے بعد سب سے افضل روزے اللہ کے مہینے محرم کے ہیں۔

۲۶۵۳ وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ عَنْ حُسَيْنٍ حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ۔

ایک اور سند سے بھی ایسی روایت ہے۔

ف: اس باب کی احادیث سے علماء نے رمضان کے بعد سب سے افضل روزے محرم کے ہونے کا مسئلہ لیا ہے اور یہ اس لئے ہے کہ آپ کو محرم کی فضیلت کا علم آخر عمر میں ہوا تھا اور یہ اس لئے کہ آپ نے اس ماہ کی بڑی تعظیم کرتے ہوئے اس میں روزے رکھنے شروع کر دیئے تھے۔

بَابُ اِسْتِحْبَابِ صَوْمِ سِتَّةِ اَيَّامٍ مِنْ شَوَّالٍ اِتْبَاعًا لِرَمَضَانَ

رمضان شریف کے بعد شوال کے چھ روزوں کی فضیلت

۲۶۵۴- وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ جَمِيعًا عَنْ اِسْمٰعِيلَ قَالَ يَحْيَى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنِي سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ ذَبْيَانَ عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ اَنْصَارِيٍّ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنَّهُ حَدَّثَهُمْ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ اَتْبَعَهُ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ كَانَ كَصِيَامِ الدَّهْرِ.

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے رمضان شریف کے روزے رکھے اور پھر اس کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے تو یہ ہمیشہ روزے رکھنے کی مثل ہے۔

۲۶۵۵- وَحَدَّثَنَاهُ اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ اَخُو يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ ثَابِتٍ اَخْبَرَنِي اَبُو اَيُّوبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ.

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے مثل سابق ہے۔

۲۶۵۶ وَحَدَّثَنَاهُ اَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ ابْنَ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اَيُّوبَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ.

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ..... اس کے بعد مثل سابق ہے۔

شوال کے چھ روزوں میں مذاہب اربعہ

علامہ نووی نے یہ ان احادیث میں امام شافعی رحمہ اللہ اور داؤد وظاہریہ کے مذہب پر صریح دلالت ہے جو ان کے قول ہیں کہ رمضان کے بعد چھ روزے رکھنے مستحب ہیں۔ امام مالک اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک یہ روزے مکروہ ہیں۔ امام مالک نے موطا میں لکھا ہے کہ میں نے اہل علم میں سے کسی کو یہ روزے رکھتے نہیں پایا اور انہوں نے کہا ہے کہ یہ روزے رکھنا اس لیے مکروہ ہیں کہ کوئی شخص ان کے وجوب کا گمان نہ کرے۔

امام شافعی اور ان کے موافقین کی دلیل یہ احادیث ہیں جو کہ جیسا سنت سے ثابت ہوتا ہے فریضہ، کثیر، یا نافلہ کے قول کی خلاف پتہ کہ ہیں کی جا سکتی رہا ان کا یہ قول کہ شوال کے چھ روزے سنت

خطرہ ہے کہ ان کے وجوب کا گمان نہ کر لیا جائے تو یہ قول حنفیہ اور عاشورہ کے روزے میں بھی جاری ہو سکتا ہے جب کہ وہ بالاتفاق مستحب ہیں۔ ہمارے اصحاب کا قول یہ ہے کہ عید الفطر کے بعد یہ چھ روزے پے در پے اور متواتر رکھنے چاہئیں اور اگر یہ روزے متفرق کر کے رکھے یا شوال کے آخر میں رکھے جو ہیں تب بھی فضیلت حاصل ہو جائے گی کیونکہ بہرحال یہ روزے شوال میں رکھے گئے ہیں۔ علماء کہتے ہیں کہ یہ چھ روزے تمام روزے رکھنے کے برابر اس لیے ہوں گے کہ ایک نیکی کا دس گنا اجر ہوتا ہے۔ تیس روزے رمضان کے اور چھ روزے مل کر چھتیس روزے ہوئے اور دس سے ضرب دینے کے بعد حاصل ضرب تین سو ساٹھ ہوئے اور چونکہ سال میں عموماً تین سو ساٹھ دن ہوتے ہیں اس لیے جو شخص رمضان کے بعد شوال کے یہ چھ روزے رکھ لیتا ہے اس کو تین سو ساٹھ روزے رکھنے کا اجر مل جائے گا۔ [1]

احناف کے مذہب کی وضاحت

امام ابوحنیفہ نے عید منظر کے بعد شوال کے چھ روزے رکھنے کو مطلقاً مکروہ قرار دیا ہے خواہ متصل رکھے جائیں یا متفرق تاکہ فرض پر زیادتی کے ساتھ تشبیہ نہ ہو، اور امام ابو یوسف نے متصل طور پر شوال کے چھ روزوں کو مکروہ قرار دیا ہے اور متفرق طور پر ان چھ روزوں کو مستحب اور غیر مکروہ قرار دیا ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ فقہاء احناف عموماً حدیث کی پیروی کرتے ہیں اور کوئی امام ابوحنیفہ کا کوئی قول حدیث صحیح کے خلاف ہو تو امام کے قول کی بجائے حدیث ہی کی پیروی کرتے ہیں امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے اس قول سے یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ یہ حدیث ان تک نہیں پہنچ سکی یا یہ حدیث ان کے نزدیک ثابت اور قابل عمل نہیں تھی، امام مالک نے بھی شوال کے چھ روزوں کو مکروہ کہا ہے لیکن مالکی علماء نے بھی امام مالک کے قول پر نہیں بلکہ حدیث صحیح (صلی اللہ علیہ وسلم) پر عمل کیا ہے۔ علامہ دردیر مالکی لکھتے ہیں: شوال کے چھ روزوں کے متعلق یہ حدیث ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے رمضان کے روزے رکھے پھر ان کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے، یہ ایسا ہے جیسا کہ اس نے سال بھر روزے رکھنے کی مثل ہے۔ امام مالک سے ان کو مکروہ کہا ہے اس حدیث کی بنا پر کہ لوگ غیر رمضان کو رمضان میں شامل نہ کر لیں یا ان تک یہ حدیث نہیں پہنچی اور یا یہ حدیث ان کے نزدیک صحیح نہیں تھی اور زیادہ قوی امام اعظم کی طرف سے بھی یہی قول پیش کیا جا سکتا ہے۔

علامہ زین ابن نجیم لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ کے نزدیک شوال کے چھ روزے کیوں مکروہ ہیں؟ ان کے ساتھ متصل اور امام ابو یوسف سے یہ روایت ہے کہ اگر یہ روزے متصل رکھے جائیں تو مکروہ ہیں اور اگر متفرق رکھے جائیں تو مکروہ نہیں ہیں لیکن عام متاخرین کے نزدیک شوال کے چھ روزوں میں متصل اور متفرق رکھنے میں کوئی فرق نہیں ہے۔ [2]

---

[1] علامہ عینی بن احمد بن موسیٰ حنفی متوفی ۸۵۵ھ شرح مسند ج ۳ ص ۳۶۹ مطبوعہ مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز مکہ مکرمہ ۱۴۱۸ھ

[2] قاضی ابوالولید ابن رشد مالکی متوفی ۵۹۵ھ بدایۃ المجتہد ج ۱ ص ۲۲۵ مطبوعہ دار الفکر بیروت۔

[3] علامہ زین الدین ابن نجیم حنفی متوفی ۹۷۰ھ البحر الرائق ج ۲ ص ۲۵۸ مطبوعہ مکتبہ ماجدیہ کوئٹہ۔

علامہ حلبی نے اس عبارت پر یہ حاشیہ لکھا ہے: علامہ قاسم نے اپنے فتاوی میں تمام متاخرین کی عبارتوں کا رد کیا ہے جنھوں نے کراہت کے قول کو صحیح قرار دیا ہے اور فتح القدیر میں ہے کہ اصل یہ ہے کہ یہ روزے متصل رکھے جائیں اور ایک قول تفریق کا بھی ہے[1]

عالم گیری میں اخیر عبارت نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ زیادہ صحیح یہ ہے کہ شوال کے چھ روزے متصلاً رکھنا مکروہ نہیں ہے[2]۔

علامہ طحطاوی نے تنویر الابصار کے حوالے سے لکھا ہے کہ شوال کے چھ روزوں کو متفرق رکھنا مستحب ہے اور متصلاً رکھنا مکروہ نہیں ہے[3]

علامہ شرنبلالی نے لکھا ہے کہ شوال کے چھ روزے رکھنا مستحب ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے رمضان کے روزے اور چھ دن کے بعد چھ روزے رکھے وہ ہمیشہ رکھنے والے کی مثل ہے یعنی مثلاً جس سے کہ مسلسل روزے رکھنا افضل ہے کیونکہ آپ نے فرمایا [illegible] عید کے بعد چھ روزے رکھے، یا متفرق طور پر روزے رکھنا افضل ہے تاکہ فرض پوری ادائی کرنے میں اہل کتاب کی مخالفت ہو[4]

شوال کے چھ روزے متفرق رکھنا مستحب ہے، اگر یہ روزے مسلسل رکھے جائیں پھر بھی مذہب حنفی کے مطابق مکروہ نہیں ہے۔ حاوی، امام ابو یوسف سے مسلسل روزے رکھنے کو مکروہ فرمایا ہے کیونکہ لوگ اسے جب عید کے دن کا روزہ رکھنے کے بعد سے پے در پے روزے رکھنے کے گمان کرتے ہیں اگر عید کے بعد چھ مسلسل یہ روزے رکھے تو مکروہ نہیں ہے بلکہ مستحب اور مسنون ہے[5]۔

عبارت کا ترجمہ مکمل علامہ کاسانی کا ہے جو مفتی بہ ہے ملاحظہ فرمائیں

ملک العلماء علامہ کاسانی فرماتے ہیں:

و منها اتباع رمضان بست من
شوال لما روى ابو يوسف بإسناده
الى رسول الله صلى الله عليه وسلم
انه قال من صام رمضان وأتبعه
ستا من شوال كان كصيام الدهر
وروى عن ابي يوسف ان صوم
الدهر ان يتبع رمضان ستة من شوال
وانما كره اتباعه رمضان بلا فصل
لئلا يظن الجاهل وجوبه او لئلا
يلحق برمضان ما ليس منه و
الفصل بيوم او يومين كاف

شوال کے چھ روزے بھی مکروہ [illegible]
میں داخل ہیں اور یہ ابو یوسف کا بھی قول ہے
[illegible] رمضان کے بعد روزے رکھنے والا
کے اندیشے سے مکروہ سمجھتے ہیں
[illegible] جاہل سے
[illegible] چھ روزے رکھنے کو [illegible]

---

[1] علامہ حسن بن عمار بن علی شرنبلالی متوفی ۱۰۶۹ھ، مراقی الفلاح شرح نور الایضاح ص ۴۵۸ مطبوعہ کتب خانہ [illegible]

[2] ملا نظام الدین متوفی ۱۱۶۱ھ [illegible] ص ۲۰ مطبوعہ مطبعہ کبری امیریہ بولاق مصر ۱۳۱۰ھ

[3] علامہ [illegible] متوفی ۷۹ [illegible] حاشیہ طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۶۰۰ مطبوعہ مطبع مصطفی [illegible]

[4] علامہ حسن بن عمار بن علی شرنبلالی متوفی ۱۰۶۹ھ، مراقی الفلاح ص ۶۰۰ مطبوعہ مطبع مصطفی بابی مصر [illegible]

[5] علامہ علاؤ الدین ابی بکر بن مسعود کاسانی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۲ ص ۷۹ مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ [illegible] ۱۳۲۷ھ

يبلغنا عن احد من السلف وان اهل العلم يكرهون ذلك ويخافون بدعته وان يلحق اهل الجفاء برمضان ما ليس منه والاتباع المكروه هو ان يصوم يوم الفطر ويصوم بعده خمسة ايام فاما اذا افطر يوم العيد فصام بعده ستة ايام فليس بمكروه بل هو مستحب وسنة [1]

کسی عالم دین سے یہ روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا اور نہ سلف سے اس کے متعلق ہمیں کوئی روایت پہنچی ہے اور اہل علم ان روزوں کو مکروہ سمجھتے تھے [illegible] لوگوں کی اس بدعت سے ڈرتے تھے کہ [illegible] زیادتی نہ کر دیں اور غیر رمضان کو رمضان میں شامل کر دیں۔ رمضان کے بعد اس طرح چھ روزے رکھنا مکروہ ہے کہ عید الفطر کے دن ایک روزہ رکھے اور اس کے بعد پانچ روزے رکھے۔ لیکن اگر عید کے دن افطار کیا اور اس کے بعد چھ روزے رکھے تو یہ مکروہ نہیں ہے بلکہ مستحب اور سنت ہے۔

بَابُ ۳۴ فَضْلِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَبَيَانِ مَحَلِّهَا

شب قدر کی فضیلت اور اس کے وقوع کا بیان

۲۶۵۷ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رِجَالًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُرُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْمَنَامِ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَى رُؤْيَاكُمْ قَدْ تَوَاطَأَتْ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ فَمَنْ كَانَ مُتَحَرِّيَهَا فَلْيَتَحَرَّهَا فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ صحابہ کو [illegible] خواب میں دکھائی گئی کہ لیلۃ القدر خواب میں آخری سات راتوں کے موافق ہے۔ پس جو شخص لیلۃ القدر کو تلاش کرنا چاہے وہ آخری سات راتوں میں تلاش کرے۔

۲۶۵۸ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب قدر کو [illegible] سات راتوں میں تلاش کرو۔

۲۶۵۹ - وَحَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رمضان کی [illegible] شب میں [illegible]

---

[1] علامہ علاء الدین ابوبکر بن مسعود کاسانی متوفی ۵۸۷ھ، بدائع الصنائع ج ۲ ص ۷۹، مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی پاکستان

عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَأَى رَجُلٌ أَنَّ لَيْلَةَ الْقَدْرِ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ فَقَالَ أَشَيْءٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُمُوهُ فِي لَيْلَةِ كَذَا فَطَبَقَ فِي سَبْعٍ مِنْهَا.

خواب میں دیکھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہیں دیکھتا ہوں کہ تمہارا خواب آخری دس دنوں میں متفق ہے پس لیلۃ القدر کو آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔

۲۶۶۰- وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ أَبَاهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِلَيْلَةِ الْقَدْرِ إِنْ نَاسًا مِنْكُمْ قَدْ رَأَوْا أَنَّهَا فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ فَمَنْ كَانَ مُتَحَرِّيهَا فَلْيَتَحَرَّهَا فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لیلۃ القدر کے بارے میں فرمایا تم میں سے کچھ لوگوں نے شب قدر کو خواب میں دیکھا اور کچھ لوگوں نے آخری سات دنوں میں دیکھا تو اس کو رمضان کے آخری دس دنوں میں تلاش کرو۔

۲۶۶۱- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ وَهُوَ ابْنُ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ يَعْنِي لَيْلَةَ الْقَدْرِ قَالَ شُعْبَةُ أَحَدُكُمْ أَوْ عَنْ أَحَدِكُمْ وَلَكِنْ يَغْلِبُنِي اسْتِيعَابُ حَدِيثِهِ.

شعبہ بن سلمہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب قدر کو آخری عشرہ میں تلاش کرو یعنی لیلۃ القدر کو شعبہ نے کہا تم میں سے کسی نے کسی سے یا تم میں سے کسی نے کسی سے لیکن میرا حافظہ اس کی حدیث کے استیعاب میں سستی نہ کرے۔

۲۶۶۲- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ جَبَلَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ مُتَحَرِّيهَا فَلْيَتَحَرَّهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص شب قدر کو ڈھونڈنا چاہتا ہے وہ اس کو (رمضان کے) آخری عشرے میں تلاش کرے۔

۲۶۶۳- وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ وَهُوَ ابْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَيَّنُوا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ شب قدر کو (رمضان کے) آخری عشرے یا آخری ہفتے میں تلاش کرو۔

بَيْنَهُ عَقَدَ رِيحٍ تَحْتَهُ لَوَجِيرٍ وَقَتَ فِي السَّبْعِ الْأَوَاخِرِ۔

۲۶۶۴ - وَحَدَّثَنِي بِهِ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنِّي نَسِيتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَهِيَ فِي صَبِيحَتِهَا فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْغَوَابِرِ وَقَالَ حَرْمَلَةُ فَنَسِيتُهَا۔

۲۶۶۵ - وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا بَكْرٌ وَهُوَ ابْنُ مُضَرَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَاوِرُ فِي الْعَشْرِ الَّتِي فِي وَسْطِ الشَّهْرِ فَإِذَا كَانَ مِنْ حِينِ يُمْسِي عِشْرُونَ لَيْلَةً وَيَسْتَقْبِلُ إِحْدَى وَعِشْرِينَ يَرْجِعُ إِلَى مَسْكَنِهِ وَرَجَعَ مَنْ كَانَ يُجَاوِرُ مَعَهُ وَإِنَّهُ أَقَامَ فِي شَهْرٍ جَاوَرَ فِيهِ تِلْكَ اللَّيْلَةَ الَّتِي كَانَ يَرْجِعُ فِيهَا فَخَطَبَ النَّاسَ فَأَمَرَهُمْ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ قَالَ إِنِّي كُنْتُ أُجَاوِرُ هٰذِهِ الْعَشْرَ ثُمَّ بَدَا لِي أَنْ أُجَاوِرَ هٰذِهِ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ فَمَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعِي فَلْيَثْبُتْ فِي مُعْتَكَفِهِ وَقَدْ رَأَيْتُ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ فَأُنْسِيتُهَا فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فِي كُلِّ وِتْرٍ وَقَدْ رَأَيْتُنِي أَسْجُدُ فِي مَاءٍ وَطِينٍ فَكَانَ بِنُ سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ مُطِرَ لَيْلَةَ إِحْدَى وَعِشْرِينَ فَوَكَفَ الْمَسْجِدُ فِي مُصَلَّى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے خواب میں شب قدر دکھائی گئی پھر مجھے گھر کے کسی فرد نے جگا دیا پس شب قدر کو بھول گیا۔ اب اس کو آخری دس دنوں میں تلاش کرو۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے درمیانی عشرہ میں اعتکاف کرتے تھے پھر جب میں آپ کے پاس آیا اور لوگوں سب کی آمد ہوئی تو آپ نے فرمایا میں اس رات کے ساتھ جو مجھے دکھائی گئی تھی پھر بھول گیا تھا اب تم اس کو آخری عشرہ میں تلاش کرو پس جو شخص میرے ساتھ اعتکاف کرتا ہے وہ اعتکاف میں رات بسر کرے۔ مجھے شب قدر دکھائی گئی تھی پھر بھلا دی گئی تم اس کو آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو میں نے خواب میں دیکھا کہ میں پانی اور مٹی میں سجدہ کر رہا ہوں۔ حضرت ابوسعید خدری نے کہا اکیسویں شب میں بارش ہوئی اور مسجد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مصلی کی جگہ پانی ٹپکا جب آپ صبح کی نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے آپ کی طرف

زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَسَتَرَتْ عَلَيْهِ فَصَرَفَ بَصَرَهُ حَتَّى انْصَرَفَتْ فَلَمَّا انْصَرَفَتْ نَظَرَ فَإِذَا الْمَطَرُ قَدْ سَالَ عَلَى بِنَاءِ الْمَسْجِدِ وَهُوَ مِنْ جَرِيدٍ فَأَبْصَرْتُ عَيْنَاهُ وَأَنْفُهُ يَنْضَحُ الْمَاءَ وَالطِّينَ

دیکھا۔ ــــــ آپ کے چہرۂ مبارک پر پانی اور مٹی لگی ہوئی تھی۔

۲۶۶۶ ـ وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ عَنْ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَاوِرُ فِي رَمَضَانَ الْعَشْرَ الَّتِي فِي وَسَطِ الشَّهْرِ وَسَاقَ نَحْوَ حَدِيثِهِمْ بِمِثْلِ مَعْنَاهُ قَالَ فَصَبَّحَ صَبِيحَةَ عِشْرِينَ فَقَامَ وَخَطَبَنَا وَذَكَرَ حَدِيثَهُمْ بِمَعْنَاهُ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان مبارک کے درمیانی عشرہ میں اعتکاف کرتے تھے۔ اس کے بعد حسب سابق روایت ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ آپ نے فرمایا جس نے اعتکاف کیا وہ اپنی جائے اعتکاف میں رہے راوی کہتے ہیں درآں حالیکہ آپ کی پیشانی مبارک پانی اور مٹی سے آلودہ تھی۔

۲۶۶۷ ـ وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مِينَاءَ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ بْنُ عَازِبٍ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ زَيْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَكَفَ الْعَشْرَ الْأَوَّلَ مِنْ رَمَضَانَ ثُمَّ اعْتَكَفَ الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ فِي قُبَّةٍ تُرْكِيَّةٍ عَلَى سُدَّتِهَا حَصِيرٌ فَأَخَذَ الْحَصِيرَ بِيَدِهِ فَنَحَّاهَا فِي نَاحِيَةِ الْقُبَّةِ ثُمَّ أَطْلَعَ رَأْسَهُ فَكَلَّمَ النَّاسَ فَدَنَوْا مِنْهُ فَقَالَ إِنِّي اعْتَكَفْتُ الْعَشْرَ الْأَوَّلَ الْتَمِسُ هَذِهِ اللَّيْلَةَ ثُمَّ اعْتَكَفْتُ الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ ثُمَّ أُتِيتُ فَقِيلَ لِي إِنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يَعْتَكِفَ فَلْيَعْتَكِفْ فَاعْتَكَفَ النَّاسُ مَعَهُ قَالَ وَإِنِّي أُرِيتُهَا لَيْلَةَ وِتْرٍ وَإِنِّي أَسْجُدُ صَبِيحَتَهَا فِي طِينٍ وَمَاءٍ فَصَبِيحَةَ مِنْ لَيْلَةِ إِحْدَى وَعِشْرِينَ وَقَدْ قَامَ إِلَى الصُّبْحِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان مبارک کے پہلے عشرے میں اعتکاف کیا پھر ایک ترکی قبہ میں درمیانی عشرے میں اعتکاف کیا جس کے دروازے پر چٹائی لگی ہوئی تھی آپ نے چٹائی کو ہاتھ سے ہٹا کر کھڑکی کے بیچ کونے میں کر دیا پھر سر نکال کر لوگوں سے مخاطب ہوئے تو لوگ آپ کے قریب ہو گئے۔ آپ نے ان سے فرمایا: میں اس رات کی تلاش میں پہلے عشرے میں اعتکاف کرتا تھا پھر میں درمیانی عشرے میں اعتکاف میں بیٹھا پھر میرے پاس کوئی آنے والا آیا اور اس نے کہا کہ تم جس رات کی تلاش میں ہو وہ آخری عشرے میں ہے پس تم میں سے جو شخص اعتکاف کرے لوگوں نے آپ کے ساتھ اعتکاف کیا آپ نے فرمایا میں نے شب قدر کو خواب میں دیکھا ہے اور میں نے شب قدر کے بعد کی صبح کو اپنے آپ کو پانی اور مٹی میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے پس جو شخص میرے ساتھ اعتکاف کر رہا تھا وہ واپس لوٹ آئے چنانچہ میں نے آسمان پر بدلی دیکھی جو بہت جلد برسنے لگی پس اللہ کی قسم میں نے پانی ٹپکتا دیکھا جب آپ صبح کی نماز سے فارغ ہوئے تو آپ کی پیشانی اور ناک کیچڑ اور پانی سے بھری ہوئی تھی

فَمُطِرَتِ السَّمَاءُ فَوَكَفَ الْمَسْجِدُ فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَخَرَجَ حِينَ فَرَغَ مِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ وَجَبِينُهُ وَرَوْثَةُ أَنْفِهِ فِيهِمَا الطِّينُ وَالْمَاءُ وَإِذَا هِيَ لَيْلَةُ إِحْدَى وَعِشْرِينَ مِنَ الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ۔

پانی اور مٹی سے آلودہ تھے اور یہ آخری عشرہ کی اکیسویں صبح تھی۔

۲۶۶۸ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُثَنًّى حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ تَذَاكَرْنَا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَقُلْتُ بَلْ سَعِيدٌ الْخُدْرِيُّ وَكَانَ لِي صَدِيقًا قَدْ خَرَجْتُ كَمَا تَخْرُجُ وَنَحْنُ بِمَكَّةَ وَقَدْ حَمَلْتُ لَهُ سَبْعُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَقُلْتُ نَعَمْ وَشَكَكْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَشْرَ الَّتِي فِي وَسَطِ الشَّهْرِ فَخَرَجَتْ صَبِيحَةَ عِشْرِينَ فَصَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ فِي بَقِيَّةِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَإِنِّي نَسِيتُهَا أَوْ نُسِّيتُهَا فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ وِتْرٍ وَإِنِّي رَأَيْتُ أَنِّي أَسْجُدُ فِي مَاءٍ وَطِينٍ فَمَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْيَرْجِعْ فَرَجَعْنَا وَمَا نَرَى فِي السَّمَاءِ قَزَعَةً فَجَاءَتْ سَحَابَةٌ فَمُطِرْنَا حَتَّى سَالَ سَقْفُ الْمَسْجِدِ وَكَانَ مِنْ جَرِيدٍ النَّخْلِ فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فِي الْمَاءِ وَالطِّينِ قَالَ حَتَّى رَأَيْتُ أَثَرَ الطِّينِ فِي جَبْهَتِهِ۔

ابو سلمہ کہتے ہیں کہ ہم نے کہیں لیلۃ القدر کا ذکر کیا، چنانچہ میں اپنے دوست حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، اور ان سے کہا کہ کیا آپ ہمارے ساتھ کھجوروں کے باغ تک نہیں چلتے؟ وہ میرے ساتھ چلے گئے (راستہ میں) انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لیلۃ القدر کا ذکر سنا ہے، اور اللہ کی قسم ہاں تک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رمضان کے درمیانی عشرہ میں اعتکاف کیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیس کی صبح کو اعتکاف کیا اور ہم نے بھی اعتکاف کیا۔ پھر جبریل آئے اور ہم سے کہا کہ تم جس کام کے لئے آئے ہو وہ تمہارے سامنے ہے۔ پھر ہم نے اعتکاف کیا اور ہم نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پانی اور مٹی میں سجدہ کر رہے ہیں، حتیٰ کہ میں نے آپ کی مبارک پیشانی پر مٹی کے نشان دیکھے۔

۲۶۶۹ - وَحَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ ح وَحَدَّثَنَا

ایک اور سند سے بھی یہ روایت ہے کہ میں نے کہا کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے

[illegible] حَدَّثَنَا
أَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا [illegible] عَنْ
يَحْيَى ابْنِ أَبِي كَثِيرٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ
وَفِي حَدِيثِهِمَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ حِينَ انْصَرَفَ وَعَلَى جَبْهَتِهِ وَأَرْنَبَتِهِ
[illegible]

۲۶۰۰ وَحَدَّثَنَا [illegible] مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ
بْنُ خَلَّادٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا
سَعِيدٌ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ
رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ اعْتَكَفَ رَسُولُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَشْرَ الْأَوَاسِطَ مِنْ
رَمَضَانَ يَلْتَمِسُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ قَبْلَ أَنْ تُبَانَ
لَهُ فَلَمَّا مَضَيْنَ أَمَرَ بِالْبِنَاءِ فَقُوِّضَ
ثُمَّ نَبِّئْتُ أَنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ فَأَمَرَ
بِالْبِنَاءِ فَأُعِيدَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَى النَّاسِ
فَقَالَ بِأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ كَانَتْ نُبِّئْتُ
لَيْلَةُ الْقَدْرِ وَإِنِّي خَرَجْتُ لِأُخْبِرَكُمْ
بِهَا فَجَاءَ رَجُلَانِ يَحْتَقَّانِ مَعَهُمَا الشَّيْطَانُ
فَنَسِيتُهَا فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ
مِنْ رَمَضَانَ الْتَمِسُوهَا فِي التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ
وَالْخَامِسَةِ قُلْتُ يَا أَبَا سَعِيدٍ إِنَّكُمْ
أَعْلَمُ بِالْعَدَدِ مِنَّا قَالَ أَجَلْ نَحْنُ أَحَقُّ
بِذٰلِكَ مِنْكُمْ قُلْتُ مَا التَّاسِعَةُ وَالسَّابِعَةُ
وَالْخَامِسَةُ قَالَ إِذَا مَضَتْ وَاحِدَةٌ وَ
عِشْرُونَ فَالَّتِي تَلِيهَا ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِينَ
وَهِيَ التَّاسِعَةُ فَإِذَا مَضَتْ ثَلَاثٌ وَعِشْرُونَ
فَالَّتِي تَلِيهَا السَّابِعَةُ وَهِيَ مَعَهَا خَمْسٌ وَ
عِشْرُونَ وَالَّتِي تَلِيهَا الْخَامِسَةُ وَكَانَ
حَدِّثْ بِهَا بِحَقِّقٍ بِخَمْسِهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان شریف کے درمیانی عشرے میں اعتکاف کیا، جس میں آپ لیلۃ القدر کا علم دیے جانے سے پہلے اس کو تلاش کرتے تھے، جب درمیانی [illegible] آپ کو بتلایا گیا کہ لیلۃ القدر آخری [illegible] کا حکم دیا پھر آپ [illegible] تھا۔ پھر دو شخص لڑتے ہوئے آئے جن کے ساتھ شیطان تھا [illegible] اور پانچویں رات میں ڈھونڈو۔ راوی کہتے ہیں میں نے کہا: اے ابو سعید! ہم لوگوں کی بہ نسبت اس گنتی کو تم زیادہ [illegible] ہم زیادہ حقدار ہیں، راوی کہتے ہیں میں نے کہا نویں ساتویں اور پانچویں سے کیا مراد ہے؟ انھوں نے کہا جب اکیسویں گذر جائے اور اس کے بعد بائیسویں آئے تو وہ نویں سے مراد ہے اور جب تیئسویں گذر جائے اس کے بعد جو شب آئے گی وہ ساتویں سے مراد ہے اور جب پچیسویں گذر جائے اور اس کے بعد جو رات ہو وہ پانچویں سے [illegible]

۲۶۰۱ - وَحَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ بْنِ إِسْحَقَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ أُنَيْسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أُنَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنِّي أُرِيتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ ثُمَّ أُنْسِيتُهَا وَإِنِّي أَسْجُدُ فِي صَبِيحَتِهَا فِي مَاءٍ وَطِينٍ قَالَ فَمُطِرْنَا لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ فَصَلَّى بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْصَرَفَ وَإِنَّ أَثَرَ الْمَاءِ وَالطِّينِ عَلَى جَبْهَتِهِ وَأَنْفِهِ قَالَ وَكَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ أُنَيْسٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ يَقُولُ ثَلَاثٌ وَعِشْرِينَ.

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے شب قدر دکھائی گئی پھر بھلا دی گئی، میں صبح کو پانی اور مٹی میں سجدہ کر رہا تھا شب قدر کی صبح کو بارش ہوئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی پس آپ نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو آپ کی پیشانی اور ناک پر پانی اور مٹی کے نشان تھے۔ حضرت عبداللہ بن انیس ابن انیس کہتے ہیں کہ تیئسویں شب بارش ہوئی اور تیئسویں شب کو شب قدر کہتے تھے۔

۲۶۰۲ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ الْتَمِسُوا وَقَالَ وَكِيعٌ تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب قدر کو رمضان کے آخری عشرے میں تلاش کرو۔

۲۶۰۳ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا وَقَالَ ابْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدَةَ وَعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ سَمِعَ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ يَقُولُ سَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ فَقُلْتُ إِنَّ أَخَاكَ ابْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ يَقُولُ مَنْ يَقُمِ الْحَوْلَ يُصِبْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَقَالَ رَحِمَهُ اللهُ أَرَادَ أَنْ لَا يَتَّكِلَ النَّاسُ

زر بن حبیش کہتے ہیں کہ میں نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے کہا: تمہارے بھائی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص سارا سال قیام کرے گا وہ لیلۃ القدر کو پائے گا، حضرت کعب نے کہا ابن مسعود پر رحم فرمائے۔ ان کا ارادہ یہ تھا کہ کہیں لوگ ایک رات پر تکیہ کر کے نہ بیٹھ جائیں (بلکہ سارا سال عبادت میں مشغول رہیں) حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ لیلۃ القدر رمضان میں ہے اور رمضان کے آخری عشرے میں ہے اور وہ رمضان کی ستائیسویں رات ہے

لَا يَشُكُّ النَّاسُ أَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ أَوْ أَخِرُ لَيْلَةٍ مِنْ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ ثُمَّ حَدَّثَنَا لَا يَسْتَثْنِي أَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ فَقُلْتُ بِأَيِّ شَيْءٍ تَقُولُ ذٰلِكَ يَا أَبَا الْمُنْذِرِ قَالَ بِعَلَامَةٍ أَوْ بِآيَةٍ أَخْبَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا تَطْلُعُ يَوْمَئِذٍ لَا شُعَاعَ لَهَا

سے جو انھوں نے بغیر اس کے کہ ... رمضان کی ستائیسویں شب میں سے ... منذر یہ بات اتنے یقین سے کس ... انھوں نے کہا اس دلیل یا اس نشان کی بنا ... صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بتلائی تھی ... رات کے بعد جب سورج طلوع ہوتا ہے ... نہیں ہوتیں۔

۲۶۷۴- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا ... مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ... عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ ... سَمِعْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ ... عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ... قَالَ وَقَالَ أُبَيٌّ فِي لَيْلَةِ ... قَالَ شُعْبَةُ وَأَكْبَرُ عِلْمِي هِيَ اللَّيْلَةُ ... رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... هِيَ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ وَثَمَانِ ... فِي هٰذَا الشَّهْرِ هِيَ لَيْلَةُ ... رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... حَدَّثَنِيهَا صَاحِبُهُ أَوْ ... حَدَّثَنِيهِ

زر بن حبیش کہتے ہیں کہ حضرت ابی بن کعب رضی ... اور شعبہ ... کی حدیث روایت کی ہے ... فرمایا مجھے ... اللہ ... اس بات پر ... ہے ... ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ... فرمایا تھا ... رمضان کی ستائیسویں شب ... کہ ... یقین ... اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ... ہے ... الفاظ اسی طرح نقل کیے ہیں۔

۲۶۷۵- وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدٍ ... أَبِي عُمَرَ وَأَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ ... بَزِيدَ وَهُوَ ابْنُ كَيْسَانَ ... أَبِي حَازِمٍ عَنْ ... أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ... لَيْلَةَ الْقَدْرِ ... رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... أَيُّكُمْ يَذْكُرُ حِينَ ... وَهُوَ مِثْلُ شِقِّ جَفْنَةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ... ایک مرتبہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ... شب قدر کا تذکرہ کیا ... سے ... سے، شب قدر اس شب میں ... کے ایک ٹکڑے کی طرح طلوع ہوتا ...

لیلۃ القدر کا لغوی اور عرفی معنی

لیلۃ القدر میں لفظ قدر کے ... کہتے ہیں قدر کا ایک معنی قدرت ہے کسی فعل کے کرنے یا کرنے ... سے اپنے آپ کو روکنے کی طاقت کو قدرت کہتے ہیں۔ جب قدرت اللہ تعالیٰ کی صفت ہو تو اس سے ... اور

لیلۃ القدر کے فضائل

افضل ہے[1] واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

علامہ قرطبی کسب اختیار کرنے سے متعلق [illegible] اس زمانے کے نبی کو وحی کی کہ اس بادشاہ سے کہہ کر فلاں [illegible] کے ساتھ جہاد کریں اللہ تعالیٰ [illegible] تیار کیا [illegible] اور دوست کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں [illegible] جانا۔ جب تک [illegible] تو وہ [illegible] شہید ہو گئے پھر وہ [illegible] کی طرح تو کوئی بھی عبادت نہیں کر سکتا تو اللہ تعالیٰ نے [illegible] یہی بات صدر کی علامت اس بادشاہ جیسی ہے [illegible] اور جہاد کی علامتوں سے [illegible]

علامہ قرطبی [illegible] علامت ہے کہ [illegible] علامت ہے [illegible] مسلمانوں کی [illegible] حفاظت نہیں کر سکتے [illegible] اللہ فرمانی اور [illegible] مدبرات امور [illegible] جیسا کہ [illegible] شمس [illegible] جاتی ہے نہ کوئی اضافہ ہوتا[2]۔

علامہ آلوسی [illegible] اقوال میں سب سے [illegible] ل ات سے [illegible]

علامہ آلوسی حنفی [illegible]

[illegible] علامہ سید محمود آلوسی حنفی متوفی [illegible]

۲۔ [illegible] ۳۔ [illegible] الجامع لاحکام القرآن جزء ۲۰ ص ۱۳۲۔ ۱۳۲۔

۴۔ [illegible] الجامع لاحکام القرآن جزء ۲۰ ص ۱۳۰۔

۵۔ علامہ سید محمود آلوسی حنفی متوفی [illegible]

[illegible]

فرشتوں کو زمین پر نازل کرنے کی حکمتیں

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اگر یہ کہا جائے کہ ہمارے اس قدر گناہوں کے باوجود فرشتے ہم سے ملاقات کی تمنا کیوں کرتے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ فرشتوں کو ہمارے گناہوں کا علم نہیں ہوتا کیونکہ جب وہ روح محفوظ کا مطالعہ کرتے

ث۔ علامہ سید محمود آلوسی حنفی متوفی ۱۲۷۰ھ، روح المعانی جز ۳۰ ص ۹۲ مطبوعہ دار احیاء التراث العربیہ بیروت

ش۔ علامہ فخر الدین رازی متوفی ۶۰۶ھ تفسیر کبیر ج ۸ ص ۴۴۶ مطبوعہ دار الفکر بیروت طبع اول ۱۳۹۸ھ

ہیں تو مسلمانوں کی عبادت کو تفصیل کے ساتھ پڑھتے ہیں اور جب گناہوں پر پہنچتے ہیں تو [illegible] اور اس وقت فرشتوں کی زبان سے بے اختیار یہ کلمات نکلتے ہیں "سبحان اللہ وہ ذات جس نے بندوں کے گناہوں کو چھپایا ہوا ہے"[1]

گویا یہ بھی عبادت ہے فرشتے خود عبادت سے مالا مال ہیں، تسبیح تقدیس اور تہلیل کے [illegible] کون سی عبادت ہے جو ان کی جھولی میں نہیں ہے پھر انسانوں کی وہ کون سی عبادت ہے جسے دیکھنے کے مشتاق ہیں [illegible] سے ملاقات کی تمنا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے [illegible] کی بات طلب کرتے ہیں، اس کا جواب یہ ہے کہ [illegible] شخص خود بھولا رہ کر اپنا کوئی نہ کوئی ضرورت مند کو کھلا دے یہ ایسا عبادت ہے جو فرشتوں میں نہیں ہوتی [illegible] اور ندامت کے آنسو بہانا اور گڑگڑانا اللہ تعالیٰ سے معافی چاہنا [illegible] پھر اٹھنا اور خوف خدا سے بیقرار ہونا یہ وہ عبادت ہے جس کا فرشتوں کے ہاں کوئی تصور نہیں [illegible] فرمایا ہے گناہ گاروں کی سسکیوں اور ہچکیوں کو فرشتے بہت پسند کرتے ہیں اس لئے وہ گناہوں کی تلاش میں رہتے ہیں اس بے فرشتے یا خدا میں آنسو بہانے والی آنکھوں کے دیکھنے اور خوف خدا سے [illegible] اترتے ہیں!"[2]

امام نووی لکھتے ہیں، [illegible] فرشتے گناہوں کی [illegible] گے:

[illegible] پاس نہیں گئے اور گریہ وزاری کرتے ہیں [illegible] رہی وہ یہ ہیں فرشتے تمہارے [illegible] لکھتے ہیں کہ انسان کی عادت ہے کہ وہ [illegible] سے زیادہ [illegible] اللہ تعالیٰ اس فرشتوں کو بھیجتا ہے کہ اسے [illegible] مجلس میں عبادت خضوع و خشوع سے عبادت کرو۔[3]

ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ انسان کی پیدائش کے وقت فرشتوں نے اس کے [illegible] پیدا کرنے کی کیا ضرورت ہے جو فساد و خونریزی کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ نے [illegible] سے ان کی میدان سے ہٹا کر اجر و ثواب کا وہ کام [illegible] کی ہمدردی فرشتوں کی آمد و رفت کی [illegible] کرگزریں تو کامل اور بلند کے باوجود اپنے آپ کو بہتوں اور آدمیوں کو [illegible] ترین زبان سے کہا جا سکتا ہے وہ ابن آدم ہے جس کی خوبیوں کو [illegible] کاتم نے ذکر کیا تھا۔ اس کی طبیعت اور خلقت میں [illegible] کی [illegible] اپنے [illegible] خلقت [illegible]

---

[1] علامہ مظہر الدین زیدی متوفی ۶۰۳ھ، تفسیر کبیر ج ۱ ص ۴۴۰ [illegible] ۱۳۹۸ھ۔

[2] " " تفسیر کبیر ج ۸ ص ۴۴۶ " " "

کم عبادت پر زیادہ اجر کیوں ہے؟

ماہ رمضان اور لیلۃ القدر

کو لیلۃ القدر میں اتارا ہے؟

[illegible] ہیں میں بھی ستر درجہ اجر و ثواب بڑھا دیا جاتا ہے۔

لیلۃ القدر میں مذاہب

لیلۃ القدر کس رات میں واقع ہوتی ہے اس میں علماء مجتہدین و محدثین کا کافی اختلاف ہے حافظ ابن حجر عسقلانی نے لیلۃ القدر کے متعلق تیس سے زائد اقوال مع دلائل ذکر کیے ہیں۔

[illegible]

علامہ عسقلانی لکھتے ہیں کہ بعض نے [illegible]

سے بائیسویں قول بہت کہ یہ تیئیسویں شب سے اور تینتیسواں قول ہی ہونی کا ہے کہ یہ تینتیسویں سب سے چوتھا قول یہ ہے کہ یہ رمضان کی تیئیسویں شب سے، چوبیسواں قول ہو تو حنفی، ابن خزیمہ اور علماء کی ایک جماعت کا ہے کہ یہ رمضان کے آخری عشرے کی طاق رات ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں کہ یہ سب سے راجح قول ہے تینتیسویں قول بھی یہی ہے اور اس میں آخری شب کی زیادتی ہے۔ ستائیسواں قول امام مالک، امام احمد، امام ثوری اور اکثر فقہاء کا ہے کہ یہ رات تمام آخری عشرے میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔ اٹھائیسواں قول امام شافعی کا ہے کہ اس عشرے کی مجموعی شب کی زیادہ توقع ہے۔ انتیسواں قول یہ ہے کہ اس عشرے کی تئیسویں شب زیادہ متوقع ہے، تیسواں قول یہ ہے کہ اس عشرے کی ستائیسویں شب زیادہ متوقع ہے۔ اکتیسواں قول یہ ہے کہ یہ آخری سات دنوں میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔ بتیسواں اور تینتیسواں قول یہ ہے کہ یہ نصف اخیر میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔ چونتیسواں قول یہ ہے کہ یہ سولھویں ماہ صوم کی شب ہے۔ پینتیسواں قول یہ ہے کہ یہ سولھویں، سترھویں یا اکیسویں شب ہے، چھتیسواں قول یہ ہے کہ یہ رمضان کی پہلی یا آخری شب ہے۔ سینتیسواں قول یہ ہے کہ یہ رمضان کی پہلی یا تیسری یا پانچویں یا ساتویں یا نویں یا اکیسویں یا آخری شب ہے۔ اڑتیسواں قول یہ ہے کہ یہ اکیسویں یا بائیسویں یا تیئیسویں شب ہے۔ انتالیسواں قول یہ ہے کہ یہ رمضان کی تئیسویں یا ستائیسویں شب ہے۔ چالیسواں قول یہ ہے کہ یہ اکیسویں یا انتیسویں شب ہے۔ اکتالیسواں قول یہ ہے کہ یہ رمضان کے آخری سات دنوں میں سے پہلی یا تیسری یا پانچویں یا ساتویں یا نویں شب ہے۔ بیالیسواں قول یہ ہے کہ یہ رمضان کی آخری عشرے کی جفت رات ہے۔ تینتالیسواں قول یہ ہے کہ یہ آخری عشرے کی تیسری یا پانچویں شب ہے۔ چوالیسواں قول یہ ہے کہ یہ پہلی آخری یا طاق شب ہے اور یہ آخری قول ہے۔

ستائیسویں شب پر قرآن

[illegible] ہے اور امام ابوحنیفہ و بعض شافعیہ سے بھی یہی روایت ہے حنفیہ میں سے کتب [illegible] کہتے ہیں کہ یہ رمضان کی ستائیسویں شب ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ [illegible] طاق ہے اور طاق اعداد میں سات کا عدد [illegible] سات کو کائنات کے سات [illegible] سات اعضاء پر سجدہ مشروع کیا [illegible] کے سات بھید [illegible] کیا [illegible] کا عدد زیادہ پسندیدہ ہے [illegible] رمضان کے آخری عشرے کی ساتویں رات تھی [illegible] بن حجر اور امام رازی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ استدلال بھی نقل کیا ہے کہ لیلۃ القدر [illegible] قرآن اور یہ لفظ قرآن میں تین بار مکرر کیا گیا ہے جن کا حاصل ضرب ستائیس ہے اس لیے یہ رات ستائیس [illegible] ہے۔ امام رازی نے یہ بھی ذکر فرمایا ہے کہ قرآن مجید کی اس سورۃ مبارکہ میں ۳۰ حتی مطلع الفجر میں بھی [illegible] لیلۃ القدر کی طرف لوٹ رہی ہے اور یہ اس سورت کا ستائیسواں کلمہ ہے، اس اشارے سے بھی اس بات [illegible]

---

[1] حافظ ابن حجر عسقلانی، فتح الباری ج ۴ ص ۲۶۶-۲۶۳، مطبوعہ دار الکتب السلفیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

ہے کہ لیلۃ القدر رمضان کی ستائیسویں شب ہے۔

شبِ قدر کو مخفی رکھنے کی حکمتیں

اللہ تعالیٰ نے بہت سی چیزوں کو اپنی حکمتوں سے مخفی رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ کس عبادت سے راضی ہوتا ہے اس کو مخفی رکھا تاکہ بندہ تمام عبادات میں کوشش کرے۔ کس گناہ سے ناراض ہوتا ہے اس کو مخفی رکھا تاکہ بندہ ہر گناہ سے باز رہے۔ ولی کی کوئی علامت مقرر نہیں کی تاکہ اسے لوگوں کے درمیان مخفی رکھا تاکہ لوگ ولی کے شبہ میں ہر انسان کی تعظیم کریں۔ قبولیت توبہ کو مخفی رکھا تاکہ بندے مسلسل توبہ کرتے رہیں۔ موت اور قیامت کے وقت کو مخفی رکھا تاکہ بندے ہر ساعت میں گناہوں سے باز رہیں اور نیکی کی جدوجہد میں مصروف رہیں۔ اسی طرح لیلۃ القدر کو مخفی رکھنے کی حکمت یہ ہے کہ لوگ رمضان کی ہر رات کو لیلۃ القدر سمجھ کر اس کی تعظیم کریں اور اس کی ہر رات میں جاگ جاگ کر عبادت کریں۔

امام رازی تحریر فرماتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ اس رات کو معین کر کے بتا دیتا تو نیک لوگ تو اس رات میں جاگ کر عبادت کر کے سارے مہینہ کی عبادتوں کا اجر حاصل کر لیتے اور عادی گنہگار اگر شامت نفس اور اپنی عادت سے مجبور ہو کر اس رات میں بھی کوئی گناہ کر لیتا تو وہ ہزار ماہ کے گناہوں کی سزا کا مستحق ہوتا اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس رات کو مخفی رکھا تاکہ اگر کوئی عادی گنہگار اس رات بھی کوئی گناہ کر بیٹھے تو لیلۃ القدر سے لاعلمی کی بنا پر اس کے ذمہ لیلۃ القدر کی احترام شکنی اور سارے مہینہ کے گناہ لازم نہیں، کیونکہ علم کے باوجود گناہ کرنا لاعلمی سے گناہ کرنے کی بہ نسبت زیادہ شدید ہے۔ روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے وہاں ایک شخص کو سوئے ہوئے دیکھا۔ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا اس شخص کے لیے اٹھ دو انھوں نے اٹھا دیا۔ بعد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا یا رسول اللہ! آپ تو نیکی کرنے میں خود پہل کرتے ہیں آپ نے اس کو خود کیوں نہیں جگا دیا، آپ نے فرمایا اگر میرے اٹھانے پر یہ انکار کر دیتا تو یہ کفر ہوتا اور تمہارے اٹھانے پر انکار کرنا کفر نہیں ہے تو میں نے تم کو اٹھانے کا اس لیے حکم دیا کہ اگر یہ انکار کر دے تو اس کا قصور کم ہو۔ غور کرو! جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گنہگاروں پر رحمت کا یہ حال ہے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت کا کیا عالم ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ آسان ہے کہ نیکوکار لیلۃ القدر کی جستجو میں رمضان کی متعدد راتیں جاگ کر گزار ڈالیں یہ بھی گوارا ہے کہ اس تلاش میں ان سے لیلۃ القدر چھوٹ جائے لیکن یہ گوارا نہیں ہے کہ لیلۃ القدر سے کوئی گنہگار بندہ اپنے گناہ کی ہزار گنا زیادہ سزا پائے، اللہ! اللہ! وہ اپنے بندوں کا کتنا خیال رکھتا ہے، مگر غافل انسان!

تیسری وجہ یہ ہے کہ جب لیلۃ القدر کا علم نہیں ہوگا تو بندے رمضان کی ہر رات کو لیلۃ القدر سمجھ کر گزاریں گے اور رمضان کی ہر رات میں عبادت کریں گے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائے گا کہ اس آدمی کے متعلق تم نے کہا تھا کہ یہ زمین کو خونریزی اور گناہوں سے بھر دے گا پھر بھی تو اس کو لیلۃ القدر کا قطعی علم نہیں ہے پھر بھی عبادت میں اس قدر کوشش کر رہا ہے اگر اسے لیلۃ القدر کا علم قطعی ہوتا کہ کون سی رات ہے پھر اس کی عبادتوں کا کیا عالم ہوتا!

علم رسالت اور شب قدر

حدیث نمبر ۲۶۶۴ میں ہے میں شب قدر کو بھول گیا، اور حدیث نمبر ۲۶۶۵ میں ہے مجھے شب قدر بھلا دی گئی اسی طرح حدیث نمبر ۲۶۷۰ میں ہے میں شب قدر کو بھول گیا اور حدیث نمبر ۲۶۷۱ میں ہے مجھے شب قدر دکھائی گئی پھر بھلا دی گئی۔ شیخ عثمانی آپ کے نسیان کی شرح میں لکھتے ہیں:

قال الحافظ ان النسیان جائز علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا نقص علیہ فی ذلک لاسیما فیما لم یؤذن لہ فی تبلیغہ وقد یکون فی ذلک مصلحۃ تتعلق بالتشریع کما فی السھو فی الصلوٰۃ او بالاجتھاد فی العبادۃ کما فی ھذہ القصۃ لان لیلۃ القدر لو عینت فی لیلۃ بعینھا حصل الاقتصار علیھا ففاتت العبادۃ فی غیرھا وکان ھذا ھو المراد بقولہ عسی ان یکون خیرًا لکم کما ورد فی حدیث عبادۃ عند البخاری۔ [1]

حافظ ابن حجر نے فرمایا نسیان جائز ہے اور اس میں کوئی عیب نہیں ہے خصوصاً ان چیزوں میں جن کی تبلیغ کی آپ کو اجازت نہیں دی گئی اور کبھی اس نسیان میں مصلحت ہوتی ہے جس کا تعلق شرعی احکام کے ساتھ ہے مثلاً نماز میں سہو کا بیان یا عبادت میں کوشش اور جدوجہد جیسا کہ اس واقعہ میں ہے اگر کسی خاص شب میں لیلۃ القدر کا تعین نہ ہوتا تو لوگ صرف اس رات میں عبادت کرتے اور دوسری راتوں میں عبادت نہ کرتے، اور ہوسکتا ہے کہ جس رات کی اس حدیث میں آپ نے امید دلائی تھی شاید وہ تمہارے لیے بہتر ہو، اس سے آپ کی یہی مراد ہو۔

امام بخاری نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے حجرہ سے نکلے تاکہ ہمیں لیلۃ القدر کی خبر دیں، دو مسلمان آپس میں لڑ پڑے تو آپ نے فرمایا میں اس لیے نکلا تھا کہ تمہیں لیلۃ القدر کی خبر دوں لیکن فلاں فلاں لڑ پڑے تو اس کا تعین اٹھا لیا گیا اور شاید کہ یہ تمہارے حق میں بہتر ہو، اب تم اسے انتیس، ستائیس اور پچیس تاریخ میں تلاش کرو۔ [2]

صحیح بخاری کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

قد اریت ھذہ اللیلۃ ثم انسیتھا۔ [3]

مجھے یہ رات دکھائی گئی تھی پھر بھلا دی گئی۔

حافظ ابن حجر عسقلانی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں:

والمراد انہ انسی علم تعیینھا فی تلک السنۃ وسبب النسیان فی ھذہ القصۃ حدیث عبادۃ بن الصامت۔ [4]

مراد یہ ہے کہ صرف اس سال شب قدر کی تعیین کا علم آپ سے بھلا دیا گیا تھا، اور نسیان کا سبب حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی روایت میں ذکر کردہ واقعہ ہے۔

علامہ ابن حجر کی یہ عبارت علامہ عینی نے بھی ذکر کی ہے اور شیخ انور شاہ نے بھی ذکر کی ہے۔ البتہ شیخ عثمانی نے حافظ ابن

---

[1] شیخ احمد عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ فتح الباری ج ۳ ص ۱۰ مطبوعہ مکتبہ سلفیہ لاہور

[2] امام عبدالرزاق متوفی ۲۱۱ھ مصنف ابن رزاق ج ۳ ص ۷۰ مطبوعہ المکتب الاسلامی بیروت ۱۴۰۳ھ

[3] " " صحیح البخاری ج ۱ ص ۲۷۱ " "

[4] حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ فتح الباری ج ۴ ص ۲۵۸ مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[5] علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ عمدۃ القاری ج ۱۰ ص ۳۰۰ مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

[6] شیخ انور شاہ کشمیری متوفی ۱۳۵۲ھ فیض الباری ج ۳ ص ۱۸۳ مطبوعہ مطبع حجازی مصر ۱۳۵۷ھ

مجرکی عبارت ہا یہ مگر چھوڑ کر باقی وہ عبارت نقل کی ہے جس کو ہم نے پہلے ذکر کر دیا ہے۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی حدیث کی تشریح میں حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں۔

وقد تقرر بما مضى ان مستند من علم بمن صلى الله عليه وسلم بعد ذلك بتعليمه او فيه خفى وقد تقدم قول ابن عيينة في اول الحديث في علة التقدم انه اعلم۔ [1]

جب یہ ثابت ہو گیا کہ اس سوال کا علم آپ کو تعلیم سے ہوا تھا تو سوال یہ ہے کہ پھر آپ کا علم اس کے بعد کیسے ہوا تھا اس کا جواب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے اللہ نے آپ کو بتا دیا ہو یا آپ نے خود اپنے علم سے معلوم کر لیا ہو اور ابن عیینہ کے قول کی توجیہ بیان کیا ہے کہ آپ کو علم دیا گیا تھا۔

اس کے بعد حافظ ابن حجر نے علۃ التقدم کے نہ بتانے کی وجہ میں اور کرامت کو چھپانے کے سلسلے میں جو گفتگو کی ہے وہ ساری عبارت شیخ عمالی نے نقل کی ہے لیکن عبارت کا مذکورہ بالا حصہ نقل نہیں کیا ہے [2]

صحیح بخاری میں ہے:

قال ابن عيينة ما كان في القرآن وما او لا فقد اعلمه وما قال وما يدريك فانه لا يعلم [3]

ابن عیینہ نے کہا ہے کہ قرآن مجید میں جس چیز کے بارے میں وما ادراک آیا ہے اس کا حال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم تھا اور جس چیز کے بارے میں وما یدریک آیا ہے اس کا آپ کو علم نہیں تھا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی اس کی شرح میں لکھتے ہیں۔

والمقصود بن عيينة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يعرف بعض ذلك [4]

اور ابن عیینہ کا مقصود یہ تھا کہ بعض علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بتلا دیا جاتا تھا۔

سیوطی نے بھی ابن عیینہ کے اسی قول سے اتفاق کیا ہے۔ [5]

اختلاف مطالع اور شب قدر

اختلاف مطالع کے بارے میں علماء کے دو قول ہیں ایک قول کے مطابق ہر علاقہ کے لئے الگ الگ چاند دیکھا جائے گا اور دوسرے قول کے مطابق پورے ملک میں ایک ہی دن عید منائی جائے گی۔ اس لئے ہر علاقہ کے لئے الگ الگ شب قدر ہو سکتی ہے کیونکہ چاند الگ الگ دیکھا جائے گا۔

---

[1] حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۴ ص ۲۷۸ مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[2] شیخ محمد عمالی متوفی ۹۶۵ھ فتح المغیث ص ۵ مطبوعہ مجتبائی دہلی

[3] امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۲ ص ۱۱۰۱ مطبوعہ فہیم اکیڈمی کراچی ۱۳۸۱ھ

[4] حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۴ ص ۲۵۵ مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

[5] شیخ محمد بن علی شوکانی متوفی ۱۲۵۰ھ تفسیر فتح القدیر ج ۵ ص ۴۰۲ مطبوعہ مصر

علاقے کے لیے طلوع سے اور دوسرے علاقے کے لیے غروب ہوگی نیز قطب شمالی و قطب جنوبی میں شب کی رکعتیں کس طرح ہوگا۔

اس کی وضاحت میں ایک بات تو یہ کہی جا سکتی ہے کہ جس طرح نمازوں میں ہر علاقے کے اپنے اپنے مطلع کا اعتبار ہوتا ہے اور ہر شخص اپنے علاقے کے حساب سے نماز پڑھتا ہے، اسی طرح شب قدر بھی ہر علاقے والے اپنے اپنے حساب سے تلاش کریں گے، اور ہر شخص اپنے مطلع کے حساب سے آخری عشرہ کی طاق رات کا تعین کرے گا اور جس طرح مسلمانوں کی عیدیں ہر علاقے کے چاند کے حساب سے ہوتی ہیں اسی طرح اگر دو علاقوں میں شب قدر بھی متحقق ہو جائے تو کچھ مضائقہ نہیں ہے علامہ کوثری لکھتے ہیں کہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ شب قدر صرف ایک مخصوص رات میں ہو اور جن علاقوں میں اس وقت دن ہو اللہ تعالیٰ اس سے متصل رات میں عبادت کرنے والوں کو علمی طور پر ثواب عطا فرما دے۔

قطبین میں روزے اور شب قدر

سید ابو الاعلیٰ مودودی قطبین میں روزے کے متعلق لکھتے ہیں:

"اسلام نے اپنی عبادات کے لیے اوقات [illegible] جس سے دنیا کے ہر خطہ میں ہر وقت متمدن سے متمدن لوگ اوقات کی تعیین کر سکیں، وہ گھڑیوں کے لحاظ سے مختلف کرنے کے بجائے ان آثار کے لحاظ سے وقت متعین کرتا ہے جو آفاق میں نمایاں نظر آتے ہیں مگر ان لوگوں کی طرف توجہ کرتے ہیں کہ قطبین کے قریب جہاں سورج چھ چھ مہینوں کے لیے غروب ہوتا ہے، وہاں نمازوں کی یہ تعیین کیسے چل سکے گی حالانکہ یہ نقص دراصل علم جغرافیہ کی ناواقفیت کا نتیجہ ہے حدیث میں دجال کے چھ مہینوں کی رات اس معنی میں ہوگی سب ورنہ چھ مہینوں کا دن اتنے معنی میں ہے کہ اس میں سب لوگ دن اور رات کے لفظ بولتے ہیں، خواہ رات کا دورانیہ بارہ گھنٹے کا ہو یا دن کا، صبح و شام کے آثار میں ترتیب اور باقاعدگی کے ساتھ افق پر نمایاں ہوتے ہیں، جن کے ذریعے دنیا کے لوگ عام طور پر سونے جاگنے، کام کرنے اور تفریح کرنے کے اوقات متعین کرتے ہیں جب کرہ ارض کا یہ خطہ بھی فلک پر ان آثار کو دیکھ کر دوسرے دور دراز ملکوں کے لوگ اپنے اوقات معلوم کرتے ہیں اور اس کے ذریعہ یہی افق کے آثار سے تمام معاملات میں یہ آثار ان کے لیے نیچر اوقات کا کام دیتے ہیں اسی طرح نماز اور روزہ کے اوقات میں بھی دے سکتے ہیں۔[1]

مگر جن لوگ قطبین کے افق پر چھ مہینے گھنٹے کے جدا سورج اور چاند کا طلوع و غروب ہوتا ہے وہ علامات بھی افق پر ظاہر ہوتی ہیں جن سے ظہر اور عصر اور مغرب وغیرہا کا تعین کیا جا سکتا ہے تب وہاں پر بھی گھنٹوں کے پانچ نمازیں بھی فرض ہیں رمضان کے روزے بھی فرض ہیں اور لیلۃ القدر بھی متحقق ہوگی، اور کہ وہاں چھ ماہ کی رات ہوتی ہے، سورج اور چاند کا طلوع اور غروب چھ ماہ کے بعد ہوتا ہے تو وہاں کے رہنے والوں پر جو بھی گھنٹوں کی پانچ نمازیں فرض ہیں رمضان کے روزے بھی فرض ہیں وہاں شب قدر کا وجود ہوگا کیونکہ یہ تمام چیزیں جو بھی گھنٹوں کے حساب سے بعد سورج کے طلوع و غروب پر متوقف ہیں ان نمازوں اور روزوں میں عبادت کی مشابہت اختیار کرنی ہوتی ہے اور قطبین

---

[1] سید ابو الاعلیٰ مودودی متوفی ۱۳۹۹ھ تفہیم القرآن ج ۶ ص ۴۲۰ ۴۵ منشورہ مکتبہ تعمیر انسانیت اردو بازار لاہور طبع ۱۹۸۰ء

کے قریب جس ملک میں چوبیس گھنٹے کے بعد سورج کا طلوع و غروب ہوتا ہے اس کے اوقات کے مطابق نماز کے اوقات مقرر کیے جائیں اور اسی ملک کے حساب سے روزے رکھے جائیں اور شب قدر کی جائے یعنی جب اس قریب کے ملک میں رمضان ہو اس وقت وہاں رمضان کا اعتبار کر لیا جائے اور اسی ملک کے اوقات کے لحاظ سے تراویح وغیرہ کا تعین کیا جائے لیکن یہ تشبہ فی العبادت ہے اور عبودیت اور بندگی کا تقاضا یہ ہے کہ اگرچہ ہم نے بعینہ نماز کے اوقات اور رمضان کا مہینہ نہیں پایا لیکن اس کے مشابہ اوقات میں ہم ان عبادت کو کر رہے ہیں، آخر وہاں دنیا کے دوسرے تمام کاموں کے اوقات مقرر کیے جاتے ہیں، کاروبار، سیر و تفریح، کھانے پینے اور سونے جاگنے کے اوقات مقرر کیے جاتے ہیں صبح سے لے کر شام تک کام کرنے والے لوگ وہاں چھ ماہ کے دن میں مسلسل کام کرتے ہیں نہ چھ ماہ سوتے ہیں۔ صبح کا ناشتا کرنے کے بعد دوپہر کا کھانا تین ماہ بعد یا شام کا کھانا چھ ماہ بعد تو نہیں کھاتے اس طرح زندگی کے باقی معمولات کو وہاں کے نئے معمولی حالات اور اوقات میں معین کیا جاتا ہے خود ساختہ دنیا کے اعتبار سے وہ غیر معمولی لگتا ہے کہ سورج نکلا ہوا ہے اور وہ شام کا کھانا کھا رہے ہیں، اسی طرح عبادات کے نظام کو بھی قریب ترین ملک کے اوقات کے لحاظ سے ترتیب دینا چاہیے۔ جہاں معمول کے مطابق طلوع اور غروب ہوتا ہو وہ معمول کے مطابق عبادت نہیں ہیں لیکن وہاں کے حالات کے اعتبار سے جس ترتیب معمول ہو گی اس کے مطابق گھنٹہ میں پانچ نمازیں اور رمضان کے بعد روزے فرض عین تو نہیں لیکن فرض کے مشابہ ہوں گے اور وہاں کے رہنے والے مسلمانوں کو یہ عبادات کسی حال میں ترک نہیں کرنی چاہئیں اور جب وہ اپنے قریب ترین ملک کے لحاظ سے سب قدم مقرر کر کے اس میں عبادت کریں گے تو انشاء اللہ اس کا ثواب بھی ملے گا۔

لیلۃ القدر میں عبادت کا طریقہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: من قام لیلۃ القدر ایمانا واحتسابا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ[1] جس شخص نے شب قدر میں ایمان کے ساتھ اجر و ثواب کی نیت سے قیام کیا اس کے پچھلے گناہوں کو معاف کر دیا جائے گا۔ اس حدیث کی رو سے لیلۃ القدر میں عبادت قیام فرض ہے اس لیے اس میں زیادہ سے زیادہ نوافل پڑھنے اور تسبیح و تہلیل میں کوشش کرنی چاہیے بندہ خضوع و خشوع اور سوز و گداز سے نماز پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے مقابلے میں اپنی کوتاہیوں، تقصیروں اور گناہوں کو یاد کر کے روئے اور گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور بار بار استغفار کرے۔

بعض صالحین نے اس رات کی عبادت کے مخصوص طریقے بتائے ہیں علامہ اسماعیل حنفی رحمہ اللہ لکھتے ہیں جن صالحین لیلۃ القدر میں لیلۃ القدر کے قیام کی نیت سے دس دوگانے پڑھتے تھے۔ بعض اکابر سے یہ بھی منقول ہے جس شخص نے شب لیلۃ القدر کی نیت سے دس آیات تلاوت کیں وہ لیلۃ القدر کی برکات سے محروم نہیں رہے گا امام ابو الطیب نے بیان کیا کہ لیلۃ القدر کی کم از کم نماز دو رکعت ہے اور زیادہ سے زیادہ ہزار رکعات ہیں اور متوسط سو رکعات ہیں، اور ہر رکعت میں متوسط قرأت یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر کی سورت پڑھے اس کے بعد تین بار قل ھو اللہ احد کی سورت پڑھے پھر دو رکعت کے بعد سلام پھیرے

---

[1] امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح البخاری ج ۱ ص ۲۶۹ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ۔

اور دوسرے نیک بندوں سے ملنے کے لیے اٹھے اس طرح جیسے نفل چاہے پڑھتے ہیں اور بعض علماء یہ بھی لکھتے ہیں کہ نوافل کی جماعت مکروہ ہے۔ بعض علماء نے اس طرح نفل ادا کرنے کو بدعت قرار دیا ہے۔ اس میں محیط کے حوالے سے یہ عبارت ہے: لیلۃ یقتدی بعضھم ببعض فی النوافل یعنی شب میں نوافل میں ایک دوسرے کی اقتدا کرنا مکروہ ہے کیونکہ جو چیز مومنوں کے نزدیک حسن ہو وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی حسن ہوتی ہے اس لیے اس پر اعتراض کرنے والے ان لوگوں کے قول کی طرف بالکل توجہ نہ کریں جو عبادت کا ذوق سے نہ ہونے کا شوق رکھتے ہیں[1]

میں نے شرح نقایہ کا مطالعہ کیا علامہ عبدالحی سے وقایہ کے حوالے سے عبارت نقل کی ہے اس میں نہیں ہے بلکہ اس کے برخلاف عام فقہ کی کتابوں کی طرح یہ لکھا ہے کہ نفل کی جماعت میں چار آدمی شریک ہوں تو مکروہ ہے اور چار آدمیوں کا شامل ہونا علی کے نزدیک ہے ہو سکتا ہے محیط میں اسی طرح لکھا ہو۔ بہرحال یہ بات بھی قابل توجہ نہیں ہے نہ دنیا سے اب تک بعض علماء دوسرے بعض علماء سے نفل کرتے رہے ہیں۔

ثواب میں اضافہ

ابوالطفیل کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کیا کہ مجھے بہت سے لوگ یہ کہتے ہیں اور اس میں تین مرتبہ رمل کرنے اور چار مرتبہ معمول کے مطابق چلنے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا یہ سنت ہے؟ آپ کی قوم اس کو سنت کہتی ہے انہوں نے فرمایا وہ سچ بھی ہیں اور جھوٹے بھی میں نے کہا کیا مطلب ہے کہ وہ سچے بھی ہیں اور جھوٹے بھی آپ نے فرمایا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو کفار مکہ نے آپ اور آپ کے اصحاب کے بارے میں کہا کہ یثرب کے بخار نے ان کو کمزور کر دیا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو حکم دیا کہ وہ طواف کے پہلے تین چکروں میں رمل کریں تاکہ مشرکین ان کی طاقت دیکھ لیں اور باقی میں معمول کے مطابق چلیں۔ تو طفیل کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس سے کہا مجھے صفا اور مروہ کے درمیان طواف کے بارے میں بھی بتلائیے۔ کیا سوار ہو کر طواف کرنا سنت ہے؟ کیونکہ آپ کی قوم سوار ہو کر طواف کرنے کو سنت سمجھتی ہے۔ حضرت ابن عباس نے کہا وہ سچے بھی ہیں اور جھوٹے بھی، میں نے کہا آپ کے اس قول کا کیا مطلب ہے کہ وہ سچے بھی ہیں اور جھوٹے بھی، حضرت ابن عباس نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ

هٰذَا مُحَمَّدٌ حَتّٰى خَرَجَ الْعَوَاتِقُ مِنَ الْبُيُوْتِ قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَضْرِبُ النَّاسَ بَيْنَ يَدَيْهِ فَمَا كُنَّا عَلَيْهِ رَيْتُ وَنَسْمَعُ وَالشَّيْءُ فَضْلٌ۔

۲۹۵۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ قُلْتُ [illegible] إِنَّ قَوْمَكَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سَعَى بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيُرِيَ الْمُشْرِكِيْنَ قُوَّتَهُ قَالَ صَدَقُوْا وَكَذَبُوْا۔

۲۹۵۳۔ وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبْجَرَ عَنِ الْبَيْلَمَانِيِّ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ اَرْجُزَتِكُمْ هٰذِهِ قَدْ رَاَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ قَصِّهْ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيْثِهِ عِنْدَ الْمَرْوَةِ عَلٰى نَاقَتِهِ وَقَدْ كَثُرَ النَّاسُ حَوْلَهُ قَالَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَشْعَثَ رَأْسُهُ كَثِيْرَ شَعْرِ لِحْيَتِهِ يَكْفِيْهِ ذٰلِكَ وَيَكْفِيْهِ ذٰلِكَ۔

۲۹۵۴۔ وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَاَبُوْ كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِيَانِ ابْنَ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ مَكَّةَ وَقَدْ وَهَنَتْهُمْ حُمَّى يَثْرِبَ قَالَ الْمُشْرِكُوْنَ اِنَّهُ يَقْدَمُ عَلَيْكُمْ غَدًا قَوْمٌ قَدْ وَهَنَتْهُمْ حُمَّى

ابو الطفیل بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس سے کہا آپ کی قوم کے لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کے طواف میں جو میل کیا تھا وہ صفا و مروہ میں مشرکین کو اپنی قوت دکھانے کے لیے کیا تھا حضرت ابن عباس نے کہا وہ سچ بھی کہتے ہیں اور جھوٹ بھی۔

ابو الطفیل بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس سے کہا میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے، حضرت ابن عباس نے کہا ہاں مجھ سے بیان کرو۔ میں نے کہا میں نے آپ کو صفا و مروہ کے پاس ایک اونٹنی پر دیکھا آپ کے گرد لوگوں کا ہجوم تھا راوی کہتے ہیں حضرت ابن عباس نے کہا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے، کیونکہ صحابہ کی عادت تھی کہ آپ کو چھوڑتے تھے نہ قصد کرتے تھے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ مکہ تشریف لائے اور اس حالیکہ انہیں مدینہ کے بخار نے کمزور کیا ہوا تھا مشرکین نے کہا کہ تمہارے پاس ایسے لوگ آئیں گے جنہیں بخار نے کمزور کر دیا ہے، اس سے تکلیف پہنچی ہے [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

وَلَمْ يَمْنَعْهُ مِنْهُ إِلَّا أَنْ يَحْزَنَ
وَأَمَرَهُمْ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ
يَرْمُلُوا الثَّلَاثَ وَلَيْسَ بِسُنَّةٍ مَا بَيْنَ
الرُّكْنَيْنِ لِيُرِيَ الْمُشْرِكِينَ جَلَدَهُمْ قَالُوا
الْمُشْرِكُونَ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ أَنَّ الْحُمَّى
قَدْ وَهَنَتْهُمْ هَؤُلَاءِ أَجْلَدُ مِنْ كَذَا وَكَذَا
قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا وَ
لَمْ يَمْنَعْهُ أَنْ يَأْمُرَهُمْ أَنْ يَرْمُلُوا الْأَشْوَاطَ
كُلَّهَا إِلَّا الْإِبْقَاءُ عَلَيْهِمْ

اشے اصحاب کو حکم دیا کہ تین چکروں میں رمل کریں یعنی تیز چلیں اور دو رکنوں کے درمیان عموماً چلیں ہمیں یہ کہ آپ مشرکین کو صحابہ کی توانائی دکھانا چاہتے تھے کیونکہ مشرکین نے دیکھ کر کہا یہ وہ لوگ ہیں جن کے متعلق تم کہتے تھے کہ ان کو بخار نے کمزور کر دیا ہے تو فلاں قبیلہ سے بھی زیادہ طاقت ور ہیں۔ حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ آپ نے تمام چکروں میں رمل کرنے کا حکم نہیں دیا تھا شاید اس خیال سے نہیں۔

۲۹۵۵ - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَ
عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ
قَالَ ابْنُ عَبْدَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو
عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى
عَنْهُمَا قَالَ إِنَّمَا سَعَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَلَ بِالْبَيْتِ لِيُرِيَ
الْمُشْرِكِينَ قُوَّتَهُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ کے طواف میں رمل کیا تھا۔ اس سے مقصد یہ تھا کہ مشرکین کو اپنی قوت دکھائیں۔

۲۹۵۶ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا
يَزِيدُ أَخْبَرَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ
قَالَ قُلْتُ أَرَأَيْتَ رَمَلَ هَؤُلَاءِ بِالْبَيْتِ وَسَعْيَهُمْ
بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ أَشَيْءٌ صَنَعُوهُ بِرَأْيِهِمْ أَمْ
شَيْءٌ رَأَوْهُ فَعَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَقَالَ لَا بَلْ شَيْءٌ رَأَوْهُ فَعَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلْنَاهُ نَحْنُ وَكَانَ أَهْلُ مَكَّةَ قَوْمًا
حَسَدَةً وَلَمْ يَقُلْ يَحْسُدُونَهُ.

کیا اور سنت تھی یہ دونوں سے ہیں
سے ہیں ہم کہہ سکتے۔

رمل کی تعریف علامہ نووی رمل کی تعریف میں لکھتے ہیں کہ رمل کا معنی ہے دوڑنا یعنی چھوٹے قدموں کے ساتھ تیز چلنا۔ علامہ بوعمر مغیدانی نے لکھا ہے کہ کندھے ہلاتا کہ [illegible] والا شخص جس نے کسی کو للکارا ہو۔ رمل صرف طواف قدوم کے پہلے تین چکروں میں سنت ہے طواف افاضہ اور طواف وداع میں رمل نہیں ہے۔ حضرت ابن عباس کے نزدیک رمل اب سنت نہیں ہے کیونکہ رمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عمرۃ القضاء کے لیے مکہ تشریف لے گئے تو مشرکین نے کہا کہ ان لوگوں کو یثرب کے بخار نے کمزور کر دیا ہے اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے، مشرکین کے لیے جو بھی رمل کیا اور صحابہ کو بھی رمل کا حکم دیا

۱۔ علامہ نووی کی یہ تحریر نووی شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۱۲ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی الطبعۃ الاولیٰ ۱۳۸۵ھ

۲۔ ملاحظہ ہو محمد بن عبدالرحمن مغربی متوفی ۵۹۳ھ مواہب الجلیل ج ۳ ص ۸۵ مطبوعہ مکتبۃ النجاح طرابلس لیبیا

حضرت ابن عباس کہتے ہیں کہ اب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غلبہ دے دیا ہے اور اب مشرکین کو قوت دکھانے کا کوئی معنی نہیں ہے اس لیے اب رمل نہیں ہے، لیکن تمام علماء صحابہ اور تابعین نے حضرت ابن عباس سے اس مسئلہ میں اختلاف کیا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں جو طواف قدوم کیا تھا اس میں بھی رمل کیا تھا حالانکہ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو غلبہ عطا کر دیا تھا، اس لیے تمام صحابہ، تابعین اور بعد کے فقہاء کے نزدیک طواف قدوم کے تین چکروں میں رمل سنت ہے۔[1]

رمل کے احکام علامہ نووی لکھتے ہیں کہ علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ رمل عورتوں کے لیے مشروع نہیں ہے، جیسے عورتوں کے لیے صفا اور مروہ میں دوڑنا مشروع نہیں ہے اور اگر عورت رمل ترک کرنے کے بعد اس کو چھوڑ دے تو وہ سنت کا تارک ہے اور اس پر کوئی دم واجب نہیں ہے۔ اس مسئلہ کا اس میں اختلاف ہے بعض مالکیہ کے نزدیک اس پر دم ہے اور بعض کے نزدیک اس پر دم نہیں ہے۔[2]

علامہ حصکفی لکھتے ہیں کہ اگر کسی شخص نے بغیر عذر کے رمل کو ترک کیا تو اس نے برا کام کیا اور اس پر کوئی دم واجب نہیں ہے، اسی طرح صفا اور مروہ میں سعی کے ترک سے کچھ واجب نہیں ہوتا اور طواف میں اس سے گر کر حجر اسود کی تعظیم یا کسی اور ادب اور سنت کو ترک کر دیا تو اس پر کچھ واجب نہیں ہوتا۔[3]

تعارض کا جواب حدیث نمبر ۲۹۶۱ میں ہے جب ابو طفیل نے حضرت ابن عباس سے پوچھا کہ کیا میں سمجھتے ہیں تو حضرت ابن عباس نے کہا وہ سچے تھے اور جھوٹے بھی سمجھتے ہیں کہ رمل سنت تھا جب لوگ تھوڑے تھے جھوٹے ہیں لیکن جب سے ابن عباس کی اس رائے سے فقہاء صحابہ وتابعین نے اختلاف کیا جیسا کہ ہم نے شروع میں ذکر کیا ہے اسی طرح اس حدیث میں ہے کہ ابو طفیل نے حضرت ابن عباس سے پوچھا کہ لوگ صفا اور مروہ میں سوار ہو کر طواف کرنے کو سنت سمجھتے ہیں تو حضرت ابن عباس نے کہا وہ سچے تھے اور جھوٹے بھی سچے ہیں کہ یہ خدا کی نازل کردہ سنت ہے اور جھوٹے ہیں کہ یہ بالعموم سنت نہیں ہے

بَابُ اسْتِحْبَابِ اسْتِلَامِ الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ فِي الطَّوَافِ

طواف میں یمانی رکنوں کی تعظیم کا استحباب

۲۹۵۷۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا حَمَّادٌ ح وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ جَمِيعًا عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے سامنے سے گزرتے تھے تو رکنوں یمانیوں کو تعظیم کرتے تھے

---

[1] علامہ کمال الدین محمد بن عبدالواحد حنفی متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر، ج ۲، ص ۳۵۰، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر۔

[2] علامہ محمد امین بن عمر شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، ردالمحتار، ج ۲، ص ۴۲۲، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۴۰۷ھ

[3] علامہ محمد بن علی حصکفی متوفی ۱۰۸۸ھ، درمختار مع ردالمحتار، ج ۲، مطبوعہ ماجدیہ کوئٹہ ۱۴۰۵ھ

اَنَّهٗ قَالَ لَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمَسُّ مِنَ الْبَيْتِ اِلَّا الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ.

۲۹۵۸ - وَحَدَّثَنِيْ اَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ قَالَ اَبُو الطَّاهِرِ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ لَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُ مِنْ اَرْكَانِ الْبَيْتِ اِلَّا الرُّكْنَ الْاَسْوَدَ وَالَّذِيْ يَلِيْهِ مِنْ نَحْوِ دُوْرِ الْجُمَحِيِّيْنَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے ارکان میں سے صرف حجر اسود اور اس کے ساتھ والے کونے کو استلام کرتے تھے جو بنو جمح کے مکانوں کی سمت ہے۔

۲۹۵۹ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُثَنّٰى حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ذَكَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَسْتَلِمُ اِلَّا الْحَجَرَ وَالرُّكْنَ الْيَمَانِيَّ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف حجر اسود اور رکن یمانی کا استلام کرتے تھے۔

۲۹۶۰ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُثَنّٰى وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ جَمِيْعًا عَنْ يَحْيٰى الْقَطَّانِ قَالَ ابْنُ مُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا قَالَ مَا تَرَكْتُ اسْتِلَامَ هٰذَيْنِ الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَّ وَالْحَجَرِ مُنْذُ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُهُمَا فِيْ شِدَّةٍ وَّلَا رَخَاءٍ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رکن یمانی اور حجر اسود کی تعظیم کرتے دیکھا ہے تب سے میں نے ان دو رکنوں کی تعظیم کو کبھی نہیں چھوڑا سختی میں اور نہ آسانی میں۔

۲۹۶۱ - وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ جَمِيْعًا عَنْ اَبِيْ خَالِدٍ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ

نافع کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حجر اسود کو ہاتھ لگایا، پھر ہاتھ کو چوم لیا اور فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے

عَنْ نَافِعٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اسْتَلَمَ الْحَجَرَ بِيَدِهِ ثُمَّ قَبَّلَ يَدَهُ وَقَالَ مَا تَرَكْتُهُ مُنْذُ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ.

حضرت نافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا ہے انہوں نے حجر اسود کو ہاتھ لگایا پھر اپنے ہاتھ کو چوما اور کہا کہ میں نے اس کو ترک نہیں کیا جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کام کو کرتے دیکھا ہے۔

۲۹۶۲ - وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ قُتَيْبَةَ بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَهُمْ بِاللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَهُمْ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا يَقُوْلُ لَمْ أَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُ غَيْرَ الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيَيْنِ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارکان یمانی کے سوا کسی رکن کی تعظیم کرتے نہیں دیکھا۔

ارکان بیت اللہ کی تفصیل

بیت اللہ کے چار رکن ہیں رکن اسود رکن یمانی ان دونوں کو یمانیین کے ہیں اور دوسرے دو رکنوں کو شامیین کہتے ہیں رکن اسود اور رکن یمانی کی یہ فضیلت ہے کہ ان دونوں کی بنیاد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قائم کی تھی اور باقی دو رکنوں کی بنیاد دوسرے لوگوں نے رکھی ہے رکن یمانی کی دوسری فضیلت یہ ہے کہ وہ حضرت ابراہیم کی بنیادوں پر ہے اور باقی دو رکنوں میں سے کسی کو کوئی فضیلت نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ حجر اسود کی تعظیم جس طرح کی جاتی ہے اس طرح رکن یمانی کی تعظیم کی جاتی ہے اس کو بوسہ بھی دیا جاتا ہے اور رکن یمانی کی بھی اسی طرح تعظیم کی جاتی ہے اس کو بوسہ بھی دیا جاتا ہے اور جو دو رکن شامی ہیں ان کی تعظیم نہ کی جاتی ہے نہ ان کو بوسہ دیا جاتا ہے۔

حجر اسود کی تعظیم

حدیث نمبر ۲۹۶۱ میں ہے حضرت ابن عمر نے حجر اسود کو ہاتھ لگا کر اسے چوما اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہاتھ لگا کر ہاتھ کو چومتے ہوئے دیکھا ہے اس وجہ سے حجر اسود کو چومنے سے ماثور تو ورنہ جو حجر اسود کے چومنے پر قادر ہو وہ ہاتھ لگانے پر اقتصار نہ کرے

۳۸۰ - بَابُ اسْتِحْبَابِ تَقْبِيلِ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ فِي الطَّوَافِ

طواف میں حجر اسود کو بوسہ دینے کا بیان

۲۹۶۳ - وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ وَعَمْرٌو وَحَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو وَعَنِ ابْنِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب نے حجر اسود کو بوسہ دیا اور فرمایا بخدا میں خوب جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھ کو بوسہ دیتے

بِشِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ اَنَّ اَبَاهُ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ حَدَّثَهُ قَالَ قَبَّلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ الْحَجَرَ ثُمَّ قَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّكَ حَجَرٌ وَلَوْلَا اَنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ زَادَ هَارُوْنُ فِیْ رِوَایَتِهٖ قَالَ عَمْرٌو وَحَدَّثَنِیْ بِمِثْلِهٖ زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ اَبِیْهِ اَسْلَمَ.

دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے کبھی بوسہ نہ دیتا۔

۲۹۶۴ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا اَنَّ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَبَّلَ الْحَجَرَ وَقَالَ اِنِّیْ لَاُقَبِّلُكَ وَاِنِّیْ لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ وَبَكٰی وَرَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُقَبِّلُكَ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حجر اسود کو بوسہ دیا اور فرمایا میں تجھے بوسہ دے رہا ہوں حالانکہ میں خوب جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے اور نہ نقصان پہنچا سکتا ہے نہ نفع، اور اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے کبھی بوسہ نہ دیتا۔

۲۹۶۵ - وَحَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ هِشَامٍ وَاَبُوْ الْمُقَدَّمِیِّ وَاَبُوْ كَامِلٍ وَقُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ كُلُّهُمْ عَنْ حَمَّادٍ قَالَ حَسَنٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ قَالَ رَاَیْتُ الْاَصْلَعَ یَعْنِیْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ یُقَبِّلُ الْحَجَرَ وَیَقُوْلُ وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاُقَبِّلُكَ وَاِنِّیْ لَاَعْلَمُ اَنَّكَ لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَلَوْلَا اَنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَبَّلَكَ مَا قَبَّلْتُكَ وَفِیْ رِوَایَةِ الْمُقَدَّمِیِّ وَاَبِیْ كَامِلٍ رَاَیْتُ الْاَصْلَعَ

عبداللہ بن سرجس بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجر اسود کو بوسہ دے رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ میں تجھے بوسہ دے رہا ہوں حالانکہ میں خوب جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے نہ نقصان پہنچا سکتا ہے نہ نفع، اور اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے کبھی بوسہ نہ دیتا۔

۲۹۶۶ - وَحَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیٰی وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَزُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ جَمِیْعًا عَنْ اَبِیْ مُعَاوِیَةَ قَالَ یَحْیٰی اَخْبَرَنَا

عابس بن ربیعہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجر اسود کو بوسہ دے رہے تھے اور کہہ رہے تھے میں تجھے بوسہ دے رہا ہوں، حالانکہ

بَيْهَقِيَّةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيعَةَ قَالَ رَأَيْتُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ يُقَبِّلُ الْحَجَرَ وَيَقُولُ إِنِّي قَبَّلْتُكَ وَأَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ وَلَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ لَمْ أُقَبِّلْكَ.

میں خوب جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے اور اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے کبھی بوسہ نہ دیتا۔

۲۹۶۷- وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ جَمِيعًا عَنْ وَكِيعٍ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ قَالَ رَأَيْتُ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ قَبَّلَ الْحَجَرَ وَالْتَزَمَهُ وَقَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَ حَفِيٌّ

سوید بن غفلہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضرت عمر فاروق نے حجر اسود کو بوسہ دیا اور اس سے چمٹ گئے اور کہا کہ میں نے دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجھے بہت چاہتے تھے۔

۲۹۶۸- وَحَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُثَنًّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ وَكِيعٌ رَأَيْتُ أَنَّكَ سَيِّدُ صَنَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَفِيٌّ وَلَمْ يَقُلْ وَالْتَزَمَهُ.

ایک اور سند سے بھی یہ روایت سفیان سے اس طرح ہے کہ عمر نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجھے بہت چاہتے تھے اور اس میں یہ نہیں ہے کہ آپ حجر اسود سے چمٹ گئے۔

حجر اسود کے فضائل

علامہ قسطلانی لکھتے ہیں حجر اسود کعبہ کے اس رکن کو کہتے ہیں جو مشرقی دروازے سے قریب ہے اور اب وہ زمین سے دو ذراع کی بلندی پر ہے۔ حضرت ابراہیم کے زمانہ میں ابوقبیس پہاڑ کا ایک حصہ تھا جس میں حضرت آدم علیہ السلام نے حجر اسود کو رکھا تھا جب جنت سے حجر اسود کو اتارا گیا تو یہ دودھ سے زیادہ سفید تھا لیکن بنو آدم کے گناہوں نے اس کو سیاہ کر دیا اس حدیث کو امام ترمذی نے صحیح کہا ہے لیکن اس کی سند میں عطاء بن سائب ایک راوی ہے جس میں کچھ ضعف ہے لیکن صحیحین ابن خزیمہ میں بھی یہ روایت ہے جس سے یہ قوی ہو جاتا ہے۔ علامہ قسطلانی فرماتے ہیں کہ ہمیں گناہوں سے ڈرنا چاہیے کیونکہ جب گناہ پتھر میں اثر کر کے اس کو سیاہ کر دیتے ہیں تو ہمارے دل کا کیا حال ہوگا اور اس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ اس پتھر کو انبیاء اور مرسلین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کے ہاتھ مس کرتے رہے پھر بھی اس کا رنگ سیاہ ہی رہا حالانکہ انبیاء کرام علیہم السلام کے ہاتھوں کے مس کرنے کا تقاضا یہ تھا کہ اس پتھر کی سیاہی دور ہو جاتی لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں عبرت دلانے کے لیے اس کی سیاہی کو باقی رکھا تاکہ ہم گناہوں سے بچنے کی توفیق حاصل کریں اور اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے والے گناہوں سے لیکن بعض عبد قدیں ملحدین اس فنی نکتہ کو نہ سمجھ کر کہتے ہیں کہ

یاقوتوں میں سے دو یاقوت ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کے نور کو سلب کر لیا اور اگر سلب نہ کرتا تو اس کے نور سے آسمان و زمین مشرق و مغرب روشن ہو جاتے، یہ حدیث مسند احمد، جامع ترمذی اور صحیح ابن حبان میں ہے اور اس کی سند میں [illegible] ایک ضعیف راوی ہے لیکن تعدد اسانید کی وجہ سے یہ حدیث قوی ہو گئی۔ علامہ قسطلانی نور سلب کرنے کی یہ حکمت بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا نور اس لیے سلب کر لیا تاکہ کسی پر ایمان لانا ایمان بالغیب رہے اور ثواب ہو اور اگر اس کا نور سلب نہ فرماتا تو اس پر ایمان لانا ایمان بالمشاہدہ ہوتا، اور [illegible] ایمان بالمشاہدہ میں نہیں ہے۔[1]

آثار صالحین کو بوسہ دینے کے جواز میں فقہاء اسلام کی تصریحات

[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام و صالحین کے آثار کو بوسہ دینے پر استدلال کیا ہے علامہ بدرالدین عینی [illegible] شیخ ابن الدین فرماتے ہیں کہ معجزات شریفہ اور صالحین کے ہاتھوں اور پیروں کو برکت حاصل کرنے [illegible] دینا مستحسن ہے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ آپ نے [illegible] جس جگہ پر حضور اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بوسہ دیا تھا، اور وہ حضرت حسن کی وفات تھی حضرت بریدہ [illegible] اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے برکت حاصل کرنے کے لیے اس جگہ کو بوسہ دیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے ہاتھ کو اس وقت تک نہیں چھوڑتے تھے جب تک اس کو بوسہ نہ دے لیتے [illegible] حجر اسود کو بوسہ دینے کی [illegible] حسن نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ کو [illegible] ابن ربیع نے فرمایا کہ مجھ سے [illegible] علائی نے کہا کہ میں نے یہ [illegible] محدثین کے ہاتھوں سے کیسے [illegible] سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کے متعلق پوچھنے کے بارے میں سوال کیا تو امام احمد نے فرمایا کہ اس میں حرج نہیں ہے۔ ابن علائی نے کہا کہ ہمارے شیخ تقی [illegible] کرتے تھے اور [illegible] کرتے تھے اور [illegible] کے تعجب سے امام احمد بن حنبل کے نزدیک بہت بڑے تھے اور [illegible] ابن علائی سے [illegible] کیا بات ہے ہم نے امام احمد سے روایت کیا ہے [illegible] انہوں نے [illegible] ہیں اور جب وہ اہل علم میں سے [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار کی تعظیم کے لیے امام احمد کی حدیث کا کیا حال ہوا؟

علامہ عینی لکھتے ہیں کہ محب طبری نے فرمایا حجر اسود اور دیگر [illegible] کا جواز ثابت ہوتا ہے جس کو بوسہ دینے میں اللہ تعالیٰ کی تعظیم ہو، کیونکہ اس سنت میں گہری حکمت ہے [illegible] حکم نہیں آیا ہے تو کسی حدیث میں اس کی ممانعت یا کراہت بھی نہیں آئی ہے اور میرے [illegible] ان کی تصنیف سے ثابت کرتے ہیں کہ بعض صحابہ جب مصاحف (قرآن مجید کے نسخے) کو دیکھتے تو ان کو بوسہ دیتے اور جب احادیث کے اوراق کو دیکھتے تو انہیں بوسہ دیتے اور جب محدثین کی قبروں کو دیکھتے

---

[1] علامہ احمد بن قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ [illegible] ج ۳ ص ۱۵۵ مطبوعہ مطبعہ میمنہ [illegible]

تو انھیں بوسہ دیتے اور یہ بات بعید نہیں ہے [1]

دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کی اصل

شیخ انور شاہ کشمیری لکھتے ہیں کہ حجر اسود پر دونوں ہاتھ رکھ کر مصافحہ کرنے کا قائم مقام ہے اس لیے یہ دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنے کی اصل ہے نیز لکھتے ہیں کہ حجر اسود کو بوسہ دینا شرعاً ثابت ہے اس لیے یہ صالحین کے برکات کو بوسہ دینے کی اصل ہے حضرت عمر بن عبدالعزیز نے مصحف کو بوسہ دیا اور امام احمد بن حنبل نے مسند مطہ کے بوسہ دینے کو جائز کہا حافظ ابن تیمیہ اس سے حیران ہوئے کیونکہ یہ ان کے نزدیک جائز نہیں ہے [2]

صالحین اور بزرگوں کے ہاتھوں اور پیروں کو بوسہ دینے کے بارے میں احادیث۔

عن نافع بن عاصم قال قدمنا. فقيل ذاك رسول الله (صلى الله عليه وسلم) فاخذنا بيديه ورجليه نقبلها. [3]

عن صهيب قال رأيت عمر يقبل يد العباس ورجليه [4]

عن ابن عمر انه قبل يد النبي صلى الله عليه وسلم [5]

عن يحيى بن الحارث الذماري قال لقيت واثلة بن الاسقع فقلت وانا من اصحاب الصفة ما يمنعك ان تاتي رسول الله صلى الله عليه وسلم فتسأله قال اعطني يدك فقبلتها فاعطاني يده فاعطيتها فقبلتها [6]

عن صفوان بن عسال ان قوما من اليهود

واثلہ بن عمر کہتے ہیں کہ ہم آئے کہا یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں تو ہم آپ کے ہاتھوں اور پیروں کو بوسہ دینے لگے۔

صہیب کہتے ہیں میں نے حضرت علی کے ہاتھ اور پیر چومتے ہوئے دیکھا

حضرت ابن عمر بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ کو بوسہ دیا۔

یحییٰ بن حارث ذماری کہتے ہیں کہ میری ملاقات واثلہ سے ہوئی میں نے کہا مجھے کوئی ایسی حدیث بیان کیجیے جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو، انھوں نے کہا میں نے آپ کا ہاتھ بڑھائیے میں اس کو بوسہ دوں گا انھوں نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور میں نے اس کو بوسہ دیا۔

صفوان بن عسال کہتے ہیں کہ یہود میں سے ایک قوم

---

[1] علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۹ ص ۲۴۱، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ منیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ۔
[2] شیخ انور شاہ کشمیری متوفی ۱۳۵۲ھ، فیض الباری ج ۲ ص ۹۲ مطبوعہ مطبع حجازی مصر ۱۳۵۰ھ
[3] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، الادب المفرد ص ۲۵۳ مطبوعہ مکتبہ اثریہ سانگلہ ہل پاکستان
[4] " " " الادب المفرد، ص ۲۵۴ " "
[5] حافظ نورالدین الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، مجمع الزوائد ج ۸، ص ۴۲ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت، الطبعۃ الثالثہ ۱۴۰۲ھ۔
[6] " " " مجمع الزوائد ج ۸، ص ۹۲ " " " "

قبل يدي نبي صلى الله عليه وسلم و رجليه بله

نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں اور قدموں کو بوسہ دیا۔

علامہ علی متقی بمصنف عبدالرزاق، بیہقی، اور ابن عساکر کے حوالے سے بیان کرتے ہیں۔

عن تميم بن سلمة قال قام عمر لتلثم استقبله بوعبيدة بن الجراح فصفحه و قبل يده ثم خلوا يبكيان فكان تميم يقول تقبيل ليدمسة [1]

تمیم بن سلمہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر حجر اسود کا استلام کرنے لگے تو حضرت ابوعبیدہ بن جراح نے ان کا استقبال کیا اور ان سے مصافحہ کر کے ان کے ہاتھ کو بوسہ دیا۔ پھر دونوں خلوت میں رونے لگے۔ اور تمیم کہتے تھے کہ یہ بوسہ دینا مسنون ہے۔

حجر اسود کی تعظیم کا طریقہ

حدیث نمبر ۲۹۶۳ میں ہے۔ حضرت عمر بن الخطاب نے حجر اسود کو بوسہ دیا اس کی شرح میں علامہ نووی لکھتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ طواف میں حجر اسود کی تعظیم کے بعد اس کو بوسہ دینا مستحب ہے۔ اسی طرح حجر اسود پر سجدہ کرنا بھی مستحب ہے بلکہ حجر اسود پر پیشانی رکھ دے۔ بس مستحب یہ ہے کہ پہلے حجر اسود کو تعظیم سے چھوئے اس کو بوسہ دے، پھر اس پر پیشانی رکھ دے، ہمارا اور جمہور کا یہی مذہب ہے۔ ابن منذر نے حضرت عمر بن خطاب حضرت ابن عباس اور ابن زبیر اور امام احمد سے اس کو روایت کیا ہے۔ ابن منذر نے کہا ہے مجھ سے اس سلسلہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تقریباً بیس حدیثیں روایت کی ہیں۔ امام مالک اور اسحاق بن منذر کہتے ہیں کہ حجر اسود پر سجدہ کرنا مکروہ ہے۔ قاضی عیاض مالکی نے علماء کا یہی کہا ہے۔ اس مسئلہ میں امام مالک کی دلیل ناقابل اعتماد ہے۔

رکن یمانی کی تعظیم میں مذاہب

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ رکن یمانی کی تعظیم کرے اور اس کو بوسہ دے یہ مذہب ہے عبداللہ بن عمر حضرت ابوہریرہ حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابن زبیر کا۔ امام الوحنیفہ کہتے ہیں کہ اس کی تعظیم نہ کرے اور امام مالک نے امام احمد یہ کہتے ہیں کہ اس کی تعظیم کرے اور اس کے بعد ہاتھ نہ لگائے۔ امام مالک سے ایک روایت ہے کہ وہ اس کو بوسہ دے سکتے ہیں یہ بھی ایک روایت ہے۔

حضرت عمر نے حجر اسود سے کہا "تو نفع دیتا ہے نہ نقصان" اس کی تشریح میں فقہاء اسلام کی عبارات

حدیث نمبر ۲۹۶۵ میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حجر اسود کو بوسہ دینے کے بعد فرمایا میں خوب جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے نہ نفع دیتا ہے نہ نقصان دیتا اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا

---

[1] حافظ ذکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ متوفی ۲۳۵ھ، مصنف ج ۸ ص ۵۶۲ مطبوعہ ادارہ قرآن کراچی الطبعۃ اولیٰ ۱۴۰۷ھ

[2] علامہ علاء الدین علی متقی بن حسام الدین ہندی متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۵ ص ۲۲۰ مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت الطبعۃ خامسۃ ۱۴۰۵ھ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

واشہد ھو علی انفسھم انست بربکم قالوا بلی ۔ "اور جب آپ کے رب نے بنی آدم کی پشتوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان کی جانوں پر اقرار کرایا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے کہا کیوں نہیں" اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو پیدا کیا اور ان کی پشت پر ہاتھ پھیرا اور ان سے اقرار لیا کہ ہر وہ شخص کہ جس کا رب ہے اور وہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرے اس کا عہد و پیمان لیا اور اس کو ایک کاغذ میں لکھ دیا اور اس پتھر کی دو آنکھیں اور ایک زبان بنائی اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا منہ کھول۔ اس نے منہ کھولا۔ اللہ تعالیٰ نے وہ کاغذ اس کے منہ میں ڈال دیا اور فرمایا [illegible] سے وہ رہے قیامت کے دن اس کی گواہی دینا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا قیامت کے دن حجر اسود کو لایا جائے گا اور جو شخص اس کا استلام کرے گا یہ قیامت کے دن اس کی گواہی دے گا۔ پس اسے امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بتایا اور فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس بات سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں کہ آپ اس قوم میں رہیں جس میں سے [illegible] اور [illegible] اور دوسرے محدثین نے کہا ہے کہ بوجہ ان کو تمام لوگوں نے ضعیف قرار دیا ہے اور [illegible] اس کو جھوٹا قرار دیا ہے۔ الغرض یہ حدیث ضعیف ہے علامہ [illegible] کے لئے حجر اسود کو [illegible] کے واسطے سے یہ استلام کیا ہے کہ جو بھی شخص اس کا استلام کرے خواہ وہ کوئی ہو یہ اس کے حق میں اللہ کے ہاں گواہی دے گا اور اس حدیث سے کہ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق ہے کہ آپ نے فرمایا [illegible] مستحب قرار دیا ہے اور [illegible] حائض ہے۔ [1]

علامہ [illegible] کیا ہے اور [illegible] نے [illegible] سے یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے [illegible] کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حجر اسود [illegible] کا دایاں ہاتھ ہے جس سے اللہ تعالیٰ اپنے [illegible] مصافحہ کرتا ہے جب کوئی شخص کسی بادشاہ کی بیعت [illegible] تو اس کی دست بوسی کرتا ہے اور [illegible] جب بیت اللہ میں حاضر ہوتے ہیں تو ان کے لیے اس چیز کے بوسہ دینے کو مشروع کیا ہے جو اللہ تعالیٰ کے [illegible] قائم مقام ہے۔

---

[1] علامہ [illegible] متوفی ۱۲۲ھ [illegible] ص ۲۹۰ مطبوعہ [illegible]

[2] علامہ [illegible] متوفی ۹۴۴ھ [illegible] ص ۲۰ مشمولہ [illegible]

[3] علامہ [illegible] متوفی ۸۵۵ھ [illegible] ص ۲۴۰ [illegible] ۳۴۸ھ

علامہ عسقلانی نے بھی اس حدیث کی تشریح میں حاکم کی اس روایت کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ اول تو اس حدیث کی سند ضعیف ہے اور محب طبری کے حوالہ سے لکھا ہے کہ حضرت عمر نے جو یہ فرمایا کہ تو ایک پتھر ہے نفع نہیں پہنچا سکتا یہ اس خدشہ سے فرمایا تھا کہ کہیں جہلاء لوگ یہ نہ سمجھ لیں کہ اسلام میں بھی پتھروں کی اسی طرح تعظیم کی جاتی ہے جیسے زمانہ جاہلیت میں پتھروں اور بتوں کی تعظیم کی جاتی تھی اور مہلب کے حوالہ سے لکھا ہے کہ حضرت عمر کے اس قول سے ان لوگوں کا رد ہے جو کہتے ہیں کہ حجر اسود اللہ تعالیٰ کا دایاں ہاتھ ہے معاذ اللہ، اللہ تعالیٰ جسم سے پاک ہے۔ ہم نے کہا یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ حدیث میں روایات میں حجر اسود کے لیے یمین (دایاں ہاتھ) کا لفظ آیا ہے ان یمین سے مراد حقیقت نہیں ہے بلکہ یہ مثال اور کنایہ کے قبیل سے ہے۔

علامہ قسطلانی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس قول کی تشریح میں کہا ہے کہ حضرت عمر کی مراد یہ تھی کہ یہ حجر اسود نہ نفع اور نقصان نہیں پہنچا سکتا یہ کیونکہ جو چیز اس طرح ہو اس پر عمل کرنے سے نفع اور ثواب ہوگا اس کے بعد علامہ قسطلانی نے حاکم سے جو حدیث حجر اسود کی فضیلت میں روایت ذکر کی ہے جس میں حضرت علی کا یہ قول ہے کہ یہ حجر نفع اور نقصان پہنچا سکتا ہے کہا ہے کہ اول تو یہ حدیث ضعیف ہے دوسرا یہ کہ ابن ابی شیبہ نے مسند علی میں حضرت علی سے ثابت کی ہے اس میں ایک راوی بیت دلج کی ہے کہ ایک شخص نے حضرت علی سے کہا اے امیر المومنین میں نے حجر اسود کے پاس کھڑے ہو کر آپ کے بارے میں کہا ہے کہ میں خوب جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے نفع دیتا ہے نہ نقصان اور اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے بوسہ نہ دیتا۔ علامہ قسطلانی فرماتے ہیں کہ اس اسناد کی تحقیق کرنی چاہیے مگر اس حدیث کی صحیح سے حاکم کی روایت قسطلانی کا طل قرار دینے کی کوشش سبب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے نفع اور ضرر نہیں دیتا تو پھر یہ ممکن نہیں ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس سے تعارض کر کے کہیں کہ نہیں یہ نفع اور ضرر پہنچاتا ہے اور جس کو علامہ قسطلانی نے بھی ساقط قرار دیا ہے[1]

فقہاء اسلام اور علماء دیوبند کی عبارات کی روشنی میں ذاتی اور عطائی قدرت کی بحث

شیخ عثمانی نے بھی حضرت عمر کے اس قول کی تشریح میں لکھا ہے کہ حجر اسود بالذات نفع اور نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اس کے بعد مختلف شارحین کے اس نقل سے ہیں جن کو اوپر بیان کر چکے ہیں۔ اس کے بعد لکھتے ہیں میرے نزدیک یہ صحیح ہے کہ حضرت عمر کی مراد یہ تھی کہ تو عبادات کا مستحق نہیں ہے جیسا کہ بت پرست بتوں کے بارے میں اعتقاد رکھتے ہیں کیونکہ حجر نفع اور ضرر کا مالک نہ ہو وہ عبادت کے لائق نہیں ہے پس تمہارا حجر اسود کی تعظیم کرنا اور اس کو بوسہ دینا اس بنا پر کہ یہ عبادت نہیں ہے یہ مشرکین کا طریقہ ہے بلکہ یہ محض شعائر اللہ کی تعظیم اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی اتباع اور آپ کے حکم کی تعمیل ہے[2]

---

[1] علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ فتح الباری ج ۳ ص ۴۷۳ مطبوعہ نشر الکتب، لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] علامہ احمد قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ ارشاد الساری ج ۳ ص ۴۲، مطبوعہ مطبعہ میمنہ مصر ۱۳۲۶ھ۔

[3] شیخ شبیر احمد عثمانی متوفی ۱۳۶۹ھ، فتح الملہم ج ۳ ص ۳۲۳، ۳۲۲ مطبوعہ مکتبہ اعزاز کراچی

شیخ انبیٹھوی نے بھی [illegible] کی ہے کہ حجر اسود بذاتہ نفع اور نقصان نہیں پہنچا سکتا

علامہ عینی نے لکھا ہے کہ حجر اسود بغیر اذن الٰہی کے نفع اور نقصان نہیں پہنچا سکتا، علامہ [illegible] سے کہا ہے کہ حجر اسود بذاتہ نفع اور نقصان نہیں پہنچا سکتا (مفہوم) علامہ قسطلانی نے لکھا ہے کہ حجر اسود [illegible] نہیں پہنچا سکتا، علامہ دمیری نے [illegible] سے لکھا ہے کہ حجر اسود بذاتہ نفع اور نقصان نہیں پہنچا سکتا، ملا علی قاری نے لکھا ہے کہ حجر اسود بذاتہ نفع اور نقصان نہیں پہنچا سکتا، اور علامہ وحید الزمان نے [illegible] سے لکھا ہے کہ حجر اسود بذاتہ نفع و نقصان نہیں پہنچا سکتا، [illegible] نے فرمایا تھا تو ایک بیشمار [illegible] عقل و نقل کے نفع و نقصان نہیں پہنچا سکتا [illegible] عقل کی مرد بیان کرتے ہوئے [illegible] اور [illegible] سب نے بذاتہ نفع و نقصان نہیں پہنچا سکتا [illegible] سکے حق میں [illegible] [illegible] بذاتہ نفع و نقصان نہیں پہنچا سکتا [illegible] آپ کی [illegible] اور آپ کی [illegible] ہوا کہ [illegible] اور [illegible] [illegible] اور [illegible] [illegible] سے [illegible] [illegible] [illegible]

بَابُ جَوَازِ الطَّوَافِ عَلَى بَعِيرٍ وَغَيْرِهِ وَاسْتِلَامِ الْحَجَرِ بِمِحْجَنٍ وَنَحْوِهِ لِلرَّاكِبِ

اونٹ وغیرہ پر سوار ہو کر طواف کرنے کا جواز

۲۹۶۹۔ وَحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلَى بَعِيرٍ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اونٹ پر سوار ہو کر طواف کیا اور حجر اسود کو چھڑی سے چھوا۔

۲۹۷۰۔ وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ طَافَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْتِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلَى رَاحِلَتِهِ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ بِمِحْجَنِهِ لِأَنْ يَرَاهُ النَّاسُ وَلِيُشْرِفَ وَلِيَسْأَلُوهُ فَإِنَّ النَّاسَ غَشُوهُ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اپنی اونٹنی پر بیت اللہ کا طواف کیا تاکہ لوگ آپ کو دیکھ لیں اور آپ سے سوالات کر سکیں کیونکہ لوگوں نے آپ کو گھیر رکھا تھا۔

۲۹۷۱۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ يَعْنِي ابْنَ بَكْرٍ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا يَقُولُ طَافَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلَى رَاحِلَتِهِ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيَرَاهُ النَّاسُ وَلِيُشْرِفَ وَلِيَسْأَلُوهُ فَإِنَّ النَّاسَ غَشُوهُ

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اپنی اونٹنی پر بیت اللہ اور صفا و مروہ کا طواف کیا تاکہ لوگ آپ کو دیکھ لیں اور آپ سے سوالات کر سکیں کیونکہ لوگوں نے آپ کو گھیر رکھا تھا۔

لَمْ يَذْكُرِ ابْنُ خَشْرَمٍ وَلَيْسَ لَهُ فَقَطْ۔

۲۹۰۲۔ وَحَدَّثَنِي الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى أَبُو صَفْرٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ لَمَّا جَاءَ الْكَعْبَةَ مَعَ عُثْمَانَ يَسْتَلِمُ الرُّكْنَ كَرَاهِيَةَ أَنْ يُضْرَبَ عَنْهُ النَّاسُ۔

۲۹۰۳۔ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُثَنًّى حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ وَحَدَّثَنَا مَعْرُوفُ بْنُ خَرَّبُوذَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ يَقُولُ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ وَيَسْتَلِمُ الرُّكْنَ بِمِحْجَنٍ مَعَهُ وَيُقَبِّلُ الْمِحْجَنَ۔

۲۹۰۴۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا قَالَتْ شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي أَشْتَكِي فَقَالَ طُوفِي مِنْ وَرَاءِ النَّاسِ وَأَنْتِ رَاكِبَةٌ فَطُفْتُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَئِذٍ يُصَلِّي إِلَى جَنْبِ الْبَيْتِ وَهُوَ يَقْرَأُ بِالطُّورِ وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں کعبہ کے گرد طواف کیا، آپ نے حجر اسود کی تعظیم کی آپ لوگوں کے شر سے بچانے کو اپنے گرد [illegible]

حضرت ابو طفیل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت اللہ کا طواف کرتے دیکھا آپ اپنی چھڑی سے [illegible] کرتے تھے اور اپنی چھڑی کو بوسہ دیتے تھے۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے [illegible] کی شکایت کی، آپ نے فرمایا، سوار ہو کر لوگوں کے پیچھے سے طواف کرو، چنانچہ میں نے طواف کیا اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] سورۂ طور اور کتاب مسطور پڑھ رہے تھے۔

اونٹ پر طواف کرنے کی حکمت

حدیث نمبر ۲۹۰۵ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] طواف کیا [illegible] سے پسند فرمایا تاکہ لوگ آپ کو دیکھ لیں اور آپ تک پہنچنے کی [illegible] سے اور اس سے یہ مسئلہ واضح ہو گیا کہ عذر کی وجہ سے سواری پر بیٹھ کر طواف کرنا [illegible] سے صحیح ہے اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو سواری پر بیٹھ کر طواف کی اجازت دی کیونکہ ان کو [illegible] گرد دست جمڑ تھی جس کی وجہ سے آپ لوگوں میں پہنچ گئے تھے اور دور کے لوگ آپ کو [illegible]

اس وجہ سے آپ نے اونٹ پر طواف کیا تاکہ سب لوگ آپ کو دیکھ سکیں۔ اس باب کی حدیث میں یہ بھی وجہ بیان کی گئی ہے اور اس سے یہ معلوم ہوا کہ طواف کا مسجد میں کسی بلند جگہ پر مثلاً کرسی یا تخت پر بیٹھنا جائز ہے۔ امام مالک تخت پر بیٹھ کر درس حدیث دیتے تھے۔

حلال جانوروں کے بول و براز کی طہارت میں مذاہب ائمہ

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ ان احادیث سے امام مالک امام احمد کے اصحاب نے یہ استدلال کیا ہے کہ جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے ان کا پیشاب اور گوبر پاک ہے کیونکہ وہ جب مسجد میں داخل کیا جائے گا تو اس کا پیشاب اور اس جیسی چیز گرے گی گوبر یہ چیزیں پاک ہوں تو اونٹ کو مسجد میں نہ داخل کیا جائے۔ امام ابوحنیفہ و امام شافعی کے نزدیک پیشاب اور ہر حرام جانور کا گوبر ناپاک ہے حرام جانوروں کا اور ان کی طرف سے یہ کہا جائے گا کہ اونٹ کو مسجد میں داخل کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا پیشاب اور گوبر بھی مسجد میں لے جایا جائے تھوک یا بلغم جو مسجد میں گرتا تھا صحابہ نے اس کو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں کنکریوں سے رگڑ کر مسجد میں دفن کر دیا اور آپ نے اس قسم کی حدیث کو نہ تو یہ کہا ہے کہ تھوک اور بلغم کو بھی مسجد میں داخل کرنا جائز ہے اور نہ اس سے یہ لازم آتا ہے کہ وہ مسجد میں پیشاب وغیرہ کریں تاکہ اس کی طہارت کا حکم دیا جائے اونٹ کو مسجد میں داخل لانے سے یہ لازم آتا ہے کہ اس کا پیشاب اور گوبر بھی مسجد میں داخل لایا جائے۔

بَابُ بَيَانِ أَنَّ السَّعْيَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ رُكْنٌ لَا يَصِحُّ الْحَجُّ إِلَّا بِهِ

صفا و مروہ کی سعی حج کا رکن ہے

۲۹۰۵ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا

وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا میں یہ سمجھتا ہوں کہ کوئی شخص صفا اور مروہ کے درمیان طواف نہ کرے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ حضرت عائشہ نے فرمایا: تم کس وجہ سے کہہ رہے ہو؟ میں نے کہا قرآن مجید میں ہے (ترجمہ:) "صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں جو شخص حج اور عمرہ کرے اور ان کا طواف کرے تو کوئی حرج نہیں ہے" (حرج کی نفی سے) حضرت عائشہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کا حج یا عمرہ نہیں کہتا جو صفا و مروہ کے درمیان سعی نہ کرے اور اس طرح تم نے سمجھا ہے اگر اس طرح ہوتا تو اللہ تعالیٰ یوں فرماتا کہ صفا اور مروہ پر سعی کرے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

شَطَّ سَحِيقٌ تَهْوِي بِهِمْ سَفَنٌ وَّنَاسٌ مِّنْ
ثُمَّ يَجِيئُونَ فَيَطُوفُونَ بَيْنَ سِتْرٍ وَ
الْبَيْتِ وَهُمْ يَطُوفُونَ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ
اعْتَمَرَ فَاسْتَنْكَفَ أَنْ يَطُوفَ بَيْنَ
الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَذَلِكَ حِينَ يَقُولُ
اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ
مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ الْآيَةَ فَقَدْ كَانَ
يَقُولُ بِكُلٍّ فَقَدْ جُنَاحٌ أَنْ لَا يَطَّوَّفَ
بِهِمَا ثُمَّ إِنَّ هَذَا فِي أَمْرِ الصَّبِيِّ
كَانُوا إِذَا أَهَلُّوا أَهَلُّوا بِمَنَاةَ فِي نَحْوِ هَذَيْنِ
وَإِنَّمَا نَتَحَرَّجُ أَنْ نَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا وَ
الْمَرْوَةِ فَلَمَّا جَاءَ الْإِسْلَامُ سَأَلْنَا رَسُولَ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ وَ
ذَكَرْنَا لَهُ هَذِهِ الْآيَةَ فَنَحْنُ نَرَى أَنَّ
عَلَى أُنَاسٍ أَنْ لَا يَطُوفُوا بَيْنَ الصَّفَا
وَالْمَرْوَةِ

۲۹۰۷ - وَحَدَّثَنَا

اور تم جانتے ہو کہ اس آیت کا شان نزول کیا ہے
کا شان نزول یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت میں ساحل سمندر
پر دو بت رکھے ہوئے تھے اساف اور نائلہ اور
انصار ان کے نام کا احرام باندھتے تھے پھر جا کر صفا اور
مروہ میں سعی کرتے تھے (دوڑتے تھے) اور اس کے بعد سر
منڈاتے تھے، جب اسلام آیا تو انصار نے زمانہ جاہلیت
میں اپنی سعی کے خیال سے صفا اور مروہ کے درمیان
کو مکروہ جانا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ صفا
اور مروہ میں طواف کرنے میں کوئی
نفی حرج کا ذکر اباحت بتلانے کے لیے نہیں بلکہ انصار
کے دل سے جو کراہت تھی اس کو دور کرنے کے لیے
ہے۔)

۲۹۰۶ - وَحَدَّثَنَا

عروہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
سے اس کو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر میں صفا اور مروہ کے
درمیان سعی نہ کروں تو کوئی حرج نہیں ہے
نے پوچھا کیوں، میں نے اس پر کہا کہ
(ترجمہ) صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں
حج یا عمرہ کرے اس کا طواف کرنا کوئی
حرج کی بات نہیں ہے حضرت عائشہ
رہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت
وہ دونوں کا طواف کریں تو کوئی حرج
آیت انصار کے کچھ لوگوں کے بارے میں
تو زمانہ جاہلیت میں منات کا احرام باندھتے تھے
وہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا
سے منع کر دیا، اس وقت انہوں نے یہ بات
ان کا دل میں کچھ ایسا خیال تھا
کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی
عروہ کہتے ہیں کہ میں نے

۲۹۰۷ - وَحَدَّثَنَا

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قُلْتُ لِخَالَتِي عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَأَيْتِ قَوْلَ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا فَمَا أُرَى عَلَى أَحَدٍ شَيْئًا أَنْ لَا يَتَطَوَّفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَمَا أُرَى عَلَى أَحَدٍ شَيْئًا أَنْ لَا يَتَطَوَّفَ بِهِمَا قَالَتْ لَا وَلَوْ هُوَ كَمَا تَقُولُ كَانَتْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَا يَتَطَوَّفَ بِهِمَا قَالَ أَبُو بَكْرٍ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِنَّ هَذِهِ لَأَبْيَنُ مِنْ آيَةِ كَذَا وَكَذَا فَانْظُرْ كَيْفَ هِيَ وَقَدْ سَمِعْتُ رِجَالًا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ يَقُولُونَ إِنَّمَا كَانَ مَنْ لَا يَطُوفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ مِنَ الْعَرَبِ يَقُولُونَ إِنَّ طَوَافَنَا بَيْنَ هَذَيْنِ الْحَجَرَيْنِ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ وَقَالَ آخَرُونَ مِنَ الْأَنْصَارِ إِنَّمَا أُمِرْنَا بِالطَّوَافِ بِالْبَيْتِ وَلَمْ نُؤْمَرْ بِهِ فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ قَالَ أَبُو بَكْرٍ فَأُرَاهَا قَدْ نَزَلَتْ فِي هَؤُلَاءِ وَهَؤُلَاءِ

تو میں نے خالہ عائشہ سے عرض کیا کہ میرا خیال ہے کہ جو شخص نہ صفا اور مروہ میں طواف نہ کرے تو کوئی حرج نہیں ہے اور میں اس میں طواف نہ کروں تو کوئی پروا نہیں کرتا ہوں۔ عائشہ نے فرمایا اے بھانجے تم نے بہت بُرا کہا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام مسلمانوں نے سعی کی ہے تو یہ سنت سے ہے (سعی کا مسئلہ واجب یا رکن نہیں ہے بلکہ سنت ہے) بات یہ ہے کہ جو لوگ مناۃ بت کے لیے احرام باندھتے تھے وہ صفا اور مروہ میں سعی نہیں کرتے تھے۔ جب اسلام یا فتح مکہ سے اس کی حالت آئندہ اس کے بارے میں سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں جو شخص حج یا عمرہ کرے اس پر ان کا طواف کرنے میں کوئی گناہ نہیں ہے اگر ایسا ہوتا جیسا تم کہہ رہے ہو تو اللہ تعالیٰ یوں فرماتا [illegible] کوئی حرج نہیں ہے [illegible] عائشہ کی قرأت کے مطابق ہے [illegible] کرتے تھے اور مروہ میں طواف نہیں کرتے تھے [illegible] کہتے تھے کہ ان دو پتھروں میں [illegible] ہے اور دوسرے [illegible] کہ ہمیں بیت اللہ میں طواف کا حکم دیا گیا ہے اور صفا اور مروہ میں طواف کا حکم نہیں دیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ ابوبکر بن عبدالرحمان سے روایت ہے کہ میرا خیال ہے کہ ان دونوں گروہوں کے بارے میں آیت نازل ہوئی ہے۔

۲۹۷۸ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّهُ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّهُ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ فَمَنْ لَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ فَقَدْ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعْنَا حِينَ حَدَّثَ فَقَالُوا إِنَّمَا أُمِرْنَا بِالطَّوَافِ بِالْبَيْتِ وَلَمْ نُؤْمَرْ أَنْ نَطُوفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ يَذْكُرْ فَهَلْ عَلَيْنَا مِنْ حَرَجٍ أَنْ نَطُوفَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ اللَّيْثِ إِلَى آخِرِهِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فِي حَدِيثِهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا قَدْ سَنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّوَافَ بَيْنَهُمَا فَلَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يَتْرُكَ الطَّوَافَ بِهِمَا۔

عروہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا... اس کے بعد حسب سابق روایت ہے اور اس روایت میں یہ ہے کہ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم صفا اور مروہ کے طواف میں حرج محسوس کرتے ہیں تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں جو شخص بیت اللہ کا حج اور عمرہ کرے اس پر صفا اور مروہ کے طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا اور مروہ کے درمیان طواف کو مسنون فرمایا ہے اب کسی شخص کے لئے ان کا چھوڑنا جائز نہیں ہے۔

۲۹۷۹ - وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ الْأَنْصَارَ كَانُوا قَبْلَ أَنْ يُسْلِمُوا هُمْ وَغَسَّانُ يُهِلُّونَ لِمَنَاةَ فَتَحَرَّجَ أَنْ يَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَكَانَ ذَلِكَ سُنَّةً فِي آبَائِهِمْ مَنْ أَحْرَمَ لِمَنَاةَ لَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَإِنَّهُمْ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ حِينَ أَسْلَمُوا فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ذَلِكَ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللَّهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ۔

عروہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھے بتایا کہ انصار اور غسان اسلام قبول کرنے سے پہلے مناۃ کا احرام باندھتے تھے اس لیے وہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرتے تھے... اسلام قبول کرنے کے بعد انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں سوال کیا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی کہ صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کے شعائر میں سے ہیں جو شخص بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے اس پر ان کا طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے... جو شخص نیکی کرے گا تو اللہ تعالیٰ شکر کی جزا دینے والا اور علم والا ہے۔

۲۹۸۰ - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انصار صفا اور مروہ میں سعی کرنے کو مکروہ سمجھتے تھے...

رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت کانت الانصار یہلون ان یطوفوا بین الصفا والمروۃ حتی نزلت ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ فمن حج البیت او اعتمر فلا جناح علیہ ان یطوف بہما۔

ہے بات نازل ہوئی کہ صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ جو شخص بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے اس پر ان کا طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وسعت علمی

علماء کہتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے علم کی وسعت عظیم ذکاوت، وسیع معرفت، تعریف انکاری اور [illegible] دلالت کرتی ہے کیونکہ اس آیت کریمہ سے یہ تاثر ملتا ہے کہ صفا و مروہ میں طواف کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ نے گناہ ساقط کر دیا ہے اب ہمیں صفا اور مروہ کی سعی کے وجوب یا عدم وجوب پر کوئی دلالت نہیں ملتی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس چیز کو بیان کیا اور اس کا شان نزول بیان کیا اور یہ بتلایا کہ یہ آیت ان انصار کے بارے میں نازل ہوئی جو اسلام لانے سے پہلے صفا و مروہ میں دوڑنے کو مکروہ سمجھتے تھے اور جب یہ آیت اس کی اباحت بیان کرنے کے لیے نازل ہوئی تو انہوں نے سمجھا تھا اور یہ آیت اس طرح ہوتی فلا جناح علیہ ان لا یسعی بہما صفا اور مروہ کی سعی سے کوئی حرج نہیں ہے۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک فعل واجب ہوتا ہے لیکن سامع سمجھتا ہے کہ وہ ناجائز ہے جس طرح صفا اور مروہ کی سعی ظہر ہوئی ہو اور وہ سمجھتا ہو کہ حج کے بعد اضافہ پڑھا جائے گا۔ اس لیے اس کے بعد اضافہ پڑھا جائے گا۔ اس لیے اس مسئلہ میں کوئی حرج نہیں ہے اور اس کے بعد سنا پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے تو اس کا یہ کہنا صفا کے وجوب کے منافی نہیں ہے۔ اس طرح ستانہ کا یہ فرمانا کہ صفا اور مروہ میں دوڑنے میں کوئی حرج نہیں ہے صفا و مروہ کی سعی کے وجوب کے خلاف نہیں ہے۔

صفا اور مروہ کی سعی میں مذاہب ائمہ

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ جمہور صحابہ اور فقہاء تابعین اور ائمہ کا مذہب یہ ہے کہ صفا اور مروہ کی سعی حج کے ارکان میں سے ہے اس کے بغیر حج صحیح نہیں ہوتا اور اس کے ترک کرنے سے جو حج میں کمی ہوئی ہے وہ دم (قربانی) سے پوری ہوتی ہے امام مالک، امام شافعی اور امام احمد کا یہی مسلک ہے۔ بعض متقدمین سے اس کو نفل کہا ہے اور امام ابوحنیفہ اس کو واجب کہتے ہیں۔ ان کے نزدیک حج کرنے والا اس کے ترک سے گناہ گار ہوگا اور دم (قربانی) دینے سے اس کا گناہ دور ہو جائے گا اور اس کا حج صحیح ہو جائے گا۔ ائمہ ثلاثہ کی دلیل اس باب کی احادیث ہیں ہے

صفا اور مروہ کی سعی میں امام ابوحنیفہ کے موقف پر دلائل

احناف کے نزدیک صفا اور مروہ میں سعی (دوڑنا) حج میں نفل اور رکن نہیں ہے بلکہ واجب ہے علامہ شبلی لکھتے ہیں اگر کسی شخص نے حج یا عمرہ میں صفا و مروہ میں سعی (دوڑنے) [illegible] مذہب ہے [illegible]

---

۱ علامہ شبلی ابن شرف الدین متوفی ۶۷۶ھ شرح صحیح مسلم ج ۱ ص ۴۱۳ منشورہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولیٰ، ۱۳۷۵ھ

واجب کا ترک کرنا دم کو واجب کرتا ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سعی رکن ہے اور کسی شخص کا حج بغیر سعی کے بھی پورا نہیں ہوتا، انھوں نے اس روایت سے استدلال کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا و مروہ میں سعی کرنے کا حکم دیا ہے پس سعی کیا کرو اور ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے سعی کو لکھ دیا ہے پس سعی کیا کرو اور ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صفا و مروہ میں سعی نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس کا حج و عمرہ قبول نہیں کرتا اور جمہور علماء کی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے فمن حج البیت او اعتمر فلا جناح علیہ ان یطوف بھما "جس شخص نے بیت اللہ کا حج یا عمرہ کیا، اس کے لیے صفا اور مروہ کی سعی میں کوئی حرج نہیں ہے، اس قسم کے الفاظ باحسن کے لیے آتے ہیں واجب کے لیے نہیں آتے، پس اس آیت کا تقاضا یہ ہے کہ سعی واجب نہ ہو کیونکہ اس پر اجماع ہے کہ سعی مباح نہیں ہے اس لیے تم نے اس کو ترک کر دیا اور قرآن مجید میں یہ مضمون اس لیے ذکر کیا گیا ہے کہ بعض صحابہ صفا اور مروہ میں سعی سے احتراز کرتے تھے، جب یہ آیت نازل ہوئی تو ان کی آیت سے یہ معلوم ہوا کہ صفا و مروہ میں سعی کے ترک کا گناہ اس حد تک ہے کہ مؤاخذہ اس کے ترک پر ہے اس سے ترک سعی واجب ہو گی اور جس حدیث سے امام شافعی نے استدلال کیا ہے اس سے ان کا مدعا ثابت نہیں ہوتا کیونکہ اگر بعینہٖ سعی (دوڑنا) مکتوب نہ رکھے ہوتے) ہونے کی وجہ سے فرض ہوتا تو صفا و مروہ میں سعی کرنا ارکان حج سے ہوتا جبکہ حج اور عمرہ میں صفا و مروہ میں سعی کرنا بالاتفاق رکن نہیں ہے بلکہ اور چیزیں ہیں جو اس کے خلاف پر دلالت کرتی ہیں وہ یہ ہے کہ اگر سعی بعینہٖ مکتوب ہوتی تو سعی پر محل حیات گزرتی لیکن بالاتفاق سعی کے محل حیات گزرنے کے بعد تمام ہونے کی صفت واجب سے خارج ہو جاتی ہے، اس سے ثابت ہوا کہ صفا و مروہ میں سعی کرنا واجب ہے۔

باب ۳۸۳ بَيَانِ أَنَّ السَّعْيَ لَا يُكَرَّرُ

سعی کی تکرار نہیں ہوتی

۲۹۸۱ - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ لَمْ يَطُفِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا أَصْحَابُهُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ إِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب نے صفا اور مروہ کے درمیان صرف ایک طواف کیا تھا۔

۲۹۸۲ وَحَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ إِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا هَذَا الْأَوَّلُ۔

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمرہ عقبہ میں یوم نحر کو سات کنکریاں ماری جاتی ہیں اور یہ واجب ہے اگر کسی شخص نے جمرہ عقبہ کے علاوہ باقی جمرات میں کنکریاں ماریں جس کا نام تشریق ہے گئے تو اس کا حج صحیح ہے اور اس پر دم لازم ہوگا۔ امام مالک کا قول ہے اور ایک جماعت فقہاء اور صحابہ کا بھی یہی نظریہ ہے۔ امام شافعی نے کہا ہے کہ کمزور لوگوں کے لئے رات میں کنکریاں مارنا جائز ہے اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ سات کنکریاں ماری جائیں اور ان کا ذکر اس حدیث کے علاوہ دوسری حدیث سے ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ دی کے علاوہ دوسرے دن کنکریاں مارنی واجب نہیں۔ مستحب یہ ہے کہ کنکریاں مارنے والا دی کے دن طلوع آفتاب کے بعد اور زوال سے پہلے مکہ مکرمہ میں کنکریاں مارے اور اگر وہ رات میں کنکریاں مارے تو بھی جائز ہے اور اس کا فدیہ واجب نہیں ہوگا۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کنکریاں مارنے میں ترتیب صحیح ہے اور جن جمہور کا مسلک ہے کہ وہ جس طرح بھی کنکریاں مارے صحیح ہے اس کا رد ہے کہ وہ جمرہ عقبہ کی طرف منہ کرکے یا وہ اس کی دائیں جانب اور خود وادی کے بیچ سے کنکریاں مارے یا بائیں جانب سے تو جمرہ عقبہ کے علاوہ باقی کنکریاں کس طرح سے مارنا مستحب ہے[1]

قرآن مجید میں سورتوں اور آیات کی ترتیب توقیفی ہے

حدیث نمبر ۳۰۲۸ میں سے صحابہ رضی اللہ عنہم کا یہ کہنا کہ قرآن مجید کی اس طرح ترتیب کرنا صحیح

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۸ ص ۱۴۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، طبعۃ اولیٰ ۱۳۷۵ھ

حضرت جبرائیل نے تعلیم کی ہے۔ علامہ نووی لکھتے ہیں۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ گو حجاج نے اس سے ہدایت کی تاریخ کو زیادہ کیا ہے تو مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ ان آیات کی وہی ترتیب ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل علیہ السلام کی ہدایت میں اسی ترتیب کے ساتھ آیات جمع کی گئی ہیں اور اس وقت بہت سے صحابہ موجود تھے جو قرآن مجید کے نسخوں میں اسی ترتیب پر تالیف ہے اور اگر حجاج کی مراد سورتوں کی ترتیب سے کہ فلاں سورت مقدم ہے اور فلاں مؤخر ہے تو یہ ترتیب بعض فقہاء کے اقوال سے ثابت ہے اور محققین نے اس کی مخالفت کی ہے اور کہا کہ یہ ترتیب صحابہ کے اجتہاد سے ہے اس میں توقیف نہیں ہے[1]

اس مسئلہ میں اختلاف ہے اور صحیح یہ ہے کہ جس طرح آیات کی ترتیب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ہے اور آپ کی ہدایات کے مطابق آیات کو مرتب اور جمع کیا گیا ہے، اسی طرح سورتوں کی ترتیب بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت سے ہے۔ اور دونوں کی ترتیب توقیفی ہے۔

علامہ سیوطی لکھتے ہیں، علامہ کرمانی وغیرہ نے کہا ہے کہ سورتوں میں آیات وغیرہ کی ترتیب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ہے، چونکہ آپ نے سورہ توبہ کے آغاز میں بسم اللہ کو لکھنے کا حکم نہیں دیا اس سے معلوم ہوا کہ یہ سورت علیحدہ نازل کی گئی۔ قاضی ابوبکر نے انتصار میں کہا ہے کہ آیات کی ترتیب واجب اور لازم ہے۔ حضرت جبرئیل بتاتے تھے کہ فلاں آیت کو فلاں جگہ رکھو۔ نیز علامہ سیوطی لکھتے ہیں کہ علامہ کرمانی نے برہان میں کہا ہے کہ سورتوں کی ترتیب اللہ تعالیٰ کے نزدیک لوح محفوظ میں بھی اسی ترتیب پر ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر سال جبرئیل کے ساتھ قرآن مجید کا دور کیا کرتے تھے جس سال آپ کا وصال ہوا آپ نے دو مرتبہ دور کیا تھا۔ امام بیہقی نے مدخل میں کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں قرآن مجید کی سورتوں اور آیات کی یہی ترتیب تھی سوائے سورہ انفال اور سورہ توبہ کے۔ اور علامہ ابن انصار کہتے ہیں کہ سورتوں کی ترتیب اور ان میں آیات کو رکھنا وحی سے ثابت ہے[2]

علامہ زرکشی کے نزدیک سورتوں کی ترتیب اجتہادی ہے[3]

بَابُ اِسْتِحْبَابِ رَمْيِ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ يَوْمَ النَّحْرِ رَاكِبًا وَبَيَانِ قَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِتَأْخُذُوا مَنَاسِكَكُمْ

باب ۳۹۰: یوم نحر کو سوار ہو کر جمرۂ عقبہ کی رمی کرنا۔

۳۰۲۳۔ وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرٰهِيمَ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ جَمِيعًا عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر جمرۂ عقبہ کی

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۱ ص ۱۹۴ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع الطبعۃ الاولیٰ، ۱۳۷۵ھ

[2] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ الاتقان ج ۱ ص ۲۳۔ ۶۰ مطبوعہ سہیل اکیڈمی، سنہ ۱۴۰۰ھ۔

[3] علامہ بدرالدین محمد بن عبداللہ زرکشی متوفی ۷۹۴ھ البرہان فی علوم القرآن ج ۱ ص ۲۷۲ مطبوعہ دار المعرفۃ، طبع دوم سنہ ۱۳۹۱ھ

وَقَالَ ابْنُ حُجْرٍ أَخْبَرَنَا عِيسَى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ نَاءَتْ سُنَّةُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جِيءَ بِهِ وَسَنَّةُ نَبِيِّهِ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ يَقُولُ إِنَّ خُذُوا عَنِّي مَنَاسِكَكُمْ فَإِنِّي لَا أَدْرِي لَعَلِّي لَا أَحُجُّ بَعْدَ حَجَّتِي هَذِهِ

کنکریاں پھینک رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ مجھ سے حج کے احکام سیکھ لو، کیونکہ میں از خود نہیں جانتا شاید اس حج کے بعد میرا حج نہیں ہوگا۔

۳۰۳۴ ۔ وَحَدَّثَتْنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ شَهِدْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَجَّتَهُ الْوَدَاعَ فَرَأَيْتُهُ حِينَ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ وَانْصَرَفَ وَهُوَ عَلَى رَاحِلَتِهِ وَمَعَهُ بِلَالٌ

حضرت ابوالطفیل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع کے موقع پر شرکت کی، میں نے آپ کو دیکھا جب آپ نے جمرۂ عقبہ کی رمی کی اور واپس ہوئے تو آپ اپنی اونٹنی پر سوار تھے اور بلال آپ کے ساتھ تھے

۳۰۳۵ ۔ وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ جَمْعٍ حِينَ دَفَعَ يَقُولُ لِلضُّعَفَةِ

حضرت ام حصین رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع کے موقع پر اسامہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما کو دیکھا ان میں سے ایک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کی مہار تھامے ہوئے تھا اور دوسرا اپنے کپڑے کو اوپر تان کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سایہ کیے ہوئے تھا یہاں تک کہ آپ رمی جمرۂ عقبہ سے

اللہ عنہما وأحمد ... بخطام ناقة النبي صلى الله عليه وسلم ورافع ... يستره من الحر وهو خلف شجرة العقبة قال مسلم ... وهو خال محمد بن سلمة ... وأحمد وابنه وإسحاق ... رحمهم

کرنے والے مجرد عقبہ رکھتے ہیں۔

سوار ہو کر رمی کرنے میں مذاہب

علامہ نووی کہتے ہیں کہ ... رمی سوار ہو کر کرنی ... عقبہ پر سوار ہو کر رمی کرنی ... پیادہ رمی کرتے ہیں ... کاسنی اور بامرشق کے پتے دونوں کا حکم ہے ... کنکریاں اور دیگر تمام کنکریاں ... حمد حنبل کا مذہب ہے ... سے ہے بشرطیکہ کنکریاں اپنی جگہ پر ماری ہوں[1]

علامہ ابو الحسن عبیدی حنفی سے کہا ہے کہ ... ہے ... رمی جس کے ... سوار ہو کر رمی کرنے ...

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عقبہ کی رمی کی وجہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ... ہے ... گئی ہے ... ہے ... سکتے ... ہے ... سال آپ کی وفات ہونے والے ... نہیں ... کے باوجود آپ نے ... تخصیص کی وجہ ... سے ... کسی شخص کو ... رمی کرتے ...

---

[1] علامہ عینی نے تحفۃ الباری شرح صحیح مسلم ج ۹ ص ۴۹ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی، طبع اول، ۱۳۷۵ھ

[2] علامہ ابو الحسن علی بن خلف المالکی المعروف بابن بطال شرح صحیح بخاری ج ۴ ص ۴۱۴ مطبوعہ مکتبہ ... طبع ...

نے نسیج لبیات میں لکھ دی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بادل کا سایہ کرنا اکثری حکم ہے

(حدیث نمبر ۳۰۳۴ اور ۳۰۳۵) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حضرت اسامہ یا حضرت بلال میں سے کسی نے ایک کپڑے سے سایہ کیا ہوا تھا تاکہ آپ کو دھوپ اور گرمی نہ لگے۔ صحیح بخاری میں بھی ہے کہ ہجرت کے موقع پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے آپ کے سر پر چادر تان کر دھوپ کی وجہ سے آپ پر سایہ کیا۔ ان احادیث سے یہ واضح ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات اور آپ کے خصائص والی میں سے ہے کہ بادل آپ پر سایہ کرتا تھا یہ اکثری حکم ہے دائمی اور کلی حکم نہیں ہے۔

آپ کے اوپر کپڑے سے سایہ کرنے سے یہ معلوم ہوا کہ محرم کے اوپر کپڑے وغیرہ سے سایہ کرنا جائز ہے جو دم دینا پڑتا ہے۔ احناف اور جمہور علماء کا یہی مسلک ہے جبکہ امام مالک اور امام احمد کے نزدیک محرم کے لئے اگر کسی عذر نے سر پر دھوپ کی وجہ سے کپڑے سے سایہ کیا تو اس پر فدیہ لازم آئے گا اور ان احادیث کا جواب یہ ہے کہ فدیہ ہمیں ہے نیز تمام ائمہ کا اس پر اتفاق ہے کہ محرم خیمہ کے سائے میں بیٹھ جائے۔

سیاہ فام مکلے غلام کی اطاعت کی بحث

(حدیث نمبر ۳۰۳۲) میں ہے کہ اگر ناک کٹا سیاہ فام غلام بھی تمہارا حکمران بن جائے تو اس کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو۔ اس کی تاویل کرتے ہیں کہ ناک کٹے سیاہ غلام کو فرض کرنے سے اس کی خساست پر تنبیہ کرنا مقصود ہے کہ یہ کام ایسے غلام کے نہیں ہیں جو حبشی اور سیاہی اور مکلے ہونے کی وجہ سے اس کی خساست اور بڑھ جاتی ہے۔ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ خواہ اس کا سر انگور جیسا ہو اور یہ انتہائی خست ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد یہ ہے کہ خواہ ادنیٰ سے ادنیٰ نہیں تو جب تک وہ کتاب اللہ کے احکام کی دعوت دے اس کی اطاعت لازم ہے۔ اور جماعت سے نکلنے کی حرام ہے۔ اور جماعت سے نکلنے والے کو اگر حالت فتنہ گردی میں کوئی تیر لگ جائے اور وہ ہلاک ہو جائے تو اس کی سزا جہنم ہے۔

اگر یہ سوال کیا جائے کہ خلیفہ کے لئے قرشی ہونے کی شرط ہے تو پھر غلام مکلے کیسے خلیفہ ہو سکتا ہے اس کے تین جواب ہیں ایک یہ ہے کہ اس سے مراد سلطان ہے خلیفہ نہیں ہے۔ خلیفہ اور سلطان میں فرق یہ ہے کہ خلیفہ تمام مسلمانوں کا حکمران ہوتا ہے اور سلطان کسی ملک یا علاقہ کا حکمران ہوتا ہے اور دوسرا جواب یہ ہے کہ اس سے مراد خلیفہ ہیں ہے بلکہ خلیفہ یا سلطان کے مقرر کئے ہوئے عمال و گورنر ہیں اور تیسرا جواب یہ ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ اگر کوئی مسلمان غلبہ سے حکومت پر قبضہ کر لے تو اس کے ساتھ ہو جائے اس کی اطاعت واجب ہو گی تاکہ مسلمانوں کی جماعت و وحدت کا شیرازہ نہ ٹوٹ جائے۔

۱۔ ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۵۵ طبع مجتبائی پاکستان لاہور ۱۳۸۰ھ

بَابُ ٣٩ اِسْتِحْبَابِ كَوْنِ حَصَى الْجِمَارِ بِقَدْرِ حَصَى الْخَذْفِ

٣٠٣٦ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ابْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ لَقِيَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [illegible] وَهُوَ يَرْمِي الْجَمْرَةَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ ۔

ٹھیکری کے برابر کنکریاں مارنے کا استحباب

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھیکری کے برابر کنکریاں ماریں۔

بَابُ ٣٩٢ بَيَانِ وَقْتِ اسْتِحْبَابِ الرَّمْيِ

٣٠٣٧ - وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ وَابْنُ إِدْرِيسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ رَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى وَأَمَّا بَعْدُ فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ ۔

کنکریاں مارنے کا مستحب وقت

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں [illegible] اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاشت کے وقت جمرہ عقبہ میں کنکریاں ماریں اور بعد کے دنوں میں آفتاب ڈھلنے کے بعد۔

٣٠٣٨ - وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ أَخْبَرَنَا عِيسَى يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي بِمِثْلِهِ ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح (رمی کرتے) تھے۔

ف: کنکریاں مارنے کے بارے میں جمہور کا نظریہ یہ ہے کہ بوقت اخیر دن بڑے کنکریاں مارنی چاہئیں۔ وقت [illegible] زوال کے بعد اور اگر تیسرے دن زوال سے پہلے کنکریاں مار لیں تب بھی تمام ائمہ کے نزدیک درست ہے۔ اور ایام تشریق گزرنے اور غروب آفتاب تک کنکریاں نہیں ماریں تو اس کے بدلہ کنکریاں نہیں مار سکتا [illegible] دم (قربانی) کے ذریعہ کی جائے گی۔

بَابُ ٣٩٣ بَيَانِ أَنَّ حَصَى الْجِمَارِ سَبْعٌ

سات کنکریاں مارنے کا بیان

٣٠٣٩ - وَحَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول

حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا مَعْنٌ وَهُوَ ابْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ الْجَزَرِيُّ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الِاسْتِجْمَارُ تَوٌّ وَرَمْيُ الْجِمَارِ تَوٌّ وَالسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ تَوٌّ وَالطَّوَافُ تَوٌّ إِذَا اسْتَجْمَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَجْمِرْ بِتَوٍّ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ڈھیلے سے ... طاق مرتبہ کرنا چاہیے اور کنکریاں بھی طاق مرتبہ ہیں اور صفا اور مروہ میں سعی بھی طاق مرتبہ ہے اور طواف بھی طاق مرتبہ ہے اور جو شخص استنجا کرے تو وہ طاق مرتبہ کرے۔

۳۹۴ - بَابُ تَفْضِيلِ الْحَلْقِ عَلَى التَّقْصِيرِ وَجَوَازِ التَّقْصِيرِ

سر منڈانا، بال کٹانے سے افضل ہے

۳۰۲۰ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَلَقَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَلَقَ طَائِفَةٌ مِنْ أَصْحَابِهِ وَقَصَّرَ بَعْضُهُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈوایا اور آپ کے ساتھ صحابہ کی ایک جماعت نے بھی سر منڈوایا اور آپ کے بعض صحابہ نے بال کٹوائے حضرت عبداللہ بن عمر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یا دو بار فرمایا اللہ تعالیٰ سر منڈوانے والوں پر رحم فرمائے، پھر فرمایا اور بال کٹوانے والوں پر۔

۳۰۲۱ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِينَ قَالُوا وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ اللَّهُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِينَ قَالُوا وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ وَالْمُقَصِّرِينَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! سر منڈوانے والوں پر رحم فرما صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ اور بال کٹوانے والوں پر؟ آپ نے فرمایا: اے اللہ سر منڈوانے والوں پر رحم فرما صحابہ نے عرض کیا [illegible]

۳۰۲۲ - أَخْبَرَنَا أَبُو إِسْحَقَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُفْيَانَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! سر [illegible]

اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ قَالُوا وَلِلْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ قَالُوا وَلِلْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ قَالُوا وَلِلْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ وَلِلْمُقَصِّرِينَ

اور بال کٹوانے والوں پر؟ آپ نے فرمایا اے اللہ! سر منڈانے والوں پر رحم فرما! صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ اور بال کٹوانے والوں پر آپ نے فرمایا: اے اللہ! سر منڈوانے والوں پر رحم فرما! صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! اور بال کٹوانے والوں پر آپ نے فرمایا اور بال کٹوانے

۳۰۷۳ - وَحَدَّثَنَا [illegible] حَدَّثَنَا [illegible] حَدَّثَنَا [illegible]

ایک اور سند سے بھی یہ حدیث ہے اس میں آپ نے چوتھی بار فرمایا اور بال کٹوانے والوں پر بھی۔

۳۰۷۴ - وَحَدَّثَنَا [illegible]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ سر منڈانے والوں کی مغفرت فرما، صحابہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ اور بال کٹانے والوں کے لیے؟ آپ نے فرمایا، اے اللہ سر منڈانے والوں کی مغفرت فرما۔ صحابہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! اور بال کٹانے والوں کے لیے؟ آپ نے فرمایا، اے اللہ سر منڈانے والوں کی مغفرت فرما، صحابہ نے عرض کیا، یا رسول اللہ اور بال کٹانے والوں کے لیے؟ آپ نے فرمایا اور بال کٹانے والوں کے لیے۔

۳۰۷۵ - وَحَدَّثَنِي [illegible]

ایک اور سند سے بھی ایسی ہی روایت ہے۔

۳۰۷۶ - حَدَّثَنَا [illegible] وَكِيعٌ وَأَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَحْيَى ابْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ جَدَّتِهِ [illegible] سَمِعْتُ

یحییٰ بن حصین کی دادی بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں تین بار سر منڈانے والوں کے لیے دعا کی، اور ایک بار بال کٹانے والوں کے لیے دعا کی۔

نَبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ دَعَا لِلْمُحَلِّقِيْنَ ثَلَاثًا وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ مَرَّةً وَاحِدَةً وَلَمْ يَقُلْ وَكِيْعٌ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ۔

۳۰۴۷۔ وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَارِيُّ ح وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ اِسْمٰعِيْلَ كِلَاهُمَا عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَقَ رَأْسَهُ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں [illegible]

حج میں سر منڈانے کے حکم میں مذاہب ائمہ

علامہ نووی شافعی لکھتے ہیں کہ علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ حج میں سر منڈانا بال کٹانے سے افضل ہے اور [illegible] عام شافعی کا مشہور مذہب یہ ہے کہ سر منڈانا یا بال کٹانا حج و عمرہ کے ارکان میں سے ایک رکن ہے اور اس کے بغیر حج یا عمرہ ادا نہیں ہوتا۔ امام شافعی کا ایک قول یہ ہے کہ سر منڈانا خوشبو اور لباس کی طرح حلال ہونے کا ایک ذریعہ ہے اس لیے یہ دم نہیں ہے۔ صحیح یہ ہے کہ یہ حج و عمرہ کے مناسک میں سے ہے۔

قاضی ابن رشد مالکی لکھتے ہیں کہ اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ آیا سر منڈانا یا بال کٹانا حج کی ایک عبادت ہے یا واجب ہے یا نہیں؟ امام مالک کہتے ہیں کہ سر منڈانا حج و عمرہ کرنے والے کی عبادت ہے اور یہ بال کٹانے سے افضل ہے اور جس شخص سے حج فوت ہو جائے یا وہ دشمن روکنے یا کسی اور وجہ سے حج نہ کر سکے تو اس پر سر منڈانا واجب نہیں۔ فقہاء کی ایک جماعت نے کہا ہے کہ [illegible] کسی مدافعت ہونے کی وجہ سے حج نہ کر سکے) سر منڈانا واجب نہیں ہے۔ امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں اس پر نہ سر منڈانا واجب ہے نہ بال کٹانا۔ خلاصہ یہ ہے کہ [illegible] بال کٹانے کو واجب قرار دیتا ہے وہ اس کے ترک کی وجہ سے دم قربانی لازم کرتا ہے اور جو اس کو واجب نہیں کہتا وہ دم بھی لازم نہیں کرتا۔[1]

علامہ ابن قدامہ حنبلی لکھتے ہیں کہ سر منڈانا [illegible] امام احمد بن حنبل کے نزدیک حج اور عمرہ کی عبادت سے ہے۔ [illegible] امام مالک امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کا بھی یہی قول ہے اور امام احمد سے ایک روایت یہ ہے کہ یہ حج کی ادائیگی میں سے [illegible] ان چیزوں سے حلال ہونے کا ایک طریقہ ہے جو احرام کی وجہ سے حرام ہو گئی تھیں۔ جس طرح لباس اور خوشبو کی [illegible] اس بنا پر جو شخص سر منڈانے یا بال کٹانے کا تارک ہو اس پر کوئی فدیہ یا تاوان نہیں ہے اس روایت کی دلیل یہ ہے کہ

---

[1] علامہ نووی یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۱ ص ۴۲۰ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، طبعۃ اولیٰ ۱۳۷۵ھ

[2] قاضی ابو الولید احمد بن رشد قرطبی کی متوفی ۵۲۰ھ بدایۃ المجتہد ج ۱ ص ۲۶۶، مطبوعہ دار الفکر بیروت

"حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم سعی کرو تو جس شخص نے بیت اللہ کا طواف کر لیا اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی کر لی وہ حلال ہو گیا ماسوا اس شخص کے جس کے پاس مدی ہو" امام احمد بن حنبل کا مسلک زیادہ صحیح ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈانے کا حکم دیا ہے کیونکہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس شخص کے پاس مدی ہو وہ بیت اللہ کا طواف کرے اور صفا اور مروہ کی سعی کرے، اور بال کٹائے وہ حلال ہو جائے" اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حرم کو بیت اللہ کے طواف سے حلال کر دیا اور بال کٹوانے حدیبیہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بال کٹوانے کا حکم دیا ہے اور حکم وجوب کا مقتضی ہے اور اس لیے بھی کہ اللہ تعالیٰ نے حج کرنے والوں کے وصف میں سر منڈانا اور بال کٹوانا بیان کیا ہے۔ محلقین رءوسکم و مقصرین (فتح ۲۷) (اور کچھ کے سر منڈانے والے ہیں اور کچھ بال کٹوانے والے) اور سر یہ حج کرنے والوں کا وصف نہ ہوتا تو اللہ تعالیٰ حج کرنے والوں کی یہ صفت بیان نہ کرتا جیسے اللہ تعالیٰ نے نماز میں شکار کرنے کے ساتھ حج کرنے والوں کی صفت بیان نہیں کی اور اس لیے بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈانے والوں کے لیے تین بار رحمت کی دعا کی اور بال کٹوانے والوں کے لیے ایک بار رحمت کی دعا کی اگر یہ حج کی عبادت میں داخل نہ ہوتا تو دوسرے بال کاٹنے والوں سے بڑھ چڑھ کر شعر گلا کٹوانا وغیرہ کی طرح اس کی بھی کوئی فضیلت نہ ہوتی اور اس لیے بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام اصحاب سے سارے حج اور عمرہ میں سر منڈایا یا بال کٹائے ہیں اور ان کا کوئی حج اور عمرہ اس سے خالی نہیں ہے اگر یہ حج کی عبادت نہ ہوتا تو اس پر کبھی دوام نہ کرتے بلکہ کرتے ہی نہیں کیونکہ یہ ان کی عادت اور معمول تھا نہ اس میں کسی نفسانی حظ کی فضیلت تھی کہ یہ کہا جاتا کہ انہوں نے اپنی عادت اور معمول کے مطابق کیا تھا یا کسی فضیلت کو حاصل کرنے کے لیے کیا تھا اور آپ نے حلق کو اس لیے دیا ہے کہ اہل عرب میں مشہور تھا کہ سر منڈانے یا بال کٹانے سے حج مکمل ہو جاتا ہے حلال ہو جاتا ہے

علامہ کاسانی حنفی کہتے ہیں کہ حج میں سر منڈانا یا بال کٹانا ہمارے نزدیک واجب ہے جس کے سر پر بال ہوں تو اس پر سر منڈانے یا بال کٹانے بغیر حلال نہیں ہو سکتا اور امام شافعی کے نزدیک یہ واجب نہیں ہے اور ان کے نزدیک اس پر بال کٹانا یا سر منڈانا واجب ہے اور عمرہ کرنے والے صفا اور مروہ کی سعی سے حلال ہو جاتے ہیں[1]

سنہ۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرفات میں خطبہ دیا اور افعال حج کی تعلیم دی اور فرمایا: جب تم منیٰ میں آؤ تو جس شخص نے جمرۂ کی رمی کر لی تو عورتوں اور خوشبو کے سوا اس پر ہر وہ چیز حلال ہو گئی ہے جو حج میں حرام ہوئی تھی اور بیت اللہ کے طواف (زیارت) کے بعد وہ بھی حلال ہو جائے گی، اور ہمارے نبی قرآن مجید کی تعلیم ہے ثم لیقضوا تفثھم (حج ۲۹) "پھر وہ اپنا میل کچیل دور کریں۔ اور حضرت ابن عمر اور ابن عباس نے حج سے حلال ہونے کے لیے سر منڈانا ناخن کٹانا اور مونچھیں تراشنا میل کو دور کرنا ہے۔ کیونکہ لغت میں تفث میل کو کہتے ہیں۔ نبی نے دوسرے کو امرأۃ نفثۃ کہتے ہیں نیز قرآن مجید میں ہے لقد صدق اللہ رسولہ الرؤیا بالحق لتدخلن المسجد الحرام ان شاء اللہ امنین محلقین رءوسکم و مقصرین۔ (فتح: ۲۷) اللہ نے اپنے رسول کا خواب سچا کر دیا تم اللہ نے چاہا امن کے ساتھ مسجد حرام میں داخل ہو گے درآں حالیکہ تم سر منڈانے والے ہو گے

---

[1] علامہ ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۳ ص ۲۲۴، ۲۲۳، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ

یا بال کٹانے والے، اس آیت میں [illegible] خبر کا صیغہ ہے اور امر کے معنی میں ہے [illegible] کے ساتھ سر منڈاتے ہوئے اور بال کٹاتے ہوئے داخل ہو، پس اس آیت میں سر منڈانے [illegible] صفت کے ساتھ داخل ہونے کا حکم ہے اور مطلق امر (حکم) وجوب کا تقاضا کرتا ہے پس سر منڈانے [illegible] واجب فرمایا، ہر چند کہ یہ آیت خبر (وعدہ الٰہی) کی صورت میں نازل ہوئی ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے [illegible] اور جس کا وعدہ فرمایا ہے اس کا وقوع یقینی ہے اس لیے اس آیت کا حکم بھی [illegible] میں سے ایک چیز واجب ہے کیونکہ اس پر اجماع ہے (دونوں واجب ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈانے والوں کے لیے تین بار مغفرت کی دعا کی ہے اس لیے سر منڈانا افضل ہے [illegible] سر منڈانے اور اس میں زیادتی ہے وہاں کاٹنے کا معنی مکمل ہو، یہ سر منڈانے [illegible] جو قول صاحبین نے نقل کیا ہے کہ ان پر سر منڈانے یا بال کٹانے کا کوئی حکم واجب نہیں ہے اور اس کا معنی یہ ہے کہ [illegible] زندہ ہیں کنگھی بال وغیرہ [illegible] سر منڈایا یا بال کٹائے تو وہ حلال ہو گیا حضرت عمر کے اس قول کی یہ تاویل [illegible] ہے تاکہ وہ کتاب اللہ کے موافق ہو جائے۔

یہ تمام بحث اس صورت میں ہے جب [illegible] اگر [illegible] کے سر پر [illegible] بھیجنے کا کیا حکم ہے حضرت ابن [illegible] فرمایا ہے کہ [illegible] نوں کے سر پر استرا بھیجنے کا ان کے ثبوت میں حدیث مرفوع [illegible] کہ اگر [illegible] سر منڈانے سے عاجز ہیں [illegible] ہے تو عاجز نہیں ہے، [illegible] واجب کردہ [illegible] جس قوم کی مشابہت [illegible] اس کا حکم [illegible] جس شخص نے [illegible] بال [illegible]

عورتوں کے سر منڈانے کا حکم

عورت کے لیے سر منڈانے کا حکم نہیں ہے کیونکہ حضرت [illegible] کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورتوں پر [illegible] ہے [illegible] بروایت تقصیر (بال کٹانا) ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] منڈانے سے منع فرمایا ہے اور اس لیے بھی کہ عورتوں کے حق میں سر منڈانا مثلہ ہے اسی لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے [illegible] کسی نے سر نہیں منڈایا، حضرت [illegible] نے ان کو سے ہیں عورتوں میں سے ایک [illegible] کاٹ دیں کیونکہ روایت ہے کہ حضرت [illegible] سر [illegible] کس قدر بال [illegible] حضرت [illegible] بروایت [illegible]

علامہ کاسانی نے کہا ہے [illegible] شوافع کا مذہب بیان کرتے ہیں علامہ کاسانی [illegible] شافعی کا مذہب یہ ہے کہ سر منڈانا یا بال کٹانا کسی کے [illegible] میں سے ہے [illegible] امام شافعی کا مذہب نہیں ہے بلکہ ان سے یہ شاذ روایت ہے۔

سر منڈانے کی مقدار میں مذاہب ائمہ

سر منڈانے یا بال کٹانے کی مقدار کے بارے میں [illegible] امام شافعی کے نزدیک [illegible] ہیں [illegible] حنفیہ کے نزدیک چوتھائی سر [illegible] کے نزدیک نصف سر سے [illegible] مالک رحمہ اللہ کے نزدیک سر کا [illegible] حضرت [illegible] مالک سے [illegible] روایت [illegible]

[illegible] ۵۱۰ [illegible] شرح [illegible] ۴ [illegible] بدائع [illegible] ۲ [illegible] ۴ [illegible] ۵ [illegible] ۲

[illegible]

باب ۳۹۵ بیان ان السنۃ یوم النحر ان یرمی جمرۃ العقبۃ ثم ینحر ثم یحلق والابتداء فی الحلق بالجانب الایمن من رأس المحلوق

دائیں طرف سے سر منڈانے کو شروع کرنے کا بیان

۳۰۷۸ - وحدثنا یحیی بن [illegible]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں [illegible]

[illegible]

[illegible]

جَانِبِهِ الْأَيْمَنِ ثُمَّ الْأَيْسَرِ ثُمَّ جَعَلَ يُعْطِيهِ النَّاسَ

۳۰۴۹ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا حَفْصُ ابْنُ غِيَاثٍ عَنْ هِشَامٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ أَبِي بَكْرٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فِي رِوَايَتِهِ ثُمَّ بَعْدَ ذٰلِكَ وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى جَانِبِ الْأَيْمَنِ هٰكَذَا فَقَسَمَ شَعَرَاتٍ بَيْنَ مَنْ تِلْقَاءَهُ ثُمَّ صَارَ إِلَى الْحَلَّاقِ إِلَى جَانِبِ الْأَيْسَرِ فَحَلَقَهُ فَأَعْطَاهُ أُمَّ سُلَيْمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا وَأَمَّا فِي رِوَايَةِ أَبِي كُرَيْبٍ فَإِنَّهُ قَدْ بَدَا بِشِقِّ الْأَيْمَنِ فَوَزَّعَهُ الشَّعْرَةَ وَالشَّعْرَتَيْنِ بَيْنَ النَّاسِ ثُمَّ قَالَ بِالْأَيْسَرِ فَصَنَعَ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ هٰهُنَا أَبُو طَلْحَةَ فَدَفَعَهُ إِلَى أَبِي طَلْحَةَ.

ایک اور سند سے بھی یہ روایت ہے اور اس میں یہ ہے کہ آپ نے اپنے ہاتھ سے دائیں جانب اشارہ کر کے حجام سے کہا یہاں سے پھر جو لوگ آپ کے قریب تھے آپ نے ان میں بال مبارک تقسیم کر دیے۔ حضرت سے حجام کر دائیں جانب تک کیا اس نے مونڈا اور بال مبارک تقسیم کیے ایک اور روایت میں یوں ہے کہ آپ نے دائیں جانب سے شروع کیا، لوگوں میں ایک ایک دو دو بال تقسیم کیے، پھر بائیں جانب اشارہ کر کے فرمایا یہاں ابو طلحہ (یعنی سر مونڈنے والا) پھر فرمایا یہاں ابو طلحہ ہیں، اور وہ بال ابو طلحہ کو دے دیے۔

۳۰۵۰ - وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ (ح) وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ (ح) وَحَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ هَدْيَهُ وَالْحَجَّامُ جَالِسٌ وَقَالَ بِيَدِهِ عَلَى رَأْسِهِ فَحَلَقَ شِقَّهُ الْأَيْمَنَ فَقَسَمَهُ فِيمَنْ يَلِيهِ ثُمَّ قَالَ احْلِقْ شِقَّهُ الْآخَرَ فَقَالَ أَيْنَ أَبُو طَلْحَةَ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ عقبہ [illegible] پھر منحر کی طرف گئے اور اونٹوں کو نحر کیا [illegible] سنے آپ نے اپنے ہاتھ سے سر کی طرف [illegible] دائیں جانب مونڈی سو لوگ قریب [illegible] میں وہ بال تقسیم کر دیے پھر آپ نے [illegible] حجام مونڈ دی اور کہا ابو طلحہ [illegible] اور وہ بال ان کو دے دیے۔

۳۰۵۱ - وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَسَّانَ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ رَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ وَنَحَرَ نُسُكَهُ وَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ کی کنکریاں [illegible] اور اونٹوں کو نحر کیا پھر حجام کے سامنے دائیں جانب کی اور اس نے (وہ جانب) مونڈ دی، پھر آپ نے حضرت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان کو وہ بال دیے

حَتّٰى كَانَ عَلٰى حَاجِبَيْ بَعِيْرِهِ الْأَيْمَنِ فَحَلَقَهُ ثُمَّ دَعَا أَبَا طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيَّ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ وَقَالَ اِقْسِمْهُ بَيْنَ النَّاسِ فَحَلَقَتْهُ فَأَعْطَاهُ أَبَا طَلْحَةَ فَقَسَمَهُ بَيْنَ النَّاسِ

پھر آپ نے (اس کے سامنے، بائیں جانب کی) دونوں داڑھیوں کو دیکھا، اس نے (وہ جانب) مونڈ دی، پھر آپ نے وہ بال حضرت ابوطلحہ کو دیے اور فرمایا ان بالوں کو لوگوں کے درمیان تقسیم کر دو۔

یوم نحر کو افعال حج کی ترتیب

علامہ نووی کہتے ہیں کہ اس حدیث سے کئی مسائل مستنبط ہوتے ہیں مثلاً یہ ہے کہ مزدلفہ سے واپسی پر یوم نحر کو سنت ہے کہ پہلے وہ جمرہ عقبہ میں کنکریاں ماری جائیں پھر قربانی کو ذبح کیا جائے پھر سر منڈایا جائے یا بال کٹوائے جائیں، اس کے بعد بیت اللہ افاضہ کیا جائے اور گرد طواف قدوم کے بعد سعی نہیں کی تھی تو پھر سعی کر لی تھی تو وہ سعی کافی ہے ان چاروں کاموں کو ترتیب سے کرنا سنت ہے۔ اگر یہ تمام ترتیب کے خلاف کر لے تو مقدم کو مؤخر اور مؤخر کو مقدم کر دینا جائز ہے جب کہ اس کے بعد احادیث میں آ رہا ہے ہوں اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا افعل ولا حرج کرو اور کوئی حرج نہیں ہے۔ نیز یہ بھی ثابت ہو کہ سعی کرنے کے بعد حلق یا قصر سے پہلے کوئی کام نہ کرے اور یہ بھی ثابت ہو کہ حلق کو ختم کرنا مستحب ہے اور حرم میں ہو سکے تو حرم میں ہی ہو۔ اور یہ بھی ثابت ہو کہ حلق حرم میں ذبح کرنا جائز ہے اور یہ بھی ثابت ہو کہ سر منڈانا بالوں کو کترنے سے افضل ہے اور یہ بھی کہ سر منڈانے والے کے سر کی دائیں جانب سے شروع کرے اور یہ بھی کہ امام یا شیخ وغیرہ کا مسئلہ سے زیادہ جاننے والے کے سر کی دائیں جانب سے شروع کرنا مستحب ہے اور یہ بھی کہ سر منڈانے والے کے بال دائیں جانب سے تقسیم کرنا مستحب ہے اور یہ بھی کہ امام یا شیخ وغیرہ کا اپن

کی جائے اور امام ابو حنیفہ کا قول یہ ہے کہ بائیں جانب سے ابتداء کی جائے۔ اس سلسلہ میں بھی صحیح بات یہ ہے کہ صاحبین کا نظریہ بھی حدیث کے مطابق ہے اور امام اعظم نے حدیث کی طرف رجوع کر لیا ہے اس لیے حدیث کی طرف رجوع کرنے والوں کو امام اعظم کا مدمقابل قرار دینا صحیح نہیں ہے۔

اس بحث میں علامہ ابن عابدین شامی حنفی لکھتے ہیں کہ فقہاء نے کہا ہے کہ سر مونڈنے والے کے دائیں جانب کا لحاظ کیا جائے نہ کہ سر مونڈنے والے کی جانب کا، مگر صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی احادیث میں اس کے برعکس ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سر مونڈنے والے سے دائیں جانب اشارہ کر کے فرمایا "مونڈو" پھر بائیں جانب اشارہ کر کے فرمایا، پھر لوگوں کو بال تقسیم کیے، علامہ ابن ہمام نے کہا ہے کہ صحیح بات یہی ہے اگرچہ خلاف کا مدعا اس کے برعکس ہے۔ علامہ شامی فرماتے ہیں کہ علامہ ابن ہمام کی موافقت میں سلسلہ میں امام ابو حنیفہ سے یہ روایت ہے: میں نے سر منڈانے والے سے سر مونڈنے والے نے میری تین خلیاں نکالیں، جب میں بیٹھا تو اس نے کہا قبلہ کی طرف منہ کرو۔ میں نے اس کی طرف بائیں جانب بڑھا دی تو اس نے کہا: دائیں جانب سے شروع کرو۔ جب میں جانے لگا تو اس نے کہا: ان بالوں کو دفن کر دو، پس میں نے وہ بال دفن کر دیے اور علامہ شامی لکھتے ہیں کہ اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ امام اعظم نے اپنے مؤقف سے رجوع کر لیا تھا [illegible] کی بے نفسی و بے غرضی ہے۔ اس لیے اس نے کہا ہے کہ یہی حق ہے [illegible] کتاب کہ منسک ابن المنذر اور [illegible] صاحبین نے کہا ہے کہ یہی صحیح ہے [illegible] حنیفہ سے اور [illegible] حنیفہ کا رجوع منقول ہے۔[1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیئے مبارک کی تعظیم اور تبرک

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیئے مبارک کی تکریم کا [illegible] ہو سکتا ہے [illegible] یہ بال رہتے ہیں کہ [illegible] نے حمید سے کہا [illegible] پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک مبارک بال ہے جو میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی طرف سے حلاق [illegible] نے کہا کہ میرے پاس بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک بال ہے تو وہ مجھے دنیا و مافیہا سے زیادہ [illegible] علامہ عینی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ [illegible] بن سیرین رضی اللہ عنہ نے یہی کہا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک بال [illegible] جب بھی کسی کے [illegible] جاتے تو اس کے [illegible] کی برکت سے فتح اور نصرت حاصل کرتے۔ چنانچہ یمامہ میں [illegible] کی لڑائی ہوئی تو وہ [illegible] ان کے ساتھیوں نے تعجب کیا کہ ایک ٹوپی کے پیچھے [illegible] حضرت خالد نے کہا میں نے ٹوپی کی ثابت کی وجہ سے ایسا نہیں کیا لیکن مجھے یہ بات ناپسند تھی کہ یہ ٹوپی مشرکین کے ہاتھ لگ جائے اور اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا موئے مبارک ہو۔[2]

۱۔ علامہ ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار، ج ۲، ص ۲۵۰، ۲۴۹، مطبوعہ مطبع عثمانیہ استنبول ۱۳۲۸ھ

۲۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری، ج ۱، ص ۲۹، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، طبعہ ثانیہ ۱۳۸۱ھ

۳۔ علامہ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری، ج ۳، ص ۳۸، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ منیریہ مصر ۱۳۴۸ھ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک سے تبرک کے ثبوت میں فقہاء اسلام کی عبارات۔

باب مذکور کی حدیث کی شرح کرتے ہوئے علامہ زرقانی لکھتے ہیں کہ اس حدیث میں آثار صالحین سے برکت حاصل کرنے کا ثبوت ہے۔[1]

علامہ سنوسی مالکی لکھتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک بال اپنے اصحاب میں اس لئے تقسیم کیے تاکہ آپ کے بعد صحابہ میں آپ کی برکت باقی رہے اور انہیں آپ کی یاد آتی رہے اور اس سے آپ سے دلی محبت کے قرب اور اپنی رفاقت کے زمانہ کے اختتام کی تلافی کیا اور ہو سکتا ہے کہ حضرت بوطلحہ انصاری کو آپ سے بال تقسیم کرنے کے لیے فرمایا تھا کیونکہ آپ کی قوم مبارک نفوس نے ہی گھوڑ دوڑ کی تھی۔[2]

شیخ عثمانی لکھتے ہیں کہ اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک سے برکت حاصل کرنے کا ثبوت ہے اور یہ مسئلہ ہے اور یہ کہ اس میں مساوات ضروری نہیں ہے۔ علامہ زرقانی نے کہا کہ آپ نے ان بالوں کو تقسیم فرمائے تاکہ ان میں آپ کی برکت باقی رہے اور اس میں آپ کی ذات کے قرب کی طرف اشارہ ہے اور اس سے آپ کے مقدس ہونے کا علم ہوتا ہے کیونکہ تقسیم برکت کے لئے فرمایا کیونکہ آپ کی لعاب نے ہی تیار کی تھی۔[3]

نواب صدیق حسن خاں بھوپالی نے بھی اس حدیث کی شرح میں علامہ نووی اور شارح المنتقی کے حوالہ سے بتایا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک سے برکت حاصل کرنے کے سلسلے میں کیا کہا ہے۔[4]

موئے مبارک اور فضلات شریفہ کی طہارت و بعض علماء کے تسامح اور علمی غلطیوں کا بیان۔

علامہ زرقانی حنفی لکھتے ہیں کہ امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ انسان کا بال جب اس کے جسم سے جدا ہوتا ہے تو وہ نجس ہے اور اگر وہ بال پانی میں گر جائے تو پانی نجس ہو جاتا ہے اور علامہ زرقانی نے لکھا ہے کہ امام شافعی نے انسان کے بال کی نجاست کے قول سے رجوع کر لیا ہے اور یہ تحقیق ہے کہ انسان کا بال پاک ہے اگر کھال سے جدا ہوا ہو اگر کھال پاک ہے تو بال پاک ہے اور اگر کھال ناپاک ہے تو بال ناپاک ہے اور کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بال کی طہارت کا مذہب یہ ہے کہ وہ پاک ہے علامہ نووی نے بھی بال کی طہارت اپنے کلام سے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بال مبارک مکرم و معظم ہے اور اس کشت سے حاصل ہوتا ہے علامہ عینی فرماتے ہیں کہ علامہ نووی کا یہ کہنا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک [illegible] پاک ہے [illegible]

---

[1] علامہ ابو عبد اللہ محمد زرقانی مالکی متوفی ۱۱۲۲ھ، شرح المواہب اللدنیہ المعلم ج ۳ ص ۲۰۳، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

[2] علامہ ابو عبد اللہ محمد سنوسی مالکی متوفی ۸۹۵ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۳ ص ۲۰۳،

[3] شیخ شبیر احمد عثمانی متوفی ۱۳۶۹ھ، فتح الملہم ج ۳ ص ۲۴۰، مطبوعہ مکتبہ اعزاز کراچی۔

[4] نواب سید صدیق حسن خاں بھوپالی متوفی ۱۳۰۷ھ، [illegible] ج ۴ ص ۴۰ مطبوعہ مطبع صدیقی بھوپال [illegible]

بات کہیں تو میرے کان اس سے بہرے ہیں[1]۔

[1] ۔ علامہ ابن حجر مکی متوفی ۹۷۳ھ عہد نامہ ج ۲ ص ۳۵ مطبوعہ [illegible]

جنھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات (پیشاب، خون، منی وغیرہ) کو عام لوگوں کے فضلات پر قیاس کرتے ہوئے ناپاک قرار دیا ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے گرچہ یہ کہا ہے کہ احکام شرعیہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم جمیع مکلفین کے لئے ہے ماسوا ان امور کے جن کی خصوصیت دلیل سے ثابت ہے۔ تاہم حافظ ابن حجر عسقلانی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات اور آپ کے تمام فضلات کو طاہر قرار دیتے ہیں اور ان کی خصوصیت دلیل سے ثابت مانتے ہیں، چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں

مصنف امام بخاری نے اپنی اس عبارت پر اس حدیث مرفوع (جس کا ابھی آپ کانوں کو تقویت دینے والے سے استدلال کیا ہے) اس پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پیشاب اس پر دوسرے بولوں کو قیاس کیا جا سکتا۔ علامہ ابن منذر اور علامہ خطابی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ خصوصیت بغیر دلیل کے نہیں ثابت ہوتی اور اصل عام خصوصیت ہے۔ فقہاء شافعیہ نے کہا کہ اس سے یہ ثابت ہوا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی منی کو پیشاب سے کھرچ دیتی تھیں، اس سے منی کی طہارت پر استدلال نہ کیا جائے کیونکہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ کی منی پاک ہے اور دوسروں کی منی پر نہیں ہم کہہ سکتے کہ عام مکلفین ہیں آپ کا حکم نہ رکھیں گے ماسوا ان امور کے جن کی خصوصیت دلیل سے ثابت ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات کی طہارت پر بہت زیادہ دلائل موجود ہیں۔ ائمہ نے اس کو آپ کے خصائص میں سے شمار کیا ہے اس لئے اس سے استدلال کرنے میں التفات نہ کیا جائے جو بہت سے شافعی علماء کی تصانیف میں اس کے خلاف لکھی ہوئی ہے کیونکہ تمام فضلات کی طہارت کا قول ثابت اور مقرر ہے[1]

علامہ ابن حجر عسقلانی اور علامہ بدر الدین عینی کی اس عبارت پر علامہ احمد رضا بریلوی نے یہ تبصرہ کیا ہے

میں نے نشر طیب میں عرض کیا تھا کہ عسقلانی شارح صحیح بخاری اور عینی شارح بخاری دونوں شافعی المذہب تھے اور عسقلانی زیادہ متقی۔ فضلات شریفہ کی طہارت کی بحث ان دونوں صاحبوں نے کی ہے۔ امام ابن حجر نے انصاف سے کام لیا لکھتے ہیں کہ یوں کہا جاتا ہے اور اس پر یہ اعتراض ہے نہیں کہا جاتا ہے فضلات شریفہ کی طہارت کے نزدیک ثابت نہیں۔ امام عینی نے ضد شرع بنائی ہے اس بحث کو بہت بڑھا کر لکھا ہے آخر میں لکھتے ہیں کہ یہ سب کچھ ابحاث ہیں جو شخص طہارت کا قائل ہو اس کو حق ہے مانتا ہوں اور جو اس کے خلاف کہے اس کے لئے بہت گنجائش ہے میں کہتا ہوں عینی نے حنفیہ کی کمال نجاست کو ثابت کرنا ہے دوسرے اس میں بات کر کر گیا کہ ان کی دقعت دست ہو گئی۔[2] اس حسد کی بدولت ہی سارے بدعتی پیدا ہوئے ہیں۔

شیخ انور شاہ کشمیری اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں

انبیاء علیہم السلام کے فضلات کی طہارت کا مسئلہ مذہب اربعہ کی کتابوں میں موجود ہے لیکن میرے علم کی حد تک کوئی نقل نہیں ہے، قاضیہ کہ مواہب لدنیہ میں نبی کے تبرک سے یہ لکھا ہوا ہے کہ امام ابو حنیفہ کے مذہب

---

[1] حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ فتح الباری ج ۱ ص ۳۰۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ

[2] علی حیدر بن صالح الموسوی متوفی ۱۳۰۴ھ، المعتقد ج ۴ ص ۳۱، مطبوعہ نوری کتب خانہ لاہور، ۱۳۹۰ھ

کے فضلات طاہر ہیں لیکن مجھے یہ بات یقینی میں نہیں ملی[1]

شیخ انور شاہ کشمیری گر غور فرماتے تو انہیں کہ میں علامہ عینی کا یہ قول مل جاتا کہ [illegible] آپ کے فضلات طاہر ہیں، علامہ عینی لکھتے ہیں:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم سے لگ کر جو وضوء کا پانی گرتا ہے اس کو امام ابوحنیفہ نجس نہیں کہتے تو اس کو نجس کیسے کہہ سکتے ہیں جبکہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیشاب اور تمام فضلات کو طاہر کہتے ہیں[2]

علامہ شامی لکھتے ہیں کہ بعض شافعیہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیشاب اور تمام فضلات کو طاہر قرار دیا ہے اور امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہے یہ المواہب اللدنیہ میں بھی عینی کے حوالہ سے ہے اور علامہ بیری نے بھی اس کی تائید میں [illegible] لی ہے[3] غالباً شیخ کاندھلوی نے المواہب کا حوالہ یہیں سے لیا ہے (باقی ہے، سعیدی)۔

ملا علی قاری لکھتے ہیں ہمارے متقدمین اصحاب حنفیہ کا یہ نظریہ ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تمام فضلات طاہر ہیں[4]

شیخ اشرف علی تھانوی نے بھی نشر الطیب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات کی طہارت میں روایات پیش کی ہیں اپنی اگلی تصنیف [illegible] میں آپ کے فضلات کی طہارت کا رد کر دیا ہے[5] لکھتے ہیں:

شرح شفاء ملا علی قاری میں یہ بحث خوب کی ہے فضل اللہ تعالیٰ نے جسم نبوی میں کس پیمانہ کا مادہ رکھا ہے اس کا خلاصہ اس کا یہ ہے کہ بعض روایات کا تو ثبوت مفقود ہے اور بعض کی دلالت اور بعض روایات میں [illegible] ستہ متبرکہ [illegible] شعر [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کے نقل پر [illegible] مذہب اور [illegible] دوسرا [illegible] صحابہ رضی اللہ عنہم [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] لا یعلم [illegible] اس مسئلہ بالکل منقح ہو گیا کہ طہارت کا دعویٰ [illegible] ۱۳۵ ھ

شیخ اشرف علی تھانوی کی دلیل کا حاصل یہ ہے کہ [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قے آئی [illegible] آپ نے فرمایا کیا تمہیں نہیں معلوم کہ تمام خون حرام ہیں اور ایک روایت میں ہے [illegible] تو گویا کہ آپ کے فضلات کی طہارت پر کوئی دلیل نہیں ہے۔

شیخ اشرف علی تھانوی کی یہ دلیل صحیح نہیں ہے کیونکہ حرمت طہارت کے منافی نہیں ہے [illegible] کو کھانا حرام ہے لیکن نجس نہیں ہے بلکہ فقہاء نے تصریح کی ہے کہ انسان کی حرمت کرامت کی بناء پر ہے [illegible]

---

[1] شیخ انور شاہ کشمیری متوفی ۱۳۵۲ ھ فیض الباری ج ۱ ص ۲۵، مطبوعہ مکتبہ تجاری تاج کمپنی الشعبہ لاہور ۱۳۵۰ ھ

[2] علامہ بدرالدین عینی متوفی ۸۵۵ ھ، عمدۃ القاری ج ۳ ص ۱۰۰، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ ھ

[3] علامہ ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ ھ، ردالمحتار ج ۱ ص ۲۵۴، مطبوعہ مکتبہ شکاریہ مستعول ۱۳۲۹ ھ

[4] ملا علی قاری متوفی ۱۰۱۴ ھ مرقات ج ۲ ص ۵۳ مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ۱۳۹۰ ھ

[5] شیخ اشرف علی تھانوی متوفی ۱۳۶۲ ھ، [illegible] ص ۴۹، مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور۔

نہیں ہے اسی طرح بلا اجازت دوسرے کا مال کھانا حرام ہے نجس نہیں ہے اس لیے صحیح یہ ہے کہ آپ کا پیشاب کو حرام کہنا کرامت کی بناء پر ہے نجاست کی بناء پر نہیں ہے۔

فضلات شریفہ کی طہارت پر دلائل

قاضی عیاض مالکی لکھتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت بیان کرنے والے بیان کرتے ہیں کہ جب آپ قضاء حاجت کا ارادہ کرتے تو زمین پھٹ جاتی اور آپ کے فضلات نگل لیتی اور اس جگہ خوشبو پھیل جاتی، امام محمد بن سعد نے اس باب میں سند متصل کے ساتھ ایک حدیث بیان کی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ بیت الخلاء جاتے ہیں اور میں وہاں کوئی نجاست نہیں دیکھتی۔ آپ نے فرمایا اے عائشہ کیا تم نہیں جانتیں کہ انبیاء (علیہم السلام) سے جو چیز نکلتی ہے اس کو زمین نگل لیتی ہے اور اس کی کوئی چیز نہیں دیکھی جاتی۔ یہ حدیث ہر چند کہ مشہور نہیں ہے لیکن اس حدیث کی بناء پر اہل علم نے آپ کے فضلات کی طہارت کا قول کیا ہے (علامہ خفاجی لکھتے ہیں کہ قاضی عیاض نے شہرت کی نفی کی ہے حصر کی نفی نہیں کی اور ابن دحیہ نے کہا ہے کہ اس حدیث کی سند ثابت ہے اور یہ اس باب میں قوی حدیث ہے۔ قاضی عیاض لکھتے ہیں کہ امام ابو نصر بن صباغ نے شامل میں کہا ہے کہ بعض علماء شافعیہ کا یہی قول ہے اور ابو بکر بن سابق مالکی نے کتاب الہدایہ میں اس مسئلہ میں علماء مالکیہ کے دو قول لکھے ہیں اور اس کی تائید یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی ناپسندیدہ چیز یا بدبو خارج ہونے کی کوئی چیز نہیں نکلتی تھی۔ اس کی تائید میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دیا میں نے دیکھا کہ آپ کے جسم سے کیا چیز نکلتا ہے تو میں نے اس میں کوئی چیز نہیں پائی میں نے کہا کہ آپ کی زندگی اور موت پاکیزگی کے ساتھ ہے۔ اور آپ سے بہت اچھی خوشبو تھی ہوئی اس کی مثل ہم نے کبھی محسوس نہیں کی ملا علی قاری نے لکھا ہے کہ یہ حدیث سنن ابن ماجہ اور مراسیل ابو داؤد میں ہے، اس کی مثل حضرت ابو بکرہ کا قول ہے جب انہوں نے وفات کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ دیا۔ (ملا علی قاری کہتے ہیں کہ یہ روایت مسند بزار میں ہے) اور اسی لیے جنگ احد کے دن حضرت مالک بن سنان کا آپ کا خون چوسنا اور آپ کا انہیں منع نہ کرنا ہے اور آپ کا انہیں یہ فرمانا کہ تمہیں آگ ہرگز نہیں چھوئے گی۔ (ملا علی قاری لکھتے ہیں کہ یہ حدیث بیہقی اور طبرانی نے روایت کی ہے) اسی طرح حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے فسد کے بعد آپ کا خون پی لیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں لوگوں سے اور لوگوں کو تم سے افسوس ہوگا۔ (اس میں حضرت ابن زبیر کی شہادت کے واقعات کی طرف اشارہ ہے) اور ان کے پینے پر انکار نہیں فرمایا۔ اسی طرح روایت ہے کہ ایک عورت نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پیشاب پی لیا تو آپ نے فرمایا تمہارے پیٹ میں کبھی بیماری نہیں ہوگی۔ یہ حدیث حاکم نے روایت کی ہے اور دار قطنی اور ذہبی نے اس کو ثابت مانا ہے) جن لوگوں نے خون یا پیشاب پیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے کسی کو منہ دھونے کا حکم دیا نہ دوبارہ پینے سے منع کیا (بنا بر منع کرنے کی روایت قاضی عیاض کی نظر سے نہیں گذری یا ان کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ سعیدی) اور یہ حدیث جس میں ایک عورت کے پیشاب پینے کا ذکر ہے حدیث صحیح ہے اور امام دار قطنی نے کہا ہے کہ اس کے راوی بخاری اور مسلم کے راوی ہیں اور اس عورت کا نام برکہ ہے۔ اس کے نسب میں اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ اس کا نام ام ایمن ہے۔ یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خادمہ تھیں، وہ کہتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک لکڑی کا پیالہ تھا جو آپ کی چارپائی کے نیچے رکھا رہتا تھا۔ آپ رات کو اٹھ کر اس میں پیشاب کرتے تھے ایک رات آپ نے اس میں پیشاب کیا پھر آپ نے دیکھا کہ وہ خالی تھا، آپ نے برکہ سے پوچھا، انہوں نے کہا ہیں

رات کو قتل میں بیوی تھی میں نے اس کو علی میانہ جا اس حدیث کو ابن جریج ، ابن جبان وہ کہ نے عطاء سے روایت کیا ہے وہ قطن نے ام میں سے روایت کیا ہے علی ثانی ۳

بَابُ جَوَازِ نَقْلِ بُجُوْنَةِ عَلَى الرَّمْيِ وَالْحَلْقِ عَلَى الذَّبْحِ وَعَلَى الرَّمْيِ وَتَقْدِيْمِ الطَّوَافِ عَلَيْهِمَا بِثُمَّ

کنکریاں ملنے ، ذبح کرنے سر منڈانے اور طواف کرنے کی ترتیب کا بیان

۳۰۵۲ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِمِنًى يَسْأَلُ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ لَمْ أَشْعُرْ فَحَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ فَقَالَ اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ ثُمَّ جَاءَهُ آخَرُ فَقَالَ لَمْ أَشْعُرْ فَنَحَرْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ فَقَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ فَمَا سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ قُدِّمَ وَلَا أُخِّرَ إِلَّا قَالَ افْعَلْ وَلَا حَرَجَ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر منیٰ میں وقوف کیا تاکہ لوگ آپ سے مسائل دریافت کریں ایک شخص نے آکر کہا یا رسول اللہ میں نے لاعلمی میں کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کر لی، آپ نے فرمایا اب کنکریاں مار لو کوئی حرج نہیں ہے۔ دوسرے شخص نے آکر کہا یا رسول اللہ میں نے لاعلمی میں کنکریاں مارنے سے پہلے سر منڈا لیا، آپ نے فرمایا اب کنکریاں مار لو کوئی حرج نہیں ہے۔ غرض آپ سے جس چیز کے بارے میں بھی پہلے یا بعد کے بارے میں پوچھا گیا آپ نے یہی فرمایا کہ کر لو کوئی حرج نہیں ہے۔

۳۰۵۳ - وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُولُ وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر منیٰ میں وقوف کیا تاکہ لوگ آپ سے مسائل دریافت کریں ایک شخص نے آکر کہا یا رسول اللہ میں نے لاعلمی میں کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کر لی، آپ نے فرمایا اب کنکریاں مار لو کوئی حرج نہیں ہے۔ دوسرے شخص نے آکر کہا یا رسول اللہ میں نے لاعلمی میں کنکریاں مارنے سے پہلے سر منڈا لیا، آپ نے فرمایا اب کنکریاں مار لو کوئی حرج نہیں ہے۔ غرض آپ سے جس چیز کے بارے میں بھی پہلے یا بعد کے بارے میں پوچھا گیا آپ نے یہی فرمایا کہ کر لو کوئی حرج نہیں ہے۔

---

۳ ۔ ذکی الدین شعبان ، المتوفی ۱۳۸۹ھ ، التقریر ج ۲ ص ۴۲ ۔ ۴ ، منصور علی ناصف ، التاج الجامع للاصول ج ۲ ص ۳۵۳ ، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

۵ ۔ علامہ عبدالرؤف مناوی ، المتوفی ۱۰۳۱ھ ، فیض القدیر شرح الجامع الصغیر ج ۳ ص ۳۹۲ ، مطبوعہ مکتبہ تجاریہ مکہ مکرمہ

تھا کہ کنکریاں قربانی سے پہلے ماری جاتی ہیں میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کر دی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی حرج نہیں اب کنکریاں مار

نے کہا کہ مجھے پتا نہ تھا کہ قربانی سر منڈانے سے پہلے کی جاتی ہے میں نے قربانی کرنے سے پہلے سر منڈا لیا،

بارے میں بھی آپ سے سوال کیا گیا ان سب کے بارے میں آپ نے یہی فرمایا کہ کوئی حرج نہیں ہے اب کر لو۔

۳۰۵۴۔ وَحَدَّثَنَا حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا ... بِمِثْلِ حَدِيثِ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَى آخِرِهِ۔

ایک اور سند سے بھی ایسی ہی روایت ہے۔

۳۰۵۵۔ وَحَدَّثَنَاهُ ... عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... بَيْنَا هُوَ يَخْطُبُ يَوْمَ النَّحْرِ فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ مَا كُنْتُ أَحْسِبُ يَا رَسُولَ اللهِ أَنَّ كَذَا وَكَذَا ... لِهَؤُلَاءِ الثَّلَاثِ فِي هَذَا الْمَكَانِ وَلَا حَرَجَ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ قربانی کے دن ... ٹھہرے ہوئے تھے ایک شخص نے ... کیا کہ یا رسول اللہ! مجھے معلوم نہیں تھا کہ فلاں فلاں چیز فلاں فلاں کام سے پہلے ہے، ایک اور شخص نے عرض کیا کہ یا رسول ... آپ نے ان تینوں کے بارے میں فرمایا کہ کوئی حرج نہیں ہے۔

۳۰۵۶۔ وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ ح وَحَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى

ایک اور سند سے یہ روایت ہے مگر اس میں تین آدمیوں کا ذکر نہیں ہے یحییٰ اموی کی روایت میں یہ ہے

أَبُو مُوسَى حَدَّثَنِي أَبُو جَمِيلٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ مَرْفُوعًا إِلَى أَبِي بَكْرٍ فَكَبَّرَ ثَلَاثَ تَكْبِيرَاتٍ يَقُولُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَلَمْ يَذْكُرْ ذٰلِكَ وَأَمَّا يَحْيَى الْأُمَوِيُّ فَفِي رِوَايَتِهِ حَلَفْتُ قَبْلَ أَنْ أَنْحَرَ نَحَرْتَ قَبْلَ أَنْ تَرْمِيَ وَأَشْبَاهِ ذٰلِكَ.

کر میں نے قربانی کرنے سے پہلے سر منڈا لیا یا میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کر لی۔

۳۰۵۶ - وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ وَقَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ قَالَ اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ وَذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ قَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ.

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے ذبح کرنے سے پہلے حلق کر لیا ہے؟ آپ نے فرمایا کوئی حرج نہیں ذبح کرو۔ ایک اور شخص نے کہا میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے ذبح کر لیا آپ نے فرمایا کوئی حرج نہیں کنکریاں مارو۔

۳۰۵۷ - وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَتِهِ بِمِنًى فَجَاءَهُ رَجُلٌ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ.

ایک اور سند سے یہ روایت بھی سابق روایت کی مانند ہے میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ میں اپنی اونٹنی پر سوار ہیں آپ کی خدمت میں کسی شخص نے آ کر اس کے بعد حسب سابق روایت ہے

۳۰۵۸ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَتَاهُ رَجُلٌ يَوْمَ النَّحْرِ وَهُوَ وَاقِفٌ عِنْدَ الْجَمْرَةِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ قَالَ اذْبَحْ وَلَا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمرہ کے پاس کھڑے ہوئے تھے ایک شخص نے آ کر عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے سر منڈا لیا ہے۔ آپ نے فرمایا کنکریاں مارو کوئی حرج نہیں دوسرے شخص نے آ کر عرض کیا یا رسول اللہ میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کر لی ہے آپ نے فرمایا کوئی حرج نہیں کنکریاں مارو تیسرے شخص نے آ کر عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے کنکریاں مارنے سے پہلے سر منڈا لیا ہے

حَرَجَ وَ ذَبَحَ قَبْلَ أَنْ يَرْمِيَ فَلَا حَرَجَ وَ نَحَرَ قَبْلَ أَنْ يَحْلِقَ فَلَا حَرَجَ وَ أَشَارَ بِيَدِهِ فَمَا سُئِلَ يَوْمَئِذٍ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا قَالَ افْعَلُوا وَلَا حَرَجَ۔

سے فرمایا اب کنکریاں مارلو کوئی حرج نہیں۔ حضرت عبداللہ کہتے ہیں کہ اس روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جس چیز کے بارے میں بھی سوال کیا گیا آپ نے یہی فرمایا اب کرو کوئی حرج نہیں ہے۔

۳۰۶۰۔ وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدَّمَ بَيْنَ يَدَيِ الذَّبْحِ وَالْحَلْقِ وَالرَّمْيِ وَالتَّقْدِيمِ وَالتَّأْخِيرِ فَقَالَ لَا حَرَجَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے [illegible] کنکریاں مارنے کے [illegible] میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا کوئی [illegible]

کنکریاں مارنے، قربانی کرنے اور سر منڈانے کی ترتیب کے حکم میں مذاہب

[illegible] سمت سے گرا اس نے ترتیب کی [illegible] نے امام شافعی کا ایک ضعیف قول یہ بھی ہے کہ [illegible] دم (قربانی) لازم آئے گا۔ امام ابوحنیفہ، امام مالک، سعید بن جبیر، حسن بصری، نخعی اور قتادہ کا بھی یہی مذہب ہے۔ علامہ نووی نے [illegible] اس کو کوئی حرج نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ [illegible] نہیں ہوگا۔ وہ یہ ہیں لزوم دم کی نفی نہیں ہے۔ علماء اس حدیث کے جواب میں کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قول لا حرج کا بلاشبہ مطلب یہ ہے کہ مؤثر کو متقدم یا عکس کر دینے میں [illegible] کوئی حرج نہیں ہے۔

علامہ دشتانی مالکی لکھتے ہیں کہ اس پر [illegible] کا اتفاق ہے کہ قربانی کے دن سنت یہ ہے کہ پہلے [illegible] ماری جائیں پھر قربانی کی جائے پھر سر منڈایا جائے پھر طواف افاضہ کیا جائے اگر اس نے ان چاروں میں سے [illegible] کو تقدیم و تاخیر [illegible] دوسرے پر مقدم کر دیا تو پہلے تین کی تقدیم اور تاخیر میں امام مالک کے نزدیک کوئی فدیہ واجب نہیں ہے [illegible] نے سر منڈانے کو کنکریاں مارنے پر مقدم کر دیا تو اس پر فدیہ واجب ہے اور ابن ماجشون نے کہا ہے کہ [illegible] کو تقریباً ہر مقدم کر دیا جائے تب بھی فدیہ واجب ہے اور ہمارے نزدیک [illegible] کا معنی یہ ہے کہ تقدیم و تاخیر میں گناہ نہیں ہے۔

[illegible]

[illegible]

علامہ ابو الولید باجی مالکی کہتے ہیں کہ امام مالک سے مروی ہے کہ جس شخص نے حلق سے پہلے کنکریاں مار لیں تو اس پر فدیہ ہے۔ علامہ باجی کہتے ہیں کہ یہ اس صورت پر محمول ہے جب امام مالک نے یہ کہا ہو کہ جس شخص نے حلق سے پہلے کنکریاں مار لیں تو اس پر فدیہ ہے کیونکہ اس نے اپنے احرام سے حلال ہونے سے پہلے احرام سے حلال ہونے کے لیے سب سے پہلے جو چیز کنکریاں مارنی چاہئیں تھیں وہ حلق سے پہلے مار لیں۔

قرآن کے لیے سر منڈانا جائز نہیں ہے[1]

احناف کا نظریہ اور ان کے دلائل

علامہ محمد امین بن عمر بن عابدین حنفی لکھتے ہیں کہ افعال حج کو ترتیب سے ادا کرنا مستحب ہے تاکہ اختلاف سے بچا جائے۔ پس کنکریاں مارنے سے پہلے سر منڈانے کو قربانی سے پہلے کیا جائے۔ امام ابو حنیفہ کا یہ مسلک ہے کہ جو چیز فوت ہو گئی ہے اس کی ادائیگی ساقط ہو جاتی ہے۔ امام ابو حنیفہ کے اصحاب میں سے امام زفر نے ترتیب کے خلاف کرنے والے پر کچھ لازم نہیں کیا۔ امام ابو حنیفہ کی تائید میں ان کے اصحاب میں سے امام طحاوی نے یہ حدیث پیش کی ہے۔

امام طحاوی کہتے ہیں کہ ہم نے دیکھا کہ بعض علماء نے ان احادیث کو صحیح قرار دیا ہے اور بعض نے ان کو ضعیف قرار دیا ہے۔ ہم نے ان احادیث کو صحیح قرار دیا، کیونکہ یہ زیادت ثقہ کی طرف سے ہے اور ثقہ کی زیادت مقبول ہوتی ہے۔ اور جب اس مسئلہ میں یہ دونوں احادیث صحیح ہیں تو

---

[1] ۔ فتاویٰ شامی، رد المحتار علی الدر المختار، ج ۳ ص ۴۸۴ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، طبع ثانی ۱۴۲۴ھ

[2] ۔ علامہ علاء الدین محمد بن علی بن محمد حصکفی حنفی متوفی ۱۰۸۸ھ، الدر المختار ج ۲ ص ۴۶۹ مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، طبع ثانی ۱۴۲۳ھ

احتیاط ترتیب کے وجوب کے قول پر عمل کرنا چاہیے اور اس سے امام ابوحنیفہ کی دلیل مضبوط ہوتی ہے۔
حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے اس قول سے ہوتی ہے: من قدم شیئا علی شیئ [illegible]
"جس نے حج کی ایک عبادت کو دوسری عبادت پر مقدم کر دیا اس پر دم ہے" بلکہ یہ ایک مستقل [illegible]
بعض نسخوں میں حضرت ابن مسعود کی جگہ حضرت ابن عباس کا ذکر ہے اور یہ زیادہ صحیح ہے۔ [illegible]
یہ روایت ذکر کی ہے ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں: من قدم شیئا من حجہ او اخرہ فعلیہ دم
"جو شخص اپنے حج میں کسی عبادت کو مقدم یا مؤخر کر دے وہ ایک قربانی دے" اس کی سند میں [illegible]
بن ابی حمید ہے جس کو ضعیف کہا گیا ہے۔ امام حاکم نے یہ روایت ایک اور سند سے بیان کی ہے [illegible]
راوی نہیں ہے وہ سند یہ ہے۔ حدثنا [illegible] عن ابن عباس الخ۔ امام حاکم نے [illegible]
جنہوں نے یہ روایت بیان کی ہے کوئی حرج نہیں ہے اس لیے کہ ان کی روایت [illegible]
احادیث پر محمول نہیں ہے بلکہ ان کے نزدیک اس پر محمول ہے کہ انہوں نے جہل اور لاعلمی [illegible]
کو معذور قرار دیا تھا جب انہوں نے ان کو معذور قرار دیا اور حج کی عبادت صحیح کا حکم دیا علامہ [illegible]
امام ابوحنیفہ کے مسلک پر اس آیت سے بھی استدلال ہے [illegible]
ترجمہ: جو شخص بیمار ہو یا اس کے سر میں کوئی موذی تکلیف ہو تو وہ فدیہ دے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے [illegible]
ہے کہ جو شخص بیماری کے عذر کی وجہ سے حلق کرا دے تو وہ فدیہ دے تو اس سے معلوم ہوا [illegible]
کہ اگر اس نے حلق سے پہلے سر منڈا لیا ہے تو حلق سے پہلے سر منڈانے سے بھی [illegible]
فدیہ لازم آئے گا۔

باب استحباب طواف الافاضۃ یوم النحر

قربانی کے دن طواف زیارت کرنا

۳۰۶۱۔ وحدثنی محمد بن رافع حدثنا عبد بن حمید اخبرنا عبد الرزاق اخبرنا ابن جریج اخبرنی نافع مولی عبد اللہ بن عمر ان عبد اللہ بن عمر کان یفیض یوم النحر ثم یرجع فیصلی الظہر بمنی وزعم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فعلہ۔

حضرت نافع مولیٰ عبداللہ بن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما قربانی کے دن طواف زیارت کرتے تھے اور واپس آتے تھے اور ظہر منیٰ میں پڑھتے تھے اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایسا ہی کیا۔

[illegible] ۱۰ شوال ۹۲ھ فتح القدیر ج ۲ ص ۴۰۰ ۴۰۹ مصطفیٰ البابی الحلبی مصر۔

طواف زیارت کے احکام

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ طواف افاضہ طواف زیارت، حج کے فرائض میں سے ہے۔ اور اس کے بغیر حج صحیح نہیں ہوتا، اور اس پر بھی اتفاق ہے کہ قربانی کے دن کنکریاں مارنے قربانی کرنے اور سر منڈانے کے بعد طواف زیارت کرنا مستحب ہے، اور اگر قربانی سے دن مؤخر کر کے اس کو ایام تشریق میں کیا جائے پھر بھی جائز ہے اور اس پر باجماع دم نہیں ہے اور اگر طواف زیارت سے بعد طواف زیارت کیا تو امام شافعی اور امام احمد کے نزدیک بھی کوئی حرج نہیں ہے، البتہ امام ابوحنیفہ اور امام مالک کے نزدیک زیادہ مؤخر کرنے سے دم لازم آتا ہے۔[1]

علامہ وشتانی مالکی نے لکھا ہے کہ مستحب یہ ہے کہ ایام تشریق کے بعد طواف زیارت کرنے سے دم لازم آتا ہے۔[2]

علامہ ابوالحسن مرغینانی حنفی نے بھی لکھا ہے کہ ایام تشریق کے بعد طواف زیارت کرنے سے دم لازم آتا ہے۔[3]

۳۹۸ بَابُ اسْتِحْبَابِ نُزُولِ الْمُحَصَّبِ يَوْمَ النَّفْرِ

وادی محصب میں اترنے کا استحباب

۳۰۶۲ - وَحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ يُوسُفَ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ فِي هَذَا الْيَوْمِ يَعْنِي يَوْمَ التَّرْوِيَةِ قَالَ كُنَّا نَغْدُو مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَاتٍ فَقُلْتُ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ حِينَ كُنْتُمْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ كَانَ يُصَلِّي الظُّهْرَ يَوْمَ النَّفْرِ قَالَ كَذَا فَعَلْتُ قَالَ فَقَالَ لَا يَضُرُّكَ أَنْ لَا تَفْعَلَ أَيْ مَرَاحِكَ۔

عبدالعزیز بن رفیع بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوم ترویہ (آٹھ ذوالحجہ) کو ظہر کی نماز کہاں پڑھی تھی اس سلسلے میں آپ نے جو حرکت فرمائی تھی وہ بتائیے حضرت انس نے کہا کہ ہم منیٰ سے عرفات جاتے تھے میں نے پوچھا آپ نے یوم النفر کے دن ظہر کی نماز کہاں پڑھی تھی حضرت انس نے کہا وادی ابطح میں جہاں تمہارے امراء کرام قیام کرتے ہیں۔

۳۰۶۳ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنٌ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوا يَنْزِلُونَ الْأَبْطَحَ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر اور حضرت عمر وادی ابطح میں اتر کر کرتے تھے۔

۱۔ علامہ عینی بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۳ ص ۴۲۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۳۸۵ھ۔

۲۔ علامہ ابوعبداللہ محمد وشتانی مالکی متوفی ۸۲۱ھ، اکمال اکمال مسلم ج ۳ ص ۴۰۴-۴۰۵ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت۔

۳۔ علامہ ابوالحسن علی بن عبدالجلیل مرغینانی حنفی متوفی ۵۹۳ھ، ہدایہ مع فتح القدیر ج ۲ ص ۴۲۹، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

۳۰۶۴- وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ ابْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُرَى التَّحْصِيبُ سُنَّةً وَكَانَ يُصَلِّي الظُّهْرَ يَوْمَ النَّحْرِ بِالْحَصْبَةِ قَالَ نَافِعٌ فَقَدْ حَصَّبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخُلَفَاؤُهُ بَعْدَهُ.

نافع کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ وادی محصب میں جانے کو سنت خیال کرتے تھے وہ ظہر کی نماز وادی محصب میں پڑھتے تھے۔ نافع کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد کے خلفا وادی محصب میں جاتے تھے۔

۳۰۶۵- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا قَالَتْ لَيْسَ التَّحْصِيبُ بِشَيْءٍ إِنَّمَا نَزَلَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَنَّهُ كَانَ أَسْمَحَ لِخُرُوجِهِ إِذَا خَرَجَ.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ وادی محصب میں جانا سنت (مؤکدہ) نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں صرف اس لیے [illegible] وقت آپ کے لیے وہاں سے نکلنا آسان تھا۔

۳۰۶۶- وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ ح وَحَدَّثَنِيهِ أَبُو الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ ح وَحَدَّثَنَا حَبِيبٌ الْمُعَلِّمُ كُلُّهُمْ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ.

ایک اور سند سے بھی یہ حدیث مروی ہے۔

۳۰۶۷- حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَابْنَ عُمَرَ كَانُوا يَنْزِلُونَ الْأَبْطَحَ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَأَخْبَرَنِي عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا أَنَّهُ لَمْ تَكُنْ تَفْعَلُ ذَلِكَ وَقَالَتْ إِنَّمَا نَزَلَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَنَّهُ كَانَ مَنْزِلًا أَسْمَحَ لِخُرُوجِهِ.

سالم بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہم وادی محصب میں اترتے تھے۔ عروہ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ محصب میں [illegible] تھیں اور فرماتی تھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف اس لیے [illegible] وقت روانہ ہونے کے لیے زیادہ مناسب تھا۔

۳۰۶۸- وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ وادی محصب میں جانا کوئی حج کی [illegible] نہیں ہے، یہ ایک منزل ہے جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حَنْبَلَةَ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ سَعْدٍ عَنْ أَبِي عَنْ
رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ لَيْسَ الْمُحَصَّبُ
بِشَيْءٍ إِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ نَزَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

ٹھہرے تھے۔

۳۰۶۹ - وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ وَاتَّفَقَ أَبُو بَكْرٍ وَقُتَيْبَةُ فِي حَدِيثِهِمْ أَنَّ مُعَاوِيَةَ سَأَلَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَسَلَّمَ بْنَ رَبِيعَةَ حِينَ صَدَرَ مِنْ مِنًى وَكَيْفَ حَلَّتْ فِيهِ فَقَالَ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَى بَعِيرِهِ يَسِيرُ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ عَلَى نَقْرِ سَنَامِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مکہ) سے کوچ کیا تو آپ نے مجھے ابو رافع محصب میں اترنے کا حکم دیا۔ میں آیا اور میں نے وہاں خیمہ لگا دیا۔ آپ وہاں آکر ٹھہر گئے۔ ایک روایت میں ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامان پر مقرر تھے۔

۳۰۷۰ - حَدَّثَنِي حَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ وَهُوَ ابْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ نَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُحَصَّبَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کل ان شاء اللہ ہم خیف بنی کنانہ میں اتریں گے جہاں کفار نے کفر پر قسمیں کھائی تھیں۔ (یعنی قریش نے قسم کھائی کہ بنو ہاشم اور بنو عبدالمطلب سے

ف: محصب، ابطح، بطحاء، اور خیف بنی کنانہ سب ایک ہی جگہ کے نام ہیں۔

۳۰۷۱ - حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ وَحَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا أَنَسٌ يَعْنِي ابْنَ عِيَاضٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا تو فرمایا کہ کل ہم خیف بنی کنانہ میں اتریں گے جہاں کفار نے کفر پر قسمیں کھائی تھیں (یعنی قریش نے قسم کھائی کہ بنو ہاشم اور بنو عبدالمطلب سے

بِمِنًى نَحْنُ نَازِلُونَ غَدًا بِخَيْفِ بَنِي كِنَانَةَ حَيْثُ قَاسَمَتْ قُرَيْشٌ وَبَنُو كِنَانَةَ عَلَى الْكُفْرِ وَحَيْثُ تَحَالَفَتْ عَلَى بَنِي هَاشِمٍ وَبَنِي الْمُطَّلِبِ أَنْ لَا يُنَاكِحُوهُمْ وَلَا يُبَايِعُوهُمْ حَتَّى يُسْلِمُوا إِلَيْهِمْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي بِذَلِكَ الْمُحَصَّبَ

اس وقت تک نکاح نہیں کریں گے نہ ہی خرید و فروخت کریں گے جب تک کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارے سپرد نہ کر دیں، اس جگہ سے آپ کی مراد وادی محصب تھی۔

۳۰۴۲۔ وَحَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْزِلُنَا إِنْ شَاءَ اللَّهُ إِذَا فَتَحَ اللَّهُ الْخَيْفَ حَيْثُ تَقَاسَمُوا عَلَى الْكُفْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے فتح دی تو انشاء اللہ ہم خیف میں ٹھہریں گے جہاں کفار نے کفر پر قسمیں کھائی تھیں

بَابُ وُجُوبِ الْمَبِيتِ بِمِنًى لَيَالِيَ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ وَالتَّرْخِيصِ فِي تَرْكِهِ لِأَهْلِ السِّقَايَةِ

ایام تشریق کے دوران منیٰ میں رات گزارنے کا حکم

۳۰۴۳۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ اسْتَأْذَنَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَبِيتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى مِنْ أَجْلِ سِقَايَتِهِ فَأَذِنَ لَهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منیٰ کی راتوں میں مکہ میں رات گزارنے کے بارے میں اجازت طلب کی تو آپ نے انہیں اجازت دے دی۔

۳۰۴۴۔ وَحَدَّثَنَاهُ إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ح وَحَدَّثَنِيهِ

ایک اور سند سے حضرت ابن عمر سے یہ روایت منقول ہے۔

مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيعًا عَنْ
مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ
كِلَاهُمَا عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ابْنِ عُمَرَ بِهٰذَا
الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ۔

ایام تشریق کے دوران منیٰ میں رات گذارنے میں مذاہب

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ اس حدیث سے دو مسئلے ثابت ہوتے ہیں پہلا یہ کہ ایام تشریق کے دوران منیٰ میں رات گذارنے کا حکم ہے اور یہ چیز فقہاء کے درمیان متفق علیہ ہے لیکن اس میں اختلاف ہے کہ آیا یہ حکم واجب ہے یا سنت امام شافعی کے اس میں دو قول ہیں زیادہ صحیح یہ ہے کہ یہ واجب ہے امام مالک اور امام احمد کا بھی یہی قول ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سنت ہے حسن بن عباس اور ابو حنیفہ اور اسحٰق بن راہویہ کا بھی یہی مذہب ہے جو فقہا اس کو واجب قرار دیتے ہیں وہ اس کے ترک سے دم لازم کرتے ہیں اور جو اسے سنت کہتے ہیں ان کے نزدیک اس کے ترک سے دم لازم نہیں ہے۔ البتہ منیٰ میں رات گذارنا مستحب ہے اور اگر یہ واجب ہو تو کتنی مدت قیام کرنا چاہیے، اس میں امام شافعی کے دو قول ہیں ایک قول یہ ہے کہ رات کا اکثر حصہ گذارنا چاہیے دوسرا قول یہ ہے کہ ایک ساعت گذارنا بھی کافی ہے۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ آب زمزم پلانے والوں کے لیے اجازت ہے کہ وہ رات منیٰ میں نہ گذاریں۔ علت یہ بیان کی جاتی ہے تاکہ رات میں لوگوں کو پانی پلائیں امام شافعی کے نزدیک یہ اجازت آل عباس کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ ان کے پاس بھی آب زمزم پلانے کا منصب ہو ان کو یہ اجازت حاصل ہے۔[1]

علامہ دستانی مالکی لکھتے ہیں کہ قاضی عیاض نے فرمایا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آب زمزم پلانے کا منصب ان کے پاس منصب زمانہ جاہلیت سے تھا اور اسلام نے اس کو برقرار رکھا ہے۔[2]

بَابُ فَضْلِ قِيَامِ بِالسِّقَايَةِ وَ الْبِنَاءِ عَلَى أَهْلِهَا وَاسْتِحْبَابِ الشُّرْبِ مِنْهَا

موسم حج میں مشروب پلانے کا استحباب۔

۳۰۷۵۔ وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ يَعْنِي ابْنَ فُضَيْلٍ عَنْ يَزِيدَ يَعْنِي ابْنَ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا عِنْدَ الْكَعْبَةِ قَالَ أَعْرَابِيٌّ هَلْ لَكَ

عبداللہ بن عمر کہتے ہیں کہ میں خانہ کعبہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا، ایک اعرابی نے آکر حضرت ابن عباس سے پوچھا کیا آپ کے چچا زاد تو روزہ رکھتے اور شب بیدار رہتے اور آب زمزم کھجوروں کا پانی پلاتے ہیں۔ کیا

---

[1] دیکھئے یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۱ ص ۴۲۳۔ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۷۵ھ

[2] علامہ ابو عبداللہ دستانی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال المعلم ج ۳ ص ۴۰۸، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

تَرَى بَنِي عَمِّكُمْ يَشْقُونَ الْعَسَلَ وَاللَّبَنَ وَأَنْتُمْ تَسْقُونَ النَّبِيذَ مِنْ حَاجَةٍ بِكُمْ وَمِنْ بُخْلٍ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا أَنَحْمَدُ اللَّهَ مَرِيضٌ حَاجَةٌ وَلَا بُخْلٌ قَدِمَ امْتِي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَاحِلَتِهِ وَخَلْفَهُ أُسَامَةُ فَاسْتَسْقَى فَأَتَيْنَاهُ بِإِنَاءٍ مِنْ نَبِيذٍ فَشَرِبَ وَسَقَى فَضْلَهُ أُسَامَةَ وَقَالَ أَحْسَنْتُمْ وَأَجْمَلْتُمْ كَذَا فَاصْنَعُوا فَلَا نُرِيدُ نُغَيِّرُ مَا أَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہے یا بخل؟ حضرت ابن عباس نے فرمایا الحمد للہ نہ غریب ہیں نہ بخیل، اصل وجہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر آئے (در آں حالیکہ حضرت اسامہ آپ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی مانگا تو ہم نے آپ کو ایک برتن میں نبیذ پیش کیا آپ نے نبیذ پیا اور جو بچا وہ حضرت اسامہ کو دے دیا حضرت اسامہ نے آپ کا تبرک پیا۔ آپ نے فرمایا تم نے بہت اچھا اور خوب کام کیا ہے۔ ایسا ہی کیا کرو۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جو حکم دیا تھا اس میں ہم کوئی تبدیلی نہیں کرنا چاہتے۔

نبیذ کی تعریف اور اس کا حکم

کھجوروں یا منقی کو پانی میں ڈال کر پانی کو جوش دیا جائے جس سے پانی میں کھجوروں یا منقی کا ذائقہ پیدا ہو جائے اور میٹھا ہو جائے تو اس کو نبیذ کہتے ہیں۔ یہ نبیذ جائز ہے اور کھجوریں یا منقی چند دن پانی میں پڑی رہیں اور پانی میں جھاگ پیدا ہو جائے اور وہ پانی نشہ آور ہو جائے تو اس کا پینا حرام اور ناجائز ہے۔ اس کی پوری تفصیل تحقیق مدلل بیان مذاہب کو انشاء اللہ کتاب الاشربہ میں ذکر کیا جائے گا۔

بَابُ الصَّدَقَةِ بِلُحُومِ الْهَدَايَا وَجُلُودِهَا وَجِلَالِهَا وَلَا يُعْطَى الْجَزَّارُ مِنْهَا شَيْئًا وَجَوَازِ الِاسْتِنَابَةِ فِي الْقِيَامِ عَلَيْهَا

قربانی کے گوشت، کھال اور جھول کو صدقہ کرنے کا حکم

۳۰۷۶ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَقُومَ عَلَى بُدْنِهِ وَأَنْ أَتَصَدَّقَ بِلُحُومِهَا وَجُلُودِهَا وَأَجِلَّتِهَا وَأَنْ لَا أُعْطِيَ الْجَزَّارَ مِنْهَا قَالَ نَحْنُ نُعْطِيهِ مِنْ عِنْدِنَا.

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں قربانی کے اونٹوں پر کھڑا رہوں اور ان کے گوشت اور کھالوں اور جھولوں کو صدقہ کر دوں اور قصاب کی اجرت میں سے کچھ نہ دوں حضرت علی نے فرمایا قصاب کی اجرت ہم اپنے پاس سے دیں گے۔

۳۰۷۷ - وَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ

یہ اور سند سے بھی اسی طرح کی روایت ہے۔

وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالُوا حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ.

ایک اور سند سے بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ہے لیکن اس میں قصاب کی اجرت کا ذکر نہیں ہے۔

۳۰۷۹ - وَحَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ وَقَالَ إِسْحٰقُ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَابْنُ جُرَيْجٍ فِي هٰذَا عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ فِي حَدِيثِهِمَا أَحَدٌ يَحْكِي

۳۰۸۰ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ أَنَّ مُجَاهِدًا أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ حَدَّثَهُ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ أَنْ يَقُومَ عَلٰى بُدْنِهِ وَأَمَرَهُ أَنْ يَقْسِمَ بُدْنَهُ كُلَّهَا لُحُومَهَا وَجُلُودَهَا وَجِلَالَهَا فِي الْمَسَاكِينِ وَلَا يُعْطِيَ فِي جِزَارَتِهَا مِنْهَا شَيْئًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں یہ حکم دیا کہ وہ قربانی کے اونٹوں پر کھڑے ہیں، اور انھیں یہ حکم دیا کہ وہ اونٹ، ان کے گوشت، کھالوں اور جھولوں کو مساکین میں خیرات کر دیں اور اس میں سے قصائی کی اجرت نہ دیں۔

۳۰۸۰ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ مَالِكٍ الْجَزَرِيُّ أَنَّ مُجَاهِدًا أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِمِثْلِ

ایک اور سند سے روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں بتایا کہ

قربانی کرنے کے بعد ہدی کی کھال اور جھول وغیرہ کے حکم میں مذاہب

علامہ نوویؒ لکھتے ہیں کہ ہمارے مذہب میں ہدی اور قربانی کی کھال اور اس کی کسی چیز کو بیچنا جائز نہیں ہے، نہ اس سے گھر کا کوئی نفع حاصل کیا جا سکتا ہے خواہ وہ قربانی نفلی ہو یا واجب۔ البتہ اگر قربانی نفلی ہو تو اس کی کھال کو بیچ کر دیگر ضروریات کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، اور قصاب کو اس کی اجرت میں کھال دینا جائز نہیں ہے۔ امام مالک اور امام احمد کا بھی یہی مسلک ہے۔ امام احمدؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ ہدی کی کھال کو نہ بیچنا جائز ہے، اور اس کی قیمت کو صدقہ کر دیا جائے گا۔[1]

احناف کا نظریہ

فقہاء احناف نے کہا ہے کہ جس قربانی کا قربانی کرنے والے کے لیے کھانا مستحب ہے اس کا ذبح کے بعد صدقہ کرنا واجب نہیں ہے بلکہ اس کے لیے مستحب ہے کہ وہ اس قربانی کا صدقہ کر دے اور جس قربانی کا اس کے لیے کھانا جائز نہیں ہے اس پر اس کا صدقہ کرنا واجب ہے۔

قربانی کرنے والے کے لیے نفلی قربانی، متعہ اور قران کی قربانی سے کچھ کھانا مستحب ہے، وہ اس سے غنی کو بھی کھلا سکتا ہے، اور جو قربانی اس پر کفارہ کی وجہ سے واجب ہوتی ہے اس سے اس کے لیے کھانا جائز نہیں ہے ــــــ قربانی کی جھول اور رسی کو صدقہ کر دے اور اس میں سے قصاب کو بطور اجرت نہ دے۔

نیز فقہاء احناف نے لکھا ہے کہ قربانی کی کھال کو صدقہ کر دے، اس سے ڈول یا جوتا بنانے کے لیے کھال کے عوض ایسی چیز کے خریدنے میں کوئی حرج نہیں ہے جو منفعت استعمال ہو سکے جیسے ڈول یا جراب وغیرہ، ورنہ اس سے کوئی ایسی چیز نہ خریدے جس سے منفعت نفع حاصل نہیں ہوتا بلکہ اسے بیچ کر کے نفع حاصل کیا جا سکتا ہے جیسے گوشت اور غلہ وغیرہ۔ اگر کھال کو وہ اپنے کھانے پینے کے عوض میں بیچ دے تو اس کو اپنے اور اپنے عیال پر خرچ کرنے کا بھی اختیار ہے۔ اور گوشت بھی کھال کے حکم میں ہے۔[2][3]

قربانی کی کھال یا گوشت کو بیچنے کے بعد اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے۔

بَابُ جَوَازِ الْاِشْتِرَاكِ فِي الْهَدْيِ — اونٹ اور گائے کی قربانی میں اشتراک کا جواز

۳۰۸۱ - وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ نَحَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حدیبیہ کے سال ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک اونٹ کو سات آدمیوں کی طرف سے نحر کیا، اور گائے کی قربانی بھی سات آدمیوں کی طرف سے دی۔

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نوویؒ متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۱ ص ۴۲۳، مطبوعہ نور محمد صحیح المطابع کراچی، طبعہ اولیٰ ۱۳۸۵ھ

[2] علامہ علاء الدین متوفی ۱۱۵۰ھ عالم گیری ج ۱ ص ۲۶۲، مطبوعہ مطبع کبریٰ امیریہ بولاق مصر، الطبعۃ الاولیٰ ۱۳۱۰ھ

[3] " " عالم گیری ج ۵، ص ۳۰۱ " " " "

عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ الْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَّ الْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ۔

۳۰۸۲ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ ح وَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَشْتَرِكَ فِي الْإِبِلِ وَالْبَقَرِ كُلُّ سَبْعَةٍ مِنَّا فِي بَدَنَةٍ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کا تلبیہ کہتے ہوئے چلے تو اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ اونٹ اور گائے کی قربانی میں سات سات آدمی شریک ہو جائیں۔

۳۰۸۳ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَضَرْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَحَرْنَا الْبَعِيرَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج میں حاضر ہوا تو ہم نے اونٹ سات آدمیوں کی طرف سے اور گائے سات آدمیوں کی طرف سے ہی قربانی کی۔

۳۰۸۴ - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ اشْتَرَكْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ كُلُّ سَبْعَةٍ فِي بَدَنَةٍ فَقَالَ رَجُلٌ لِجَابِرٍ يَشْتَرِكُ فِي الْبَدَنَةِ مَا يَشْتَرِكُ فِي الْجَزُورِ إِلَّا مِنْ أَنْ حَضَرَ جَابِرٌ أَحَدُ نَفَرٍ أَنْ تَكُونَ يَوْمَئِذٍ سَبْعِينَ بَدَنَةً اشْتَرَكَ كُلُّ سَبْعَةٍ فِي بَدَنَةٍ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ہم حج اور عمرہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات سات آدمی ایک قربانی میں شریک ہوتے تھے ایک شخص نے حضرت جابر سے دریافت کیا کہ کس طرح قربانی کے اونٹ میں شریک ہو سکتے ہیں کیونکہ وہ تو جزور کے حکم میں ہے۔ حضرت جابر نے کہا کہ پہلے سے اور بعد میں ہونے والے دونوں اونٹوں کا حکم ایک ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بھی ان میں موجود تھے۔ حضرت جابر نے کہا کہ ہم نے سات اونٹ ذبح کیے اور ہر اونٹ میں سات آدمی شریک تھے۔

۳۰۸۵ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہنے والے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا يُحَدِّثُ عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَأَمَرَنَا إِذَا أَحْسَنَّا أَنْ نُهْدِيَ وَنَجْتَمِعَ النَّفَرُ مِنَّا فِي الْهَدْيِ وَذَلِكَ حِينَ أَمَرَهُمْ أَنْ يَحِلُّوا مِنْ حَجِّهِمْ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ

کے وقت قربانی کرنے کا حکم دیا، اور فرمایا کہ ہم میں سے ایک جماعت ایک اونٹ یا ایک گائے میں شریک ہو جائے آپ نے یہ حکم اس وقت دیا تھا جب آپ نے صحابہ کو حج کا احرام کھولنے کا حکم دیا تھا۔

۳۰۸۶ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ تَمَتَّعْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعُمْرَةِ وَنَحَرْنَا النَّاقَةَ عَنْ سَبْعَةٍ نَشْتَرِكُ فِيهَا.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تمتع کیا کرتے تھے اور ایک گائے کی قربانی میں سات آدمی شریک ہوتے تھے۔

۳۰۸۷ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ ذَبَحَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا بَقَرَةً يَوْمَ النَّحْرِ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف سے ایک گائے ذبح کی۔

۳۰۸۸ - وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ ح وَحَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ حَدَّثَتْنَا أَبِي حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا يَقُولُ نَحَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِسَائِهِ وَفِي حَدِيثِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَائِشَةَ بَقَرَةً فِي حَجَّتِهِ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات کی طرف سے اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ کی طرف سے اپنے حج میں ایک گائے ذبح کی۔

قربانی کے جانوروں کے اشتراک میں مذاہب

علامہ نووی لکھتے ہیں کہ قربانی کے جانوروں کے اشتراک کے مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ امام شافعی کا نظریہ یہ ہے کہ قربانی کے جانوروں میں اشتراک جائز ہے خواہ قربانی نفلی ہو یا واجب، خواہ سب نے عبادت کی نیت کی ہو

یا بعض کی نیت عبادت ہو اور بعض کی نیت گوشت کھانا ہو۔ امام احمد اور جمہور علماء کا یہی مسلک ہے اور [illegible] در بعض حنابلہ کا یہ نظریہ ہے کہ نفلی قربانی میں اشتراک جائز ہے اور واجب میں شرکت ناجائز ہے۔ امام مالک سے ایک روایت ہے کہ اشتراک مطلقاً جائز نہیں ہے۔ اور امام ابوحنیفہ نے کہا کہ اگر سب عبادت کی نیت کریں تو شرکت جائز ہے ورنہ نہیں [1]۔

علامہ ابوالولید باجی مالکی رحمۃ اللہ لکھتے ہیں کہ جو قربانی کسی فدیہ کی وجہ سے واجب ہو یا عام قربانی ہو امام مالک کے نزدیک اس میں اشتراک جائز نہیں ہے اور نفلی قربانی کے بارے میں بھی امام مالک کا مشہور قول یہی ہے البتہ قاضی ابوالحسن سے یک روایت یہ ہے کہ یہ جائز ہے امام مالک کے نزدیک یہ جائز ہے کہ ایک شخص ایک فربہ جانور ہو وہ اس کو اپنی طرف سے ذبح کرے اور اپنے اہل و عیال کی طرف سے بھی ذبح کرے [illegible] سات سے زیادہ ہو لیکن ان کے نزدیک یہ جائز نہیں ہے کہ سات آدمی مل کر ایک قربانی خریدیں اور [illegible] امام ابوحنیفہ کے نزدیک سات آدمی مل کر جو قربانی فدیہ یا منت وغیرہ کی وجہ سے واجب ہو یا قربانی کی نیت [illegible] ہو سکتے ہیں بشرطیکہ ان میں سے ہر ایک کی نیت عبادت ہو خواہ ان میں سے ہر ایک کی نیت مختلف ہو مثلاً ایک کی نیت کسی شکار کی جزا ہو، دوسرے کی نیت کسی مرض کی وجہ سے حلق کا فدیہ ہو، تیسرے کی نیت نفل ہو، اور اگر ان میں سے کسی کی نیت عبادت نہ ہو صرف گوشت کھانا ہو تو یہ اشتراک جائز نہیں ہے۔ امام زفر یہ کہتے ہیں کہ اس وقت تک شرکت جائز نہیں ہے جب تک کہ جہت عبادت ایک نہ ہو۔ امام شافعی کہتے ہیں کہ مطلقاً اشتراک جائز ہے اور اس پر اتفاق ہے کہ سات سے زیادہ میں اشتراک جائز نہیں ہے۔

اونٹ اور گائے میں سات آدمیوں کی شرکت کے عدم جواز پر مالکیہ کے دلائل اور ان کے جوابات

علامہ باجی مالکی لکھتے ہیں کہ ہمارے ان ائمہ کے ساتھ دو چیزوں میں اختلاف ہے ایک یہ کہ ان کے نزدیک ایک بدنہ میں سات آدمیوں کا اشتراک جائز ہے اور ہمارے نزدیک جائز نہیں ہے دوسرے یہ کہ ان کے نزدیک ایک بدنہ سات آدمیوں سے زیادہ کی طرف سے نہیں ذبح کیا جا سکتا اور ہمارے نزدیک کیا جا سکتا ہے۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ قرآن مجید میں ہے: فکلوا مما امسکن علیکم واذکروا اسم اللہ علیہ [illegible] جو جانور قتل کیا گیا اس کی مثل جزاء سے دو متقی آدمی اس مثل کا فیصلہ کریں درآں حالیکہ وہ ہدی کعبہ میں پہنچنے والا ہو اگر ہدی میں سات آدمی شریک ہوں تو اس ہدی کا ساتواں حصہ (بطور) اس جانور کی مثل کیسے ہو سکتا ہے جس کو انہوں نے قتل کیا تھا جس کی جزاء میں یہ اس ہدی کی قربانی کر رہا ہے کیونکہ وہ ایک مکمل جانور تھا اور یہ جانور مکمل جانور کی مثل نہیں ہے اور قرآن مجید نے قتل کردہ جانور کی مثل کو واجب کیا ہے ساتویں حصہ کو واجب نہیں کیا پس ثابت ہوا کہ قتل سے مثل صوری مراد نہیں ہے بلکہ مثل معنوی مراد ہے اور اونٹ اور گائے کی قیمت کا ساتواں حصہ بھی [illegible]

---

[1] علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ شرح مسلم ج ۱ ص ۴۲۴ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبقات الشافعیہ ج ۵ ص ۱۳۵ ھ

[2] علامہ ابوالولید سلیمان بن خلف باجی مالکی اندلسی متوفی ۴۹۴ھ، المنتقی ج ۳ ص ۹۲، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت،

قیمت کے برابر ہے اور بکری ایک معمولی جانور ہے شریعت نے آسانی اور سہولت کے لئے خاص حالت میں کر دیئے ایک بکری ذبح کی جا سکتی ہے اور اونٹ اور گائے کا ساتواں حصہ بھی اور یہ چیز کچھ مشہور ہے نہیں ہے اور مالکیہ کا مسلک ان تمام احادیث کے خلاف ہے۔ اور تم نے جو کہا ہے کہ یہ مثل صوری مراد نہیں ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے گوہ یا گلی گدھے یا بارہ سنگھے کا احرام باندھا ہوا ہے تو اتفاق ہے کہ اس کی جزا میں وہ گوہ یا بارہ سنگھے کو ذبح نہیں کرے گا، بلکہ بکری گائے اور اونٹ کی قیمت اور ان میں سے کسی کی قربانی دے گا بس واضح ہو گیا کہ مثل صوری مراد نہیں ہے۔

بَابُ اِسْتِحْبَابِ نَحْرِ الْاِبِلِ قِيَامًا مُعَقَّلَةً

اونٹ کے پاؤں باندھ کر کھڑے نحر کرنے کا ثبوت

۳۰۸۹۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَابْنُ حُجْرٍ جَمِيعًا عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ أَبِي عُمَارَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ أَنَاخَ بَدَنَتَهُ وَقَيَّدَهَا يَنْحَرُهَا قَائِمًا عَلَى مَا قَيَّدَهَا عَلَيْهِ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ابن جعفر نے عمارہ بن ابی عمارہ سے انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ میں دیکھا کہ آپ نے اپنے اونٹ کو بٹھا کر نحر کرنا چاہا تو اس کو کھڑا کر کے پیر باندھ دیئے جس طرح ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی سنت ہے

بَابُ اِسْتِحْبَابِ بَعْثِ الْهَدْيِ إِلَى الْحَرَمِ لِمَنْ لَا يُرِيدُ الذَّهَابَ بِنَفْسِهِ وَاسْتِحْبَابِ تَقْلِيدِهِ وَفَتْلِ الْقَلَائِدِ وَأَنَّهُ بِذَلِكَ لَا يَصِيرُ مُحْرِمًا وَلَا يَحْرُمُ عَلَيْهِ شَيْءٌ بِسَبَبِ ذَلِكَ

خود حرم نہ جانے والے کے لئے ہدی بھیجنے کا استحباب

۳۰۹۰۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ وَسَلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيِّ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا أَنَّهَا قَالَتْ فَتَلْتُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ مِنْ عِهْنٍ كَانَ عِنْدِي ثُمَّ

عروہ اور سلیمان بن یسار نے عبدالرحمن بن عبدالقاری سے انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہدی کے قلادے اپنے ہاتھ سے بٹے تھے اور میں ان جانوروں کے ہار خود بناتی تھی، (جانور بھیجنے کے بعد) آپ ان چیزوں سے نہیں پرہیز کرتے تھے جن سے محرم پرہیز کرتا ہے (یعنی اپنے آپ کو محرم نہیں بناتے تھے)

وَيُقَلِّدُهَا ثُمَّ لَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا
يَجْتَنِبُ الْمُحْرِمُ۔

ایک اور سند سے بھی ایسی ہی روایت ہے۔

۳۰۹۰۔ وَحَدَّثَنِيهِ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى
أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ
يَزِيدَ بِإِسْنَادِهِ وَمِثْلِهِ۔

۳۰۹۲۔ وَحَدَّثَنَاهُ سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَ
زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ
عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَحَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ۔
حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قُرَيْبُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا
أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ
عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا
قَالَتْ كُنْتُ أَنْظُرُ إِلَى أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ
رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں
اپنے ہاتھوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانی
کے ہار بناتی تھی۔

۳۰۹۳۔ وَحَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا
عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ
الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ
أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى
عَنْهَا تَقُولُ كُنْتُ أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ فَيُقَلِّدُ
ثُمَّ لَا يَعْتَزِلُ شَيْئًا وَلَا يَتْرُكُهُ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں
نے اپنے ہاتھوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانی
کے اونٹوں کے ہار بناتی تھی پھر آپ کسی چیز سے پرہیز
کرتے تھے نہ کسی چیز کو چھوڑتے تھے۔

۳۰۹۴۔ وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ
بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا أَفْلَحُ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ
قَالَتْ فَتَلْتُ قَلَائِدَ بُدْنِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ ثُمَّ أَشْعَرَهَا وَ
قَلَّدَهَا ثُمَّ بَعَثَ بِهَا إِلَى الْبَيْتِ وَأَقَامَ
بِالْمَدِينَةِ فَمَا حَرُمَ عَلَيْهِ شَيْءٌ كَانَ لَهُ
حِلًّا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں
نے خود اپنے ہاتھوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کی قربانی کے اونٹوں کے ہار بنائے تھے پھر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کوہان کو چیر دیا تھا
ہار ڈال کر ان کو بیت اللہ روانہ کر دیا اور خود مدینہ
میں رہے اور آپ پر ان چیزوں میں سے کوئی چیز
نہیں ہوئی جو پہلے حلال تھی۔

۳۰۹۵۔ وَحَدَّثَنِي حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ
حَدَّثَنَا بَهْزٌ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ دِينَارٍ قَالَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کے اونٹ روانہ کر دیا کرتے

حَدَّثَنَا حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا فَتَلْتُ قَلَائِدَ بُدْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ ثُمَّ قَلَّدَهَا بِيَدَيْهِ ثُمَّ بَعَثَ بِهَا مَعَ أَبِي فَلَمْ يَحْرُمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ أَحَلَّهُ لَهُ حَتَّى نُحِرَ الْهَدْيُ

سلیمان بن ابی سلیم نے ابو وائل سے انہوں نے مسروق سے روایت کی، انہوں نے کہا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قربانی کے جانوروں کے قلادے اپنے ہاتھ سے بٹے، پھر آپ نے اپنے ہاتھ سے ان کو قلادے پہنائے، پھر میرے والد کے ہاتھ ان کو بھیجا، پھر آپ کسی ایسی چیز کو نہیں چھوڑتے تھے جس کو اللہ نے آپ پر حلال کیا ہو جب تک قربانی نہیں بھیج دیتے تھے۔

۳۰۹۶ - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُثَنًّى حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا قَالَتْ لَقَدْ رَأَيْتُنِي أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَعِيرِهِ فَبَعَثَ بِهِ ثُمَّ يُقِيمُ فِينَا حَلَالًا۔

حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے یہ بات اس وقت دیکھی ہے جب میں نے آپ کے قربانی کے جانوروں کے قلادے بٹے تھے، پھر آپ نے ان کو ہمارے پاس بھیجا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس حلال ہی رہتے تھے جس طرح حلال شخص جب تک قربانی نہ بھیج دے اس طرح آپ بھی متمتع ہوتا ہے آپ بھی متمتع ہوتے تھے۔

۳۰۹۷ - وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا قَالَتْ لَقَدْ رَأَيْتُنِي أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُقَلِّدُ هَدْيَهُ ثُمَّ يَبْعَثُ بِهِ ثُمَّ يُقِيمُ لَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُ الْمُحْرِمُ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے یہ بات دیکھی ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانیوں کے قلادے بٹتی تھی، پھر آپ ان کے گلے میں قلادے پہناتے تھے پھر آپ ان جانوروں کو بھیج دیتے تھے اور آپ حلال ہی رہتے تھے۔

۳۰۹۸ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا وَقَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا قَالَتْ ثُمَّ فَتَلْتُ قَلَائِدَ بُدْنِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُقَلِّدُ هَدْيَهُ ثُمَّ بَعَثَ بِهِ ثُمَّ لَمْ يَجْتَنِبْ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُ الْمُحْرِمُ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانیوں کے قلادے بٹے تھے، پھر آپ نے قربانیوں کے گلے میں ڈال کر ان کو روانہ کر دیا تھا، پھر آپ نے احرام والے کاموں سے کوئی چیز نہیں چھوڑی تھی جو احرام والے چھوڑتے ہیں۔

۳۰۹۹ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک

بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا قَالَتْ أَهْدَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً إِلَى الْبَيْتِ غَنَمًا فَقَلَّدَهَا.

بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ [illegible] کے لیے بکریاں بھیجیں اور آپ نے ان کی گردنوں میں ہار ڈال دیے تھے۔

۳۱۰۰ - وَحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ [illegible] عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ ثُمَّ يُقَلِّدُهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيْهِ ثُمَّ يَبْعَثُ بِهَا مَعَ أَبِي فَلَمْ يَحْرُمْ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ أَحَلَّهُ اللهُ لَهُ حَتَّى يُنْحَرَ الْهَدْيُ.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں [illegible] گردنوں میں ہار ڈال کر ان کو (مکہ مکرمہ) روانہ کرتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حلال ہی رہتے تھے۔ اور کسی چیز کو اپنے اوپر حرام نہیں کرتے تھے

۳۱۰۱ - وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّ ابْنَ زِيَادٍ كَتَبَ إِلَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا إِنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ مَنْ أَهْدَى هَدْيًا حَرُمَ عَلَيْهِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْحَاجِّ حَتَّى يُنْحَرَ هَدْيُهُ وَقَدْ بَعَثْتُ بِهَدْيِي فَاكْتُبِي إِلَيَّ بِأَمْرِكِ فَقَالَتْ عَمْرَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا لَيْسَ كَمَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا أَنَا فَتَلْتُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ ثُمَّ قَلَّدَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيْهِ ثُمَّ بَعَثَ بِهَا مَعَ أَبِي فَلَمْ يَحْرُمْ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ أَحَلَّهُ اللهُ لَهُ حَتَّى نُحِرَ الْهَدْيُ.

عمرہ بنت عبدالرحمٰن بیان کرتی ہیں کہ ابن زیاد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو لکھا [illegible] (مکہ مکرمہ) روانہ کر دیا تو جب تک قربانی ذبح نہ ہو جائے [illegible] میں حرام ہوتی ہیں۔ میں نے بھی قربانی کا جانور بھیجا ہوا ہے، آپ اس مسئلہ میں مجھے اپنی رائے لکھ کر بھیجیں۔ عمرہ کہتی ہیں [illegible] عباس کا قول صحیح نہیں ہے میں نے خود اپنے ہاتھوں سے [illegible] کے ہار بنائے تھے، اور آپ نے ان کو میرے والد کے ساتھ مکہ روانہ کر دیا تھا۔ [illegible] وقت تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اوپر [illegible] میں سے کسی چیز کو حرام نہیں کیا تھا جو اللہ نے آپ کے لیے حلال کی تھیں۔

ف: اس حدیث کی سند میں ابن زیاد مذکور ہے [illegible]

سفن ابوداؤد وغیرہ میں کسی طرح سے ابن زبیر سے حدیث عائشہ کا سننا نہیں پایا جاتا۔

۳۱۰۲۔ وَحَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهَا وَهِيَ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ تُصَفِّقُ وَتَقُولُ كُنْتُ أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ ثُمَّ يُبْعَثُ بِهَا وَمَا يُمْسِكُ عَنْ شَيْءٍ مِمَّا يُمْسِكُ عَنْهُ الْمُحْرِمُ حَتَّى يُنْحَرَ هَدْيُهُ۔

مسروق کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے میں نے خود سنا ہے وہ پردہ کی اوٹ سے دستک دیتے ہوئے [illegible] کے ہار میں خود اپنے ہاتھوں سے بنایا کرتی تھی اور پھر آپ انہیں روانہ کر دیا کرتے تھے اور قربانی کے ذبح ہونے تک کسی ایسے [illegible] کو ترک نہیں فرماتے جسے محرم ترک کر دیتا ہے۔

۳۱۰۳۔ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُثَنًّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا كِلَاهُمَا عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ [illegible] عَائِشَةَ [illegible] وَسَلَّمَ [illegible] وَسَلَّمَ

ایک اور سند سے بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اسی طرح روایت ہے

مسئلہ اشعار میں مخالفین کے امام ابوحنیفہ پر ائمہ ثلاثہ اور ان کے جوابات

[illegible] کہ انہوں نے [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] کے بارے [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کوہان کو چیرا اور ان کے گلے میں [illegible] کو چیرنے کا ذکر ہے اس کو اشعار کہتے ہیں [illegible] اشعار پر بحث کرتے ہوئے [illegible]

ہیں:

اشعار میں [illegible] کا اختلاف ہے [illegible] کو کاٹ کر ان کی سفیدی کو ظاہر کر دینا [illegible] کہتے ہیں کہ [illegible] سب سے بڑی قیامت ہے کہ جس [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ہو اس کو مثلہ کہا جائے [illegible] کی مثل پر ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مثلہ کا ارتکاب کرنا [illegible] اور قسطل میں ہے کہ [illegible] مثلہ ہو اور [illegible] کے [illegible] کوئی [illegible] کوئی چیز [illegible] مثلہ ہو [illegible] پہلے آپ نے مثلہ سے منع فرمایا [illegible] یہ ہے کہ یہ مثلہ میں [illegible] اس سے [illegible] پہلے سلف میں سے کسی نے نہیں کہا۔ اور [illegible] کسی نے یہ بات کہی [illegible]

کن کو ابتدا نوی نے ابوحنیفہ کی تنقید میں جلد کر دیا، جس بنا سے امت کی نیاد میں آتے ہیں اور ابو یوسف ابن حسن اور مالک نے کہا ہے کہ بائیں جانب سے اشعار کیا جائے۔[1]

علامہ بدرالدین عینی حنفی ابن حزم کے جواب میں لکھتے ہیں۔ ابن حزم کا یہ قول جہالت اور قلت حیا کی بنا پر ہے کیونکہ امام طحاوی مذاہب فقہاء کو عموماً اور خصوصاً امام ابوحنیفہ کے مذہب کو سب سے زیادہ جانتے ہیں اور انھوں نے یہ ذکر کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ اصل اشعار کو مکروہ نہیں کہتے اور نہ اس کے سنت ہونے کا انکار کرتے ہیں۔ البتہ اگر اونٹ کے کوہان میں اس طرح چیرا شگاف لگایا جائے جس سے اس کے ذبح ہونے کا وہم ہو تو وہ اس فعل کو مکروہ قرار دیتے ہیں، کیونکہ اگر اناڑی لوگ کوہان کو نیزے سے چیریں تو اس کا مذبوح ہو جائے گا، اس لیے انھوں نے عام لوگوں کو روکنے کے لیے یہ کہا۔ البتہ جو لوگ شگاف لگانے کے طریقہ اور اس کی حد سے واقف ہوں اور صحیح محل کو جانتے ہوں تو ان کے اشعار کو امام ابوحنیفہ مکروہ نہیں کہتے اور زیلعی نے بھی ابوحنیفہ سے اشعار کے مستحسن ہونے کی روایت کی ہے اور یہ روایت زیادہ صحیح ہے۔ باقی رہا ابن حزم کا یہ کہنا کہ ابوحنیفہ وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے اشعار کو مثلہ کہا اور مکروہ قرار دیا، تو ان کا یہ قول بھی فاسد ہے کیونکہ ابن منذر نے ذکر کیا ہے کہ ابراہیم نخعی بھی اشعار کو مکروہ جانتے تھے۔[2]

امام ترمذی اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے کہتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدی کے گلے میں دو جوتوں کا ہار ڈالا اور ذوالحلیفہ میں اس کی دائیں جانب اشعار کیا اور اس سے خون صاف کیا۔ امام ترمذی نے کہا میں نے یوسف بن عیسیٰ سے سنا وہ کہتے ہیں کہ وکیع نے اس حدیث کو بیان کرنے کے بعد کہا اس مسئلہ میں اہل رائے کا قول مت سنو کیونکہ اشعار سنت ہے اور ان کا قول بدعت ہے۔ امام ترمذی نے کہا ابوالسائب بیان کرتے ہیں کہ ہم وکیع کے پاس بیٹھے تھے اتنے میں ایک شخص نے آکر اس سے سوال کیا اس نے کہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشعار کیا ہے اور ابوحنیفہ نے اس سے منع کیا ہے۔ اس شخص نے کہا وہ ہریم کنانی نے روایت کرتے ہیں کہ اشعار مثلہ ہے اس پر وکیع نے غصہ ہو کر کہا میں تم سے کہتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے اور تم کہتے ہو کہ ابوہریم نخعی نے کہا ہے تم اس کے مستحق ہو کہ تم کو قید کر دیا جائے اور تم کو اس وقت تک نہ چھوڑا جائے جب تک کہ تم اپنے قول سے رجوع نہ کر لو۔[3]

علامہ بدرالدین عینی حنفی امام ترمذی کی اس عبارت کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔ طحاوی نے یہ نہیں کہا ہے کہ میں ابوحنیفہ کے سوا اور کسی شخص کو نہیں جانتا جس نے اشعار کو مکروہ کہا ہو اور ان کے صاحبین (امام ابو یوسف و امام محمد) نے ان کی مخالفت کی ہے اور دم بالی حنفی کا اشعار کو سنت کہنا ہے۔

---

[1] ابو محمد علی بن حزم ظاہری متوفی ۴۵۶ھ۔ المحلی ج ۵ ص ۲۰۰ مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، مطبوعہ دار الفکر ۱۳۴۸ھ۔

[2] علامہ بدرالدین عینی حنفی ۸۵۵ھ۔ عمدۃ القاری ج ۱۰ ص ۳۵، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ۔

[3] امام ابوعیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ۔ جامع ترمذی ص ۱۵۲، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی۔

علامہ عینی فرماتے ہیں کہ امام ترمذی نے جو روایت وکیع سے نقل کی ہے اور جو حنفی نے کہا ہے [illegible] اشعار کے مسئلہ میں امام ابوحنیفہ پر تعاقب کرتا ہے اس کے جواب کے لیے وہ بات کافی ہے جو امام [illegible] علامہ عینی لکھتے ہیں کہ جس شخص نے بھی مسئلہ اشعار کا ذکر کیا ہے میں نے اس کی تحریر میں [illegible] اور اس معترض نے اس شخص کا مرتبہ کم کرنے کی کوشش کی ہے جس کا مرتبہ کم کرنا جائز نہیں [illegible] بہت بعید ہے کہ ائمہ اجلہ کے بارے میں ایسی باتیں کریں جو ان کی شان کے لائق نہیں [illegible] فرماتے ہیں کہ میں صرف اس وقت رائے و قیاس سے کام لیتا ہوں جب مجھے کتاب، سنت [illegible] میں کوئی حکم نہیں ملتا اور حضرت ابن عباس و حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مدنی راوی کو افقہ [illegible] کرے یا ذکر کرے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عائشہ و حضرت ابن عباس کے نزدیک [illegible] مستحب ہے۔

علامہ بدرالدین عینی حنفی نے جن روایات کا ذکر کیا وہ یہ ہیں:

عن الاسود عن عائشة انها ارسل [illegible]
بها تشعر يعني بدنة فقلت [illegible]
ان شئت فما تشعر بعدها [illegible]
بدنة۔[1]

اسود بیان کرتے ہیں کہ حضرت [illegible] ہے یہ چیز کیا ہے؟ [illegible] شعار کیا ہے؟ [illegible] اس لیے کہا جاتا ہے کہ [illegible] ہے۔

عن عطاء عن ابن عباس قال [illegible]
شئت فاشعر لها وان شئت
فلا تشعر۔[2]

عطاء بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عباس [illegible]

عن عطاء وعن ابن عباس وابن هرمز [illegible] شعر
لها ان شئت وان شئت فلا تشعر۔[3]

[illegible] اگر چاہو تو [illegible]

حنفی ترمذی کے مصنف کی اس [illegible] سے یہ [illegible] رضی اللہ عنہا، جو کہ حنفی بھائی [illegible] کے نزدیک [illegible] کریں اور نہ کریں سنت یا مستحب نہیں ہے

غور کیجئے کہ جو چیز کہ صحابہ و تابعین کے نزدیک سنت نہیں ہے صرف مباح ہے اور [illegible]

---

[1] [illegible] ۸۵۵ھ عمدۃ القاری ج ۹ ص ۳۹ [illegible] ۳۸۹ء

[2] [illegible] ۲۳۵ھ، المصنف ج ۴ ص ۲ مطبوعہ [illegible] کراچی [illegible]

[3] [illegible] المصنف ج ۴/۱ ص ۶۲ [illegible]

[4] [illegible] المصنف ج ۴/۲ ص ۱۲، مطبوعہ [illegible] کراچی [illegible]

کے محل میں سنت ہونے کا بھی انکار نہیں کیا بلکہ امام مالک کے اشعار سنت کو مکروہ کہا ہے کہ مبادا ان کے انکار کرنے سے وہ شاذ ہو جائے۔ اسی وجہ سے حضرت امام ابوحنیفہ پر انکار سنت اور سنت کو مکروہ اور بدعت کہنے کا مسئلہ کہنے کے اتہامات وارد ہوئے ہیں۔ امام ابوحنیفہ تو نماز صرف عید اور جمعہ میں سے دور سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سے بھی بعید سے ہر نے اس مسئلہ پر رباب نمبر (۲۰) میں بھی گفتگو کی ہے

صرف ہدی روانہ کرنے والے پر احکام احرام میں مذاہب

علامہ بدرالدین عینی حنفی اس روایت کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں [illegible]

[illegible] احرام باندھنے سے پہلے ہدی میں قلادہ (ہار) ڈالنا اور اس میں اشعار کرنا جائز ہے اور قلادہ ڈالنے والے کے احرام کی مشروعیت پر یہ حدیث دلیل ہے علامہ ابن حزم فرماتے ہیں جس شخص نے حج اور عمرہ کے احرام کا ارادہ کیا اور اپنے ساتھ ہدی لے گیا وہ صرف میقات سے اس کے گلے میں قلادہ ڈالے، اسی طرح اس کے لیے بھی مستحب ہے کہ وہ میقات سے احرام باندھے۔ اس طرح جس شخص نے بیت اللہ میں ہدی بھیجنے کا ارادہ کیا وہ حج یا عمرہ کا احرام نہیں کیا اور وہ اپنے شہر میں ٹھہرا اس کے لیے جائز ہے کہ ہدی میں قلادہ ڈالے اور اپنے شہر میں اس میں اشعار کرے اور اس کو روانہ کرے۔ جب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ہدی کو مدینہ پر بھیجا صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ تو تحقیق میں نے روانہ کیا تھا، اور اس کی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اوپر حرام کردہ چیزوں کا حلال ہونے والوں کے لیے انہوں نے کوئی اور چیز کو امام ابوحنیفہ اور مالک امام شافعی امام احمد اور دیگر اہل فنون کا ان مسائل سے دلیل اس حدیث ابن عباس کی قول راوی کا ہے کہ جس نے ہدی روانہ کرنے کے وقت ہدی کے گلے میں قلادہ ڈالے گا اسی وقت سے اس پر احرام جائز ہوگا اور جب تک ہدی ذبح نہ ہو جائے وہ اس پر تمام چیزوں سے اجتناب کرے گا جس سے محرم اجتناب کرتا ہے یہ قول شعبی، نخعی، ابو ثور، محمد بن حسن اور ابن سیرین سنت ابن عباس کی مخالفت کرتے ہیں

بکری کے گلے میں ہار ڈالنے میں مذاہب

[illegible] بکریوں کے گلے میں قلادہ ڈالنا [illegible] روانہ کرتے تھے، حدیث میں ان کی تصریح ہے [illegible] کے گلے میں بھی قلادہ ڈالنا جائز ہے جیسا کہ اس حدیث میں ہے [illegible] کا مسلک یہ ہے کہ بکری کے گلے میں قلادہ ڈالنا غیر مستحب ہے، ان کے نزدیک قلادہ ڈالنا اونٹ کے ساتھ خاص ہے اور جمہور کے نظریہ پر یہ حدیث صریح دلیل ہے [illegible] نے اس حدیث کو اصل میں بکری پر محمول کیا ہے اور یہ حدیث ان کے خلاف حجت ہے

۱۔ [illegible] ج ۳ ص ۳۹، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۱ھ

۲۔ [illegible] ج ۵ ص ۴۲۳ مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۷۵ھ

۳۔ [illegible] ج ۳ ص ۵۴۷، مطبوعہ لاہور ۱۴۰۱ھ

